گریہ اونپر غلبہ کرتا تھا حق سبحانہ تعالیٰ سے سبب اسکا پوچھا حق تعالیٰ نے وحی کی کہ کلمہ کھیعص
کے اسی سے جو گریہ کی معلوم کی سو کہ کاف کنایہ ہے اسم کربلا کا اور ہا سے ہلاکت عترت مراد ہے اور یا سے یزید
علیہ اللعن والعذاب کہ قاتل حسین ہے اور عین سے مراد تشنگی ہے اونکی اور صاد سے صبر اونکا مراد ہے زکریا
بہت سا روئے اور بعد اسکے وہب العطایا سے فرزند کی درخواست کی اور استدعا کی کہ ویسی ہی مصیبت
میں مجھے مبتلا کر جیسا حسین کی بہترین خلق نبی علی مرتضیٰ اور فاطمہ زہرا کو ساتھ مصیبت حسین کی مبتلا
کیا تو نے حق تعالیٰ نے یحییٰ کو پیدا کیا اور مصیبت شہادت اونکی کا زکریا کو چکھایا اور مدت
حمل یحییٰ اور امام حسین چھ مہینے کی تھی اور یہ بھی تحقیق ہے کہ علامہ مرحوم [illegible] سے کہ ہر انسان ستی بات کی مصیبت
کو قبل از وقوع اوسکی کی اور آزردگی کرے اسیطرح کی مصیبت میں ہم بھی غمخوار ہوں چنانچہ اسی وارد ہے
ظاہر ہے اور ازین قبیل اور روایتیں ہیں کہ ذکر کرنا اونکا باعث طول کا ہے اور وہ روایتیں کہ مضمون
انبیاء سلف کا معلوم ہوتا ہے وہ یہہ ہیں چنانچہ مروی ہے ہر کا بندہ آدم علیہ السلام زمین پر آئے طلب
میں حوا کی زمین پھرتے تھے تا آنکہ صحرای کربلا میں عبور کیا اور جسوقت کہ داخل اوس صحرا میں ہوئے
حزن اور اندوہ متوجہ طرف اونکی ہوئے اور ہر گاہ جائے قتل حسین پر پہنچے پاؤں اونکی ٹھوکر ایک سنگ کے
لگی کہ خون اوس سے جاری ہوا پس آدم نے منہ طرف آسمان کی بلند کیا اور عرض کی کہ پروردگارا تمام زمین
میں کیا مجھسے کوئی گناہ ہوا کہ اس زمین میں مجھے یہ [illegible] ہوا کسی زمین میں نہیں پہنچا حق تعالیٰ نے وحی کی
اس زمین میں فرزند تیرا حسین شہید ہوگا جانا میں کہ تمھی اندوہ ہوا اور اذیت اوسکی میں شریک ہو اور
خون تیرا ساتھ خون اوسکی کی شریک ہوا آدم نے عرض کی کہ خداوندا کشندہ اوسکا کون ہے حکم ہوا
کہ کشندہ اوسکا یزید ملعون ہے کہ اہل زمین اور آسمان اوسپر لعنت کرتے ہیں پس آدم نے یزید پر

لعنت کی اور روانہ ہوئے اور حضرت نوح علی نبینا وعلیہ السلام ہر گاہ کہ کشتی پر سوار
ہوئے اور کشتی کربلا میں پہنچی کشتی تلاطم امواج سے مشرف بغرق ہوئی اور نہایت خوفناک ہوئے اور جناب
احدیت میں عرض کی کہ کسی زمین میں اسطرح کا الم مجھے نہیں پہنچا ہے جو اس زمین میں پہنچا جبرئیل
نازل ہوئے اور کہا کہ اے نوح یہہ وہ جگہ ہے کہ فرزند خاتم المرسلین اور فرزند بہترین اوصیا شہید
ہوگا نوح نے عرض کی کہ پروردگارا کشندہ اوسکا کون ہے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ یزید لعین ہے کہ اہل آسمان
اور زمین اوسپر لعنت کرتے ہیں پس نوح نے اوسپر لعنت کی تا آنکہ کشتی غرق ہونے سے بچی اور کوہ جودی
ٹھہری اور حضرت ابراہیم نے ٹھوکر کھائی اور حضرت ابراہیم گرے اور سر مبارک اونکا بسبب صدمہ کے زخمی ہوا
اور خون جاری ہوا اور وہ حضرت استغفار کرنے لگے اور جناب احدیت میں عرض کی کہ مجھسے کیا گناہ سرزد
ہوا ہے کہ لائق اس عقاب اور تاوان کے ہوا ہوں پس جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ اے ابراہیم کوئی گناہ تجھسے صادر
نہیں ہوا ہے لیکن یہہ ایک وہ جگہ ہے کہ نور دیدہ محمد مصطفیٰ اور فرزند دلبند علی مرتضیٰ علیہم السلام
اس زمین میں شہید ہوگا خدا نے چاہا کہ تو بھی اس الم میں موافقت اوسکی کرے اور خون تیرا بھی اس زمین
میں گرے اتنے میں ابراہیم نے کہا کہ اے جبرئیل کون شخص قاتل اوسکا ہے جبرئیل نے کہا کہ وہ یزید ملعون ہے کہ اہل آسمان
اور زمین اوسپر لعنت کرتے ہیں پس ابراہیم نے ہاتھ اوٹھایا اور اوس ملعون پر لعن کی اور بقدرت
حق تعالیٰ اسپ اور خضر نے بھی لعن میں ساتھ اونکے موافقت کی تا تھا اور آمین کہا تھا ابراہیم کو اس سے حظ حاصل ہوا
کہ تو کیوں آمین کہتا ہے عرض کی اوس نے کہ اس جہت سے کہ بسبب اوسکی کی تجھے زمین پر گرایا اور تجھی صدمہ
پہنچے ہیں اور ازین قبیل اور انبیا کی بھی روایات کتابوں میں منقول ہیں مخفی نہیں کہ عظمت اور
اس مصیبت کے ایسی ہے کہ کسی پر مخفی نہیں ہے چنانچہ علامہ تفتازانی کہ از مشاہیر علمای اہل سنت
سے ہے شرح مقاصد میں لکھتا ہے لیکن وہ خبر کہ جاری ہوئی ہے بعد اونکی اور اہلبیت نبی صلی اللہ علیہ

چنانچہ حضرت یعقوب کو اسی جہت سی تہی یعنی بعض ضامندی ضلال مبین اور عمل مرتبہ
اسکا انحراف مقتضای عقل و دین ہی اور بسبب ہونا محبت کا بنا بر مفاسد و مضرت کی کہیں
والا حکمۃ جدال کرنا جہاد مین اور شہید ہونا شہید کا عبرائی بنی آدم کی واسطی محبت اور ترغیب کا
باعث ہوتا ہی اور یہی ممکن ہی جو اب اسکا اسطرح سی ممکن ہی کہ اون پیغمبرون کو بوجہ غیر معلوم
ہوا ہو کچھ محبت کرنا ممنوع نہین ہی اور یہی کہان سی معلوم ہوا الکرہ محبت یوسف سی
یہہ مفاسد ہونی چنانچہ قبل اس مفاسد کی کا ہی اونکو جانب بالغرض [illegible] ہی تہی کہ بنا بر وسائل کی
مبتلا ہی بلا ہو کا پس درحقیقت باعث اس مفاسد کا [illegible] وسائل ہوئی کہ محبت اونکی واسطی [illegible]
اور دوسری اشکال یہہ ہی باوجود فرمانی پدر شفیق نبی کی لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ کسطرح
فرمانی یوسف کی اور یہہ آیہ دال ہی مسلک اہل سنت وجماعت پر کہ انبیا سی خطا ہو
ہی جواب اسکا یہہ ہی ہر گاہ بادلہ قطعیہ عقلیہ ونقلیہ عصمت انبیا ثابت ہی لہذا معنی اس آیت کی
تاویل مین اور تاویل انکی بعد ذکر دلیل و تین دلیہ عصمت کی مرقوم ہوتی ہی فاما اسکا تمام ہوا
نفع اسکا عام دلیل اول یہہ ہی بدرستیکہ واجب ہی کہ نبی منصوص علیہ جانب خدا سی ہو
جو کہ معصوم ہی علیہ اوسکی طرف سی ہو واجب ہی کہ معصوم ہو اسواسطی کہ اگر بالفرض کوئی شخص [illegible]
کہ ایک شخص معصوم سی [illegible] اختیار امام کیا جاتا ہو پس بالضرورت شخص اوسیکو واسطی
امامت کی اختیار کریگا اور ہر گاہ کہ عصمت امور باطنی سی ہو اور علم اوسکا انسان کو متعذر بلکہ
متعذر ہی لہذا بنا بر حکمت حکیم علی الاطلاق کی بطریق اولی واجب ہو کا نبی معصوم کو [illegible]
اور دلیل دوسری یہہ ہی کہ وجوب بعثت نبی اسواسطی ہی ہر گاہ کہ انسان سی خطا جایز ہی لہذا
واجب ہی کہ ایک رئیس ایسا ہو کہ جسکی ہونی سی خطائی ورہون نسبت ہونی وسکی کی اونکا [illegible]

وہ بھی معصوم نہو پس لازم ہی کہ اوسکی واسطی ایک دوسرا رئیس ہو اور اسیطرح سی الی غیر النہایۃ تسلسل لازم آتا ہے
اور یہہ باطل ہو ایسی ہی مقام مین اور یہی بہت دلیل ہی دلی تغیر عصمت ائمہ پر بہی دلالت کرتی ہین
کما لا یخفی علی اللبیب اور بعضون کا شبہہ اسطرح سی کیا ہی کہ در صورت اعتبار عدالت تسلسل لازم نہ آوی
اما جواب اس شبہہ کا یہہ ہی کہ عادل سی جواز خطا اور صدور گناہ ممکن ہی بلکہ ہو سکتا ہی کہ عادل
کبہی فاسق ہو جاوی اور فاسق کبہی عادل ہو جاوی اور ایک شبہہ اور یہی کہ کون لیا ہی اور وہ [illegible]
ہر گاہ کہ نبی کا بہیجنا واسطی دور ہونی خطا کی ہی پس ضرور ہی کہ ہر شہر اور دیار مین ایک نبی [illegible]
دوری خطا سی ہو کی نسبت ایک نبی ہونی کی اور جواب اسکا یہ ہی کہ اس صورت مین تو انبیا کی [illegible]
ہی اور متعدد ہونی ہر نبی کی اطاعت وہ کہ دوسری سی انکار کریگی اور معاملات وغیرہ [illegible]
ہوگی اور اسمین فساد ہو گا اور یہی بہیجنا ہر نبی کا شہرون مخصوص کو باوجود مساوی ہونی سب [illegible]
ترجیح بلا مرجح لازم آتی ہی اور یہی اگر اسی وقت عقل کی جاوی پس کسواسطی یہہ شبہہ کیا جاوی کہ
جمیع [illegible] معصوم ہون اور اگر بالفرض کسی وقت مین ضرورت تعدد انبیا ہوا ہی کہان سی معلوم
کہ احد ہما محکوم فرمان دیگر نہ تہا فافہم اور تیسری دلیل یہہ ہی کہ حق تعالی فرماتا ہی أَطِيعُوا اللّٰهَ
وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ یعنی قرین کرنا اطاعت رسول کو اطاعت اپنی سی معلوم ہوتا ہی کہ جمیع امور مین
اطاعت رسول کی مثل اطاعت خدا واجب ہی اور یہہ محال ہی کہ حق تعالی حکم کری کہ تم معاصی اور
خطا مین بہی اطاعت رسول کرو خصوصا اوس صورت مین کہ ارسال نبی معصوم اوسکی حیطہ قدرت مین
ہو اور بعد اترجیح بلا مرجح ارسال نبی غیر معصوم مین لازم آتی ہی اور سوای اسکی اور
ادلہ قاطعہ مین کہ جن سی عصمت انبیا اور ائمہ معلوم ہوتی ہی خوف طول کی مرقوم نہ ہوئین اب آیات
بیان کی جاتی ہی پس جانا چاہی کہ وہ جو ہی کہ لَا تَقْصُصْ سی معلوم ہوتی ہی نہی تنزیہی ہی کہ وہ [illegible]

اور خلاف نہی تنزیہی حرام نہیں ہی اور قرینہ نہی تنزیہی کا یہہ ہی کہ علت اُسکی کید اوران کی
ور اگر تاویل اسکے گنجی این شاقات اسکی ساتھہ آیہ اسی سورہ مین لازم آتی ہی اور وہ آیہ یہہ ہی کہ
وَاِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِیْنَ اور دوسرا یہہ ہی کہ وَكَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ
السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ اور بھی اخذ و تواتر سی عصمت حضرت یوسف کی ثابت
ہوتی ہی قولہ تعالیٰ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ نعمت سے مراد یا نعمت نبا ہی اور یا نعمت نبوت ہی خیانہ نقایہ
و دونو فرقی مین مرقوم مین لیکن بنا بر خطا برادران یوسف کی انبیا ہونا آل یعقوب کا مشکل ہی اور تاویل
اسکی یہہ ہی کہ مراد آل یعقوب سے وہ فرزندہای یعقوب ہون کہ جنسی خطا سرزد نہوی ہو اور اکثر
مفسرین کا اعتقاد یہہ ہی کہ برادران یوسف انبیا تہی لیکن یہہ اعتقاد قریب بصواب نہیں ہی اور سید مرتضی
رضی اللہ عنہ نی فرمایا ہی کہ کوئی دلیل قائم اسپر نہیں ہوئی ہی کہ برادران یوسف جانتی تہی کہ انبیا ہون باوجود
ارتکاب اس عمل قبیح کی اور ابن بابویہ رضی اللہ عنہ کی کتاب معتمد ابن سدیر سی روایت کی گئی ہی
کہا کہ مینی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی استفسار کیا کہ اولاد یعقوب انبیا تہی یا نہ حضرت نی فرمایا
انبیا نہ تہی بلکہ اولاد نبی تہی اور جملہ سعدا سی تہی اور عمل قبیح انہی سی تہ یہ کیا تہا اور تفسیر عیاشی مین
صالح کل سی منقول ہی کہ عرض کی مینی خدمت ابی عبد اللہ علیہ السلام مین کہ آیا انبیا تہی اولاد یعقوب
فرمایا کہ نہیں اور فرمایا اتقیا اور ابرار بہی محسوب تہی اور کیونکر محسوب ہو حال انکہ کہا انہون نی واسطی
کہ تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ اور سلیمان بن عبد اللہ طلحی سی روایت کی گئی ہی کہ مینی عرض کی
خدمت ابی عبد اللہ علیہ السلام مین کیا حال تہا فرزندان یعقوب کا آیا خارج ہوی تہی ایمان سی کہا کہ آری کہ تو
کہتا ہی کہ مینی عرض کی خدمت حضرت مین بس کیا کہتی ہین آپ بیچ حق آدم کی فرمایا حضرت نی کہ ترک کر اُنکو
کو ہکذا فی مجمع البیان وغیرہ اور ظاہر نزدیک مترجم کی یہہ ہی کہ قول بہتر ہوئی برادران یوسف کا نہایت

نہایت بعید ہی خصوصا بنا بر مسلک امامیہ کی کہ وہ عصمت انبیا و ائمہ کی قائل ہین ہر چند کہ ترک اولی کو
انکی انبیا سی متصور ہی لیکن ترک اولی امور مباح مین ممکن ہی نہ کہ معاصی مین اور اسکی دلیلین قبل مین گذرچکی
وجوہ بعد قائل ہونی نبوت برادران یوسف سی کہ مرقوم ہوتی مین ظاہر ہوتا ہی اور وہ چند وجوہ ہین
اول یہہ ہی کہ عدم الطغیان حد الانبیا آخر تک لازم آتا ہی اور یہہ مشکل ہی خصوصا جس وقت کہ وہ دونون
پدر اور فرزند ہون اسواسطی کہ وہ دونو ہر حال ایک دوسری سی نزدیک آگاہ ہوتی تفصیل اسکی یہہ ہی کہ فرمایا
یعقوب کا یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ عَلٰٓی اِخْوَتِكَ فَیَكِیْدُوْا لَكَ كَیْدًا دال ہی اسپر کہ
پدر کو سوء ظن اپنی اولاد سی حق یوسف مین تہا پس یہہ قرینہ ہی کہ اولاد نبی کو سواء یوسف کے
انبیا نہ جانتی تہی اور وجہ دوسری یہہ ہی کہ کہنا اس کلمہ کا کہ اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ
ایسی پدر بزرگوار کی حق مین کہ وہ یقینا محسوب ازجملہ انبیا تہی ساتہہ قول محبت برادران یوسف کی جمیع
ہوتا بلکہ منافی ابرار ہونی کا بہی ہی اور وجہ تیسری یہہ ہی کہ حسد برادران یوسف معلوم ہوتا ہی اور انبیا حسد
سے مبرا ہوتی ہین اور وجہ چوتہی یہہ ہی کہ کہنا برادران یوسف کا اُقْتُلُوْا یُوْسُفَ باوجود جمیع نبیوں کی
کہ بہی محال ہی کیونکہ بی سابقہ جرم کی کہ موجب قتل ہو حکم اسکی قتل کا کرنی خصوصا اور صرف کہ وہ معصوم
ازجملہ انبیا ہو اور وجہ پانچوین یہہ ہی کہ کہنی لَا تَاْمَنَّا عَلٰی یُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ سی
اور کید معلوم ہوتا ہی اور انبیا کذب اور کید سی مبرا ہوتی ہین اور وجہ چہٹی یہہ ہی کہ کہنی اَرْسِلْهُ مَعَنَا
غَدًا یَّرْتَعْ وَیَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ سی خلف وعدہ ثابت ہوتا ہی کہ انہون نی خلف وعدہ
کیا بلکہ ایذا اوسکو پہنچائی اور وجہ ساتوین یہہ ہی کہ خبر دینی حق تعالی وَجَآءُوْ عَلٰی قَمِیْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ
انبیا کو لازم آتی ہی اور وجہ آٹہوین یہہ ہی کہ شروہ بثمن بخس سی معلوم ہوتا ہی کہ یوسف کو عوض بیع
مین لائی اور بیع آزاد کی درست نہیں ہی خصوصا جس وقت مین کہ اولاد نبی سی ہو اور وجہ نوین یہہ

وراں حق تعالی سی کذلک لنصرف عنه السوء والفحشاء معلوم ہوتا ہی کہ حق تعالی نی
حضرت یوسف سی تصریف بدی اور فحشا کی پس اگر ارادہ ان یوسف بھی ایسا ہوتی کہ اونسی تصرف
اور فحشا کرنا والا ترجیح بلا مرجح لازم آتی ہی اور وجہ دسوین یہہ ہی کہ فرمایا حق تعالی کا انه من
عبادنا المخلصین حق یوسف میں ورنہ کہنا حق اوراں بکر میں اس سی معلوم ہوتا ہی کہ ارادہ بد یوسف نی نہ کیا

لقد کان فی یوسف واخوته آیات للسائلین ○
البتہ تھا بیچ یوسف کے اور بھائیوں اونکی کی نشانیاں واسطی سائلین کے

اذ قالوا لیوسف واخوه احب الی ابینا منا ونحن عصبة
جبکہ کہا اونہوں نے البتہ یوسف اور بھائی اوسکا دوست تر ہی طرف باپ ہمارے کی ہمسی حال آنکہ ہم قوت دار ہیں

ان ابانا لفی ضلال مبین ○ اقتلوا یوسف او اطرحوه ارضا
تحقیق باپ ہمارا البتہ بیچ خطا ظاہر کی ہی قتل کرو یوسف کو یا ڈالو اوسکو بیچ زمین کے

یخل لکم وجه ابیکم وتکونوا من بعده قوما صالحین ○
خالی رہی واسطی تمہارے روی پدر تمہارے کا اور ہو تم بعد یوسف کی گروہ شائستگان

قال قائل منهم لا تقتلوا یوسف والقوه فی غیابت الجب
کہا بولنے والی اونمیں سے نہ قتل کرو تم یوسف کو اور ڈالو تم اوسکو بیچ قعر چاہ کے

یلتقطه بعض السیارة ان کنتم فاعلین ○ قالوا
اٹھا لیوے اوسکو بعضے گذرنی والی راہ کی اگر ہو تم کرنے والے کہا اونہوں نے

یا ابانا ما لک لا تامنا علی یوسف وانا له لناصحون ○ ارسله
اے باپ ہمارے کیا ہی واسطی تیری کہ نہیں اعتبار کرتا ہمارا اوپر یوسف کی حالانکہ ہم واسطی اوسکی البتہ خیرخواہ ہیں بھیج تو اوسکو

معنا غدا یرتع ویلعب وانا له لحافظون ○ قال انی لیحزننی ان
ساتھ ہمارے کل کی چرے اور کھیلے اور ہم واسطی اوسکی البتہ نگہبان ہیں کہا یعقوب نے تحقیق مجھکو غمگین کرتا ہی یہہ کہ

تذهبوا به واخاف ان یاکله الذئب وانتم عنه
لیجاؤ تم اوسکو واسطی مفارقت کی اور ڈرتا ہوں میں اس بات سے کہ کہا جاوی اوسکو بھیڑیا اور تم اوس سے

غافلون ○ قالوا لئن اکله الذئب ونحن عصبة انا اذا
بیخبر ہو کہا اونہوں نے کہ اگر کہا جاوی اوسکو بھیڑیا اور حال آنکہ ہم قوت دار ہیں تحقیق ہم اوسوقت

لخاسرون ○ فلما ذهبوا به واجمعوا ان یجعلوه فی غیابت
زیان کار ہونگی پس جبکہ لی گئی یوسف کو اور متفق ہوی وہ یہہ کہ ڈالیں اوسکو بیچ قعر

الجب واوحینا الیه لتنبئنهم بامرهم هذا وهم لا یشعرون ○
کوئیں کی اور وحی کی ہمنی طرف یوسف کی البتہ آگاہ کریگا تو اونکو اس کام اونکی سی حال آنکہ وہ نہیں جانتی

وجاءوا اباهم عشاء یبکون ○ قالوا یا ابانا انا ذهبنا
اور آئی نزدیک باپ اپنی کی وقت عشا کی روتی تھی کہا اونہوں نے اے باپ ہمارے تحقیق ہم گئی تھی

نستبق وترکنا یوسف عند متاعنا فاکله الذئب وما
آگی پیچھی دوڑتی تھی اور چھوڑ گئی ہم یوسف کو نزدیک متاع اپنی کی پس کہا لیا اوسکو بھیڑیے نے اور نہیں ہی

انت بمؤمن لنا ولو کنا صادقین ○ وجاءوا علی قمیصه بدم
تو باور کرنیوالا واسطی ہمارے اگرچہ ہیں ہم راست گو اور لائی اوپر کرتی اوسکی کی لہو

کذب قال بل سولت لکم انفسکم امرا فصبر جمیل والله
جھوٹا کہا یعقوب نے بلکہ آراستہ کیا واسطی تمہارے نفسوں تمہاری نی ایک کام بزرگ کو پس صبر نیک ہی اور اللہ

ثلثه

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝ وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوْا

مدد چاہی جاتی ہی اوپر اوس چیز کی کہ بیان کرتی ہو تم اور آیا ایک کاروان پس بھیجا اونہوں نے

وَارِدَهُمْ فَأَدْلٰى دَلْوَهٗ قَالَ يَا بُشْرٰى هٰذَا غُلَامٌ وَأَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً

پانی لانی والا اپنی کو پس ڈالا اوسنی ڈول اپنی کہا اوس شخص نی یہہ بشارت ہی کہ یہہ ہی ایک لڑکا اور چھپایا اوسکو واسطی تجارت کے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ

اور خدا دانا ہے ساتھ اوس چیز کی کہ عمل کرتی تہی اور بیچا برادران اوسکی نی ساتھ قیمت کم کی کہ درم چند تہین

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ۝ ع

اور تہی وہ برادران حق یوسف مین عدم رغبت کرنے والون سے

قولہ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ الخ منقول ہی کہ برادران یوسف گیارہ تہی بن یامین تہی

وہ برادر عینی یوسف کی تہی اور باقی علاتی تہی اور روایت مین آیا ہی کہ حق تعالی نی چہار حصہ حسن یوسف کو

عطا کیا تہا اور دو حصہ مین سب خلائق شریک تہی ابو سعید خدری نی پیغمبر خدا سی روایت کی ہی کہ حضرت

فرماتی تہی کہ شب معراج آسمان پر دیکہا مینی یوسف کو کہ نہایت حسن و لطافت رکہتی ہین متعجب ہوکر

اوپوچہا مینی کہ یہہ کون ہین کہا مینی کہ یوسف ہین اصحاب و نی حضرت سی سوال کیا کہ یوسف کو

کس طرح سی دیکہا آپ نی فرمایا کہ مثل شب چاردہ کی درمیان ستارونکی اور کہا احبار روایت کی ہی کہ حق تعالی

نی صورت سب پیغمبرونکی آدم کو دکہلائی ہرگاہ کہ طبقہ ششم آسمان مین حضرت کو دیکہا کہ تاج وقار سر پر رکہی تہی

اور لباس بادشاہی پہنی ہوی اور ردای کرامت دوش پر رکہی تہی اور دست راست اونکی سر پر از فرشتہ استادہ

اور علی ہذا القیاس سب جب کو ہی اور سب آواز تسبیح و تہلیل مین مشغول تہی اور آگی اونکی ایک درخت سرا تہا

کہ اوسکو درخت سعادت کہتی تہی اور جس وقت کہ وہ چلتی تہی وہ درخت اونکی ساتہہ حرکت کرتا تہا آدم نی

آدم نی عرض کی کہ بار خدایا یہہ کون ہی نداہوئی کہ ایک شخص ہی فرزندان تیری کی جمیع مردم حسد

اوسکا کرینگی بجہت حسن کی کہ مین اوسکو عطا کرونگا آدم نی پوچہا کہ بار خدایا کیا چیز دیکہاتو فرمایا کہ حسن بسیار

وہ نکالین آدم نی معانقہ کیا اونسی اور بوسہ اونکی چشم پر دیا اور فرمایا حضرت آدم نی کہ لا تأسف

يَا بُنَيَّ وَأَنْتَ يُوْسُفُ یعنی اور وہ مکر توای فرزند میری کہ تو یوسف ہی پس اول جس شخص کی

یوسف نام رکہا آدم تہی اور خبر مین ہی کہ آدم علیہ السلام اول خلقت مین مثل جمال صورت یوسف کے

تہی ہرگاہ کہ گندم کو تناول کیا حسن و نور اونسی زائل ہوا اور حق تعالی نی وہ یوسف کو دیا اور منقول

ہی کہ شب تار روشنی اونکی سی مثل روز روشن کی ہوتی تہی اور کہونگروالی بال تہی اور فراخ چشم تہی اور ابرو

کہ تہی اور باریک بینی تہی اور دانت چہوٹی تہی اور داہنی رخساری پر ایک خال سیاہ تہا اور درمیان

دو چشم کی ایک علامت نورانی تہی مثل ماہ تاباں کی ہر کاملہ ہنستی تہی نور اونکی دندان سی چمکتا تہا کہ در و دیوار

کو روشن کر دیتا تہا اور لطافت اندام اسطرح پر تہا ہر گاہ کہ میوی کہاتی تہی جلد سی معلوم ہوتی تہی القصہ ہرگاہ کہ

یوسف نی خواب کو اپنی باپ سی بیان کیا اور وہ ہوئی بہائیونکی حکم کیا اور اتمام نعمت کی خبری اور ہرگاہ کہ آب انکو

اظہار کیا اور کہ جسقدر اونکی حرکت مین آئی اور تدبیر اونکی مین کی اور سعی کی اسطرح کی حق تعالی نی فرمایا وَإِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ

وَأَخُوْهُ قولہ قَالُوْا يَا أَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا مروی ہی کہ ہر روز یعقوب کچہہ کہانا پکایا تہا اور ہمسایہ

مین اونکی ایک درویش تہا کہ بوی طعام اوس تک پہنچی اور اوسکو اوس طعام سی باحصہ نہ کیا اسی سبب

ہرگاہ اوس درویش کو طعام سی محروم کیا تو نی اس ساتہہ بلا میری کی اسی اوسی انکو یوسف نی خواب دیکہا

دیکہا القصہ برادران یوسف ویک روز رکو اپنی کی آئی اور عرض کی کہ فصل بہار ہی اور زمین

سبز کیا قباحت ہی کہ اگر یوسف کو ہماری ساتہہ صحرا کو بہیجو تم یعقوب نی فرمایا کہ مین نی بہار

رخسار یوسف مثل بلبل خزان دیدہ ہون کار وار کہو کہ تم سیر گلعذار مین ہو اور مین خار ہجر یوسف مین گرفتار

جون فرزندان یعقوب اوس اونکی سی محروم ہوئی اور نزدیک یوسف کے آئی اور اونکو با فراخ حال غریب کی
اور بدحال پایا لیکن جبکہ موسم گل و سنبل وزہ ہی غنیمت جانا چاہی بعد اسکی ایام خزان پونہچی
ہرگاہکہ نام تماشا سنا خاطر مبارک اونکی متوجہ تماشا ہوئی اور ہمراہ برادران اپنی رخصت کی خدمت
پدر بزرگوار مین آئی اور اجازت چاہی اوسوقت یعقوب متفکر ہوا اور کہا برادران یوسف نی یا ابانا ما لک
بکذا فی بعض التفاسیر لیکن بر روایت صحیح معتبر کی اسطرحسی مسطور ہی ابو حمزہ روایت کرتا ہی کہ روز
جمعہ مسجد مدینہ مین نماز صبح ہمراہ امام زین العابدین کی بجا لایا مین ہرگاہ نماز اور تعقیبات سے فارغ ہوئی
دولتخانہ اپنی کو تشریف لی گئی اور مین ہمراہ اونحضرت کی تہا بعد اسکی اونحضرت نے طلب کیا ایک
کنیزک اپنی کو کہ نام اوسکا سکینہ تہا فرمایا کہ جو سائل دروازہ میری سی گذری اوسکو کہانا دینا کہ آجکا دن روز جمعہ
کا ہی مین عرض کی کہ اسطرحسی نہین ہی کہ ہر سوال کنندہ مستحق ہو فرمایا ایسا نہ ہو [illegible] کرتا ہون کہ بعض
سوال کنندہ مستحق ہی [illegible] اوسکو کہانا نہ دون [illegible] نازل ہووی جیسا کہ نازل ہوئی یعقوب اور آل یعقوب پر
بالعام یا جانا ہی [illegible] یعقوب ہر روز ایک گوسفند ذبح کرتی تہی اور تصدق کرتی تہی بعضو کو
مصرف سائلین مین لاتی تہی اور بعض مصرف عیال مین پس ایک شب جمعہ کو ہنگام افطار ایک سائل
روزہ دار مسافر غریب کہ نزدیک خدا کی منزلت عظیم رکہتا تہا در یعقوب پر آیا اور ندا کی کہ طعام دو اور
یہ سنتی تہی اور چند بار ندا کی [illegible] ناامید ہو کر گروہ پہرا اور کہا اوسنی کہ انا
للہ وانا الیہ راجعون رویا اور گرسنہ سو رہا روز دیگر روزہ رکہا اور گرسنگی پر صبر کیا اور حمد
خدا بجا لایا تہا یعقوب اور اونکی آل سب شکم سیر سو رہی ہرگاہکہ صبح طالع ہوئی دیکہ اونکی پاس وہی
طعام شب کی باقی رہ گئی تہی بعد اسکی وحی کی حق تعالی نی طرف یعقوب کی اوسوقت کہ ای یعقوب میری بندہ کو
ذلیل کیا تو نی بندہ میریکو ساتہ ایسی ذلت کی کہ سبب اوسکی مستحق تادیب و غضب میرے کا ہوا تو یعقوب و آل

ابتلا میری کی تجہ اور فرزندان تیری پر نازل ہوگی ای یعقوب [illegible] پیشتر محبوب تر بین پیغمبران اور گرامی
تر بین پیغمبرانکا نزدیک میری وہ شخص ہی کہ رحم کری مساکین و بیچارگان پر اور کان میر کہلاوی اونکو نزدیک
کری اور کہانا دی ای یعقوب تو رحم نہ کیا تو نی بندہ میری کو کہ عابد تہا اور قانع با ذرک طعام حلال دنیا
تہا تو ای یعقوب اور فرزندان تمہی سیر ہو کر سو رہی حال آنکہ زیادتی طعام کی نزدیک تمہی تہی ای یعقوب
ابتلا ساتہہ دوستون میری کی نزدیکتر ہی دشمنون سی بعزت خود قسم کہاتا ہون مین کہ نازل کرونگا مین طرف
تیری بلا اپنی کو پس مہیا ساتہہ بلا پر کی رہ ابو حمزہ ناقل ہی کہا کہ فدا ہون مین آپ پر کس وقت مین
یوسف نی خواب دیکہا تہا فرمایا کہ اوسی شب کو کہ یعقوب اور آل یعقوب سیر ہو کر سو رہی تہی قولہ تعالی
قالوا لئن اکلہ الذئب ونحن عصبۃ الخ ہرگاہ یعقوب نی مبالغہ فرزندان کا جانا اور ہم خوش
یوسف و اوسطی سیر کی باغ [illegible] یوسف کہا و بقضای قضای الہی راضی ہو کر فرمایا کہ یوسف کو غسل و
اور بالون مین شانہ کرکی خوشبو لگائی تہی اور وہ پیراہن حضرت ابراہیم کا تہا کہ جبرئیل بہشت سی لائی تہی
اور بوقت ڈالنی اونکی آگ مین پہنایا تہا اور بمیراث یعقوب کو پہنچا تہا پہنایا اور اونکو بازو کی ساتہ
کردیا اور فرمایا کہ لیجاؤ اوسی شجرۃ الوداع کی شہر سی تک کہ مین تمہاری ساتہ آؤن اور شجرۃ الوداع ایک
درخت تہا جو کوئی کہ سفر کو جاتا تہا ہمراہیان و متعلقہ اوسکو وداع کرتی تہی فرزندان جب اپنی ساتہ کے
بجالائی پس یعقوب نی عمامہ شتعیہ سر پر رکہا اور کمر باندہی اور عصا ہاتہ مین لیکر روانہ ہوئی اور کنعان
یعقوب کا خلاف معمول تہا المختصر کہ دیکہتا تہا تعجب کرتا تہا ہرگاہکہ یعقوب نزدیک فرزندان اونکی و اوسطی تعظیم
کی اوٹہی اور قدم بوسی کی پر یعقوب نی یوسف کو گلی لگایا اور فرزندان پر کہا کہ اس پسر کی بوے
[illegible] کی سونگہتا ہون [illegible] اونکی مطلق [illegible] بعد اسکی کہا کہ [illegible] حسد و بے
[illegible] دستار [illegible] تمکو [illegible] سوار کرتا اور لیجاتا اور پہر الانا مین لیکن بیجا

ضعیف و نحیف ہی اور منتظر دیدار فرزند ہی یکایک نہار شب تک جنگل مین رہو اور دل مرا حزن
فراق خراش مجھو بس کر آجکی شب صحرا مین رہیگا تو خوف جلادینی آتش فراق کا ہی یوسف جھکی
واسطی چومنی قدم باپ کی کی یعقوب نی سر مبارک اونکا اوٹھایا اور پیشانی نورانی پر بوسہ دیا اور
کہا کہ ای قرۃ العین کی ایک ساعت میری گود مین بیٹھ تو کون جانی کہ کل تقدیر ہماری کیا ہی کچھ
تجھی چار وصیت کرتا ہون کہ ان چارونکو خاطر اپنی سی فراموش کرنا اول یہہ ہی کہ خدا کو کبھی
فراموش کرنا آتو دوسری ہر بلا مین توکل بفضل خدا کرنا اور تیسری حَسْبِیَ اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْل
بہت سا پڑہنا کہ اس کلمہ نی جد تیری ابراہیم خلیل کو آتش سی نجات دی ہی اور وصیت آخر یہہ ہی کہ مجکو فراموش
نکرنا کہ مین تجکو فراموش نکرونگا مخفی نہ ہی کہ یوسف کی ایک بہن تہین کہ نام اونکا دنیا تہا وقت انکی
کی سونی نہین کا وہ خواب مین دیکھا کہ دس بہیڑیی یوسف کو کنارہ پر سی لیجاتی مین نہ جواب وحشت اوٹھکر
اوٹھین اور پوچھا کہ یوسف کہان ہی تب کون نی کہا کہ ساتھ بہائیون کی صحرا کو گئی کہا کہ باپ نی اجازت دی
کہا لوگون نی کہ ہان اجازت دی کہا وا مصیبتا کہ زمانہ بیوفا اور روزگار پر جفا نی ہماری تئین
مفارقت وی یوسف مین گرفتار کیا اور وہ حیران ہوئی کا دل مین بیتی لایا پس تعجیل تمام سنہ طرف روانہ کیا
بہی وقت تجہیز و الوداع کی پہنچین کہا کہ یعقوب یوسف سی گفتگو کرتی مین دیکہ آئین اور پای یوسف پر گرکر
اور تعنہ دیا کہ ان یوسف ہمین چہوڑ الا اور کہا ای اور بہائی ایسا معلوم کرا اور کنیز ان اپنی سی جان تو مجھی بہی
ساتھ لیجا جہان کہین تو قدم رکہی تو گرد خاک اوس جگہہ کی مژگان سی جہاڑو کی مین اور جس وقت کہ پانی ہوگی
لہری ہوکر دو نو ہاتھ پہ کاسہ کی رکہونگی اور اگر احتیاج کہانا کہانی کی ہوگی تو لکڑیان چن کر کہانا پکاونگی
مین ای خورشید فلک خوبی اور گوہر صدف یعقوبی اگر ہمراہ مجہی لیجاتی ہرگز دل اس طرح کو درد فراق سی
مبتلا کری تو اور جگر اس ضعیفہ کو ساتھ آگ کی نہ جلادی تو اور زیادہ ایک شب سی ہو وہ فراق جلتا

کر یہ و فغان تا بتوسی ونی لگی پس یعقوب نی یوسف کو گود مین لیا روتی ہوئی آواز الفراق کی یوسف
بالکہ روتی دیکہا قطرات اشک کی رسانی گلی اوسکی بہاتی ہیں پدر بزرگوار بیٹے ونی تمہاری کا کیا ہی اور یہ
اضطراب و بیقراری اور بیتابی کس واسطی ہی کہا ای ثمرہ دیدہ میری تمہاری جانکی ہی کی مجکی میری غمگین
پہنچتی ہی نہین جانتا مین کہ انجام کار کیا ہوگا مجکو فراموش کرنا کہ مین ہمیشہ تیری خیال مین ہونگا بعد
یوسف نی اپنی باپ کی ہاتھ کو بوسہ دیا اور اپنی بہن کو رخصت کیا پس باپ فرزند و نکو یعقوب علیہ السلام
نی واسطی محافظت یوسف کی تاکید بہت فرمائی بہائیون نی یوسف کو کندہی پر چڑہا لی شہر طرف
کیا یعقوب نی آواز دی کہ مین اسجگہہ سی شہر کو نہ جاونگا جب تک تم لوگ پہر وکی پہر کہا کہ آہستہ جاو اور
نظر میری سی غائب نہو مطابق کہنی کی آہستہ جاتی تہی اور یعقوب دیکہتی تہی مرکا یکہ وقت کہ نظر یعقوب سی غائب
ہون یعقوب نی ایک آہ ماری اور کہا کہ ای فرزندان میری یوسف کو پہیر لاو تا ایکبار و یکر دیکہون یوسف
وہانکی یوسف کو پہیر لائی یعقوب نی انکو گلی لگایا اور فرمایا کہ میری جی مین فراق کی ہی جو ہوتی جاتی
یوسف نی پدر بزرگوار کو تسلی دیکر وداع کیا اور متوجہ راہ ہوئی اور یعقوب نی باسوز تمام محبت کی مرکا
رخصت وداع بہی ہر شاخ سی آواز الفراق الفراق کی سنی معلوم کیا کہ زیر پردہ غیب عجب تک ہی اور ان
ایام اور اسی انتہای وحانی مقام حسرت افسوس ہی کہ حضرت یعقوب باوجود علم کی کہ یوسف ہمراہ برادران
واسطی کہ جاتی تہی اور نبا بر کینہ برادران کی بقدر مضطرب تہی کہ بیان لائق اوسکا نہیں جب ہو حال
سید الشہدا علیہ السلام کا بہ نظر تامل دیکہا جاتا ہی کہ جسوقت کہ جناب علی اکبر نی رخصت کارزار طلب کی
دین کی جناب سید الشہدا نی نظر نا امیدی ہی اور حسرت کی دیکہی تہی اور مانند ابراہیم کی وقت ذبح فرزند اپنی کی
سید کی تمین اسی طرح سی امام حسین نی وقت وداع علی اکبر کی کمین اپنی سید کی اور روئی اور فرمایا اللہم
اشْهَدْ فَقَدْ بَرَزَ اِلَيْهِمْ غُلَامٌ اَشْبَهُ النَّاسِ خَلْقًا وَخُلُقًا وَمَنْطِقًا بِرَسُوْلِكَ ہی اولا

کواہ رہو تو بس وہ سینہ کہ جاتا ہی طرف ان اعدا کی شمشیرین لوگونکا خلقت و خلق مین اور کوئی
مین ساتہہ رسول کی نہیں بعد اسکی جناب علی اکبر متوجہ کارزار ہوی اور جماعت کثیر کو داخل جہنم کیا بعد
اسکی خدمت پدر بزرگوار مین آئی اور عرض کی کہ ای پدر بزرگوار تشنگی نی ہلاک کیا اور بار زرہ
وغیرہ تعب مین لایا مجہی پس اگر کوئی سبیل پانی ملنی کی ہی تب جناب امام حسین رونی لگی اور فرمایا کہ واغوثاہ
ای فرزند میری کہان سی پانی لاؤن مین تہوڑیسی جنگ اور کر تو جب کہ جد نبی محمد مصطفی سی ملاقات
کری پس ایسا کاسہ پلاوینگی کہ بعد اوسکی پیاسا نرہیگا تو بعد اسکی علی اکبر متوجہ کارزار ہوی اور
خوب لڑی پس منقذ بن مرہ نی ایک تیر مارا کہ گہوڑیسی نیچی آئی اور آواز دی کہ ای پدر بزرگوار سلام
وداع کرتا ہون اور یہ جد میری کہڑی ہین کہ تمہین سلام کہتی ہین اور کہتی ہین کہ جلد آؤ تم پس ایک آواز
کی اور انتقال کیا بعد اسکی جناب سید الشہدا آئی اور نعش مبارک پر کہڑی ہوی اور فرمائی انکی قتل اللہ
قوما قتلوک ما اجرأهم علی اللہ وعلی انتہاک حرمة رسول اللہ یعنی قتل کری خدا ان
قوم کو کہ قتل کیا تجکو کیا بیباکی اور جرات ہی خلاف خدا اور رسول پر اور ہتک حرمت رسول بعد
علی الدنیا بعدک العفا بعد تیری خاک ہی دنیا کی زندگانی پر راوی کہتا ہی وخرجت زینب بنت
علی تنادی یا حبیباہ یا ابن اخاہ وجاءت فانکبت علیہ اور باہر نکلی زینب
علی کی اور پکارتی تہی کہ ای حبیب میری اور ای بہتیجی میری اور آئین پس گر پڑین اوپر نعش کی بعد اسکی
جناب سید الشہدا اونکو لیکر داخل خیمہ ہوی کذا قیل فی الملہوف ہرگاہ کہ یوسف کو کنکنی اور نظر یعقوب
غائب ہوئی کہین پر اوسکو مار دیا اور کہا کہ اگی ہماری چل تو یوسف رونی لگی اور کہا ای برادران میں کیا قصور
کیا ہی کہ ساتہ میری یہ خواری عمل مین لاتی ہو اور مجکو پیادہ دوڑاتی ہو بہائیون نی ازروی حمق کے
کہا وہ ستاری اور ماہتاب اور آفتاب ہی کہ تجکو سجدہ کیا بلاکہ تا فریاد تیری کو پہنچین یوسف نی کہا کہ تمکو

تمکو کیا ہوا ہی آیا حال پیر کنعان سی نہ دیکہیہ نہین کرتی ہو کودکی اور ضعیفی میری پر رحم نہین کرتی ملعنت
سخان ونکی کی نہ ہوی اور ایک طمانچہ مارا اور دوڑائی ہرگاہ اس حالسی تہوڑیسی راہ قطع کی تند تعلین اونکا
بس پا برہنہ اوپر کانٹونکی دوڑانی لگی یہان تک کہ پانوان ونکی مجروح ہوی اور ماندی ہوی ہر اونکو
بیچ کانٹونکی در حالت گرسنگی اور تشنگی پہنچی تہی اور حضرت یوسف ہر چند کہ جزع کرتی تہی کوئی انکا سنتا
او جس بہائی کی پاس جاتی تہی واسطی شفاعت کی وہ طمانچہ مارتا تہا اسی طرح سی اونکو صحرا مین دوڑاتی
تہی یا اینکہ آفتاب بلند ہوا اور تشنگی یوسف پر غالب ہی متوجہ طرف روبیل کی ہوی اور کہا کہ تو سب سے
بڑا ہی اور پسر خالہ میرکا ہی اور بہائی میرا ہی اور باوجود کہ باپ نی میری تجہی تیری سپرد کیا ہی تا ترس
نو رحم کر اور پیچ کی روبیل نی ایسکر طمانچہ مارا تو ویک شمعون کی گئی اور واسطی مینی کی طرف آب طلب کیا
اور اوس طرف کہ یعقوب تہے واسطی یوسف کی پانی ورد وہ بہرا تہا اور فرمایا تہا کہ ابہی لیتے جانا
ہوی سخت کبر آئی ہی جس وقت کہ پیاسی ہوی طلایو شمعون نی پانی اوس طرف کا پہینک یا یوسف نی چپ کہا کہ
ای شمعون اس پانی کو کیون تمنی پہینک دیا شمعون نی کہا کہ مین گوارا رکہتا ہون کہ خون تیری حلق سی
گراؤن یہ جرد سنی کی بدن یوسف پر لرزہ ہوا اور خوف جان سی آنسو آنکہ سی گرنی لگی اور دیکہا کہ
کہ قصد برادران معلوم ہوا رو بقبلہ ہو کر دعا کرنی لگی ای خداوند ہی تو کہ ابراہیم کو آتش نمرود
سی نجات دی تمنی پدر ضعیف میری پر رحمت کر اور مجکو قتل سی نجات دی بہودا نی کہ اس مناجات کو
سنا رک برادری حرکت مین آئی اور پیشانی پر عرق آیا اور یوسف سے کہا کہ ای برادر دل خوش رکہ
جب تک جان میری تن مین ہی کوئی شخص تجکو ہلاک نہین کر سکتا پس یوسف کو اپنی حمایت مین لیا
اور بہائیون سی کہا کہ دست تعدی از مکر و آتش مخی جیسی عہد کیا تہا کہ قصد قتل یوسف کرین کی اس کی
سی غصہ اوران نی تسکین پایا اور متفق ہوی اسباب پر کہ یوسف کو قعر چاہ مین ڈالا جاہی ادریہا

یہ احوال تہا اور شورش میں لاتا ہی حزن و غمکو اور شعلہ ور کرتا ہی آتش غمکو کانون سینہ میں بیان
مصائب کہ جناب سید الساجدین ہمراہی حرم محترم جناب سید الشہدا مین گذری مین چنانچہ روایت
سی معلوم ہوتا ہی ہر گاہ کہ زینب خاتون کی نظر سر اوپر بزرگوار پر پڑی اور وہ سر نہایت حسن اور ضیا
اور نور ضیا مین تہا اور شبیہ ترین خلق کا رسول خدا سی اور خضاب محاسن مبارک سی لالہ تر تہا اور
ہوا محاسن شریف کو کبھی جانب راست اور کبھی جانب چپ کے ہتی تہی سر اپنے کو چوب محمل سی مارا
کہ خون برقع سی زمین پر گرا اور فریاد کی کہ اے شقی فلک نامت بسبب ظلم ان شریرون کی جیب کر تو
اور فرماتی تہین کہ یا اخی قلبك الشفيق علينا ماله قد قسا وصار صلبا
اے بہائی یہ دل تیرا شفیق تہا اوپر ہمارے کیا ہوا سخت ہوا مانند سنگ سخت اور کرخت ہو گیا اخی
لو ترى عليا لدى الاسير مع اليتم لا يطيق جوابا اے برادر بزرگوار کاش دیکھے
تم علی بن الحسین کو وقت اسیر ہونے کی کہ باوجود یتیمی کی اور ضعف اور رنجوری کی نہیں طاقت کہنا سے
رکہتی ہی بی بی کلما اوجعوه بالضرب ناداك بذل تغيض دمعا منسكبا اور ہر گاہ
درد میں لاتی ہین اوسکو بسبب زد و کوب کی پکارتا ہی تمکو بسبب خواری کی اشک جاری کرتا ہی
يا اخي ضمه اليك وقربه وسكن فؤاده المرعوبا اے اور اسکو سینہ سی اپنی لگا لو اور
تسکین دو دل خوف رسیدہ کو ما اذل اليتيم حين ينادي بابيه ولا يراه مجيبا
کس قدر ذلیل کیا ہی یتیم تیرا کو جس وقت کہ پکارتا ہی باپ اپنی کو اور نہیں دیکھتا اسکو جواب دیتے
اور وہ کنوان کہ جسمین یوسف کو ڈالا چاہتے تہے تین فرسخ کنعان سی تہا اور منہ اسکا تنگ تہا
اور پانی مین کشادہ اور راہ سی دور تہا اور ہر گاہ کہ یوسف کو اوس کنوئین پر لائے ہر چند یوسف نی
ایک ایک کا پکڑتی تہی دامن نگرتا تہا اور از دیدہ سی آب حسرت برساتی تہی مین عجب درد نسی کیا

کیا وو فائدہ نہی تہی یوسف نی ہر گاہ دیکھا کہ بنظر رحمت مجکو نہیں دیکھتی ہین فرمایا
کہ مجہی مہلت دو تا دو رکعت نماز پڑہو تمین کہا کہ تم نماز پڑہنا کیا جانتی ہو کہا کہ آخر
پیغمبر زادہ ہو نہیں اور ہمراہ والد بزرگوار کی محراب طاعت مین کہڑا ہوا ہو نہیں بہائیوں نے
بہائیونی کہا کہ یوسف کو نماز پڑہ لینی دو پس حضرت یوسف نی نماز ادا کی اور بعد الفراغ
نماز کی سر برہنہ خاک پر رکہا اور عرض کی خداوندا اے نگہبان تو ہی مین بندہ تیرا ہون
راضی برضا تیری ہون پا دے تو بخش اور چاہے تو ہلاک کر ہر گاہ مناجات سے فارغ
ہوئی بہائیون نی کہا کہ پیراہن اوتار و یوسف نی کہا یہہات یہہات زندہ کو عورت
پوشی چاہیے اور مردہ کو کفن پیراہن چہوڑ دو اگر مر جاؤن تو بی کفن رہون اور اگر جیتا رہون
تو ستر عورت کرون بہائیون نی کہا ہر گاہ کہ برہنہ ہو گا تو کیا رہ شتاری اور رہا
تمکو برہنہ کرکیین کی آخر الامر بزور پیراہن انہون نی اوتار لیا اور رسی اوسکی کمر مین
باندہی اور ڈال دیا کہا یوسف نی کہ اے برادران جو کچھ چاہتے ہو جور و جفا میرے
حق مین کیا ایک نصیحت کرتا ہون کہ اوسکو سنو اور اوپر عمل کرو بہائیون نے کہا کہ
کیا نصیحت کرتا ہی تو یوسف نی کہا کہ باپ کو اچھی طرح سے رکہیو اور خدمت کریو کہ
وہ نہیں جانتی ہین کہ تمنی مجہی کیا سلوک کیا ہی کہ اگر وہ جانیں پانی کی تیر بد دعا کرین گے
اور خوف کرو عقوبت پدر سی روئیل نی اسکو سنکر پیچہ لیا اور کچہ ریسی رسی کو کاٹ
دیا اور یوسف نیمہ چاہ مین تہی کہ رسی کٹی یوسف نی کہا کہ دریغ کہ دیدار پدر نادیدہ
رشتہ زندگانی منقطع ہوا اپنی زندگی سی دست بردار ہو کر کام اپنا حوالہ بخدا کیا اور
ندا ہوئی جبریل کو کہ بندہ میرا کو لی جبریل یہ سنکر سدرۃ المنتہی سی تہہ چاہ مین پہنچے

اور یوسف کو ہوا مین لیا اور یوسف کو غش آگیا اور آہستہ آہستہ جبرئیل نی اونکو تہ
چاہ مین پہونچایا اور اوپر ایک پتہر کی تہا یا خطاب پہونچا ای جبرئیل جا جہاں بہشت
بستانہ او رسراکی کو اپنی کو وہین رکہو اور بر ہای اپنی کو اونکی زخمیر رکہو کہ تا القیام
یاد دین اور جب ہوش مین آوین تو ہمارا سلام کہیو اور کہیو کہ غم نکہا تو کہ ہمنی تجکو واسطی تخت
اور جاہ کی پیدا کیا ہی نہ واسطی تحت چاہ کی جبرئیل نی عرض کی کہ الہی مجہی طاقت دے
نہ مین اپنی تئین بصورت یعقوب دکہلاؤن تو ایک زمانہ سات اوسکی تسلی ہو حکم پہونچا
کہ اسیطرحسی کر جبرئیل بصورت یعقوب آئی اور سر یوسف کو اپنی کنار مین لیا جو حضرت
حضرت یوسف ہوش مین آئی وہ نوحہ کردن روح الامین مین فرمایا دی اور فریاد کی کہ
ای پدر بزرگوار کہان تہی تم اور بہائیون نی مجہی کیا سلوک کیا اور مجہی خدمت سی تمہاری
محروم کیا او تمکو میری فراق مین مبتلا کیا اور سر و پا برہنہ کر کی بیابان ہلاکت
مین ڈالا جو کچہہ کہ ستم اور جفا دلینی ہو سکی مجکو پہونچائی آپ و ہان مجہی بازرکہا اور
رخسارے میری کو ساتہ ضرب طمانچہ کی گلرنگ کیا گیسون میری کو ساتہ خاک و رو کے
ملایا اور پیراہن کہ تم نی اپنی ہات سی پہنایا تہا مجہی لی لیا اور رسی سخت میری کمر مین باندہ کی
اور [illegible] میری پشت پر ماری اور سر نگون چاہ مین لٹکا دیا ای پدر بزرگوار میری
کو دیکہہ تو کہ طمانچہ میری موہنہ پر مارا کہ زخم ہو گیا ہی اور پیشانی اور پہلو میری مین نگاہ کرو کہ اثر
جراحت موجود ہی یوسف یہہ باتین کرتی تہی اور دیوار چاہ سی آواز آہ و نالہ آتی
اور جبرئیل بہی خروش کرتی تہی اور ملائکہ بہی روتی تہی آخر جبرئیل نی بلطافت
کہا کہ مین یعقوب نہین ہون بلکہ روح الامین فرستادہ رب العالمین ہون بعد اسکی سلام

ترجمہ

تہی یوسف کو پہونچایا اور طعام اور شراب بہشت کا اونکو کہلایا بعد اسکی
خوشخبری نجات پانی کی دی اور پہونچی جاہ کو دیجیا چنانچہ قول حق تعالی کا
مشعر اسکی طرف ہی کہ اوحینا الیہ لتنبئنہم آہ بکاہ کہ جبرئیل نی چاہا کہ اپنی مقام
کو جاوین علم الہی ہوا کہ وہ مین وزکہ ہین مین رہ اور سر یوسف کو کنار مین لیے
کہ خوبیا ور تنہا ورپارا اور دیارا اپنی سی دور پڑا ہی جہای افسوس اور حسرت جہ بکا
مین خویش اور اقربا ہی جناب سید الشہدا کی شہید ہوئی اور نوبت بجناب امام حسن
ہو تجی بطرا ول جانب راست اور جب دیکہا اور فرمایا کہ ہَل مِن مُغِیث
یُغیثنا ہَل مِن مُوحّد یَخافُ اللّٰہ فینا کہان تہی برادران اونکی کہ مثل
یوسف اونسی امید اعانت کی رکہتی تہی بلکہ کوئی زاہل اسلام تہا چنانچہ بعد [illegible]
حضرت کی ہَل مِن مُوحّد یخاف اللہ فینا اونسینا جواب کوئی [illegible]
سید الشہدا متوجہ طرف خیمہ حرم محترم ہوئی اور فرمایا اپنی پیرہن سی کہ ملبوس [illegible]
تا بعد ہلاکت کفن میرا ہو اور کوئی دست غارت دراز کری اسی لیجیا [illegible] اون
اشقیای جسم مبارک کو برہنہ کیا تا بحدیکہ ساربان علیہ اللعنۃ والعذاب نی چاہا کہ ازار [illegible]
سے لی لی اور دست مبارک بار بار تہامیتی ازار بند کی قطع کی [illegible]
شہ کا بعد قتل کی یہ تہا مُرمّلۃً بالدِّماء یابسۃً افواہُہم مِن الظَّما عاریۃً متون
الالبسۃ سائلات الدِّماء مقطّعات الاعضاء مجدّلین فی الفلوات عاریۃ ہم
الاوطان [illegible] بلا کفن [illegible] الرؤس [illegible] الایمان [illegible]
[illegible] فیہ اہل القرآن تو وہ تہی [illegible] خوشی خشک ہوئی موہنہ [illegible] کیا بشری

تسلی دینی والاہنین ہی لہذا ابلسی وطنی ونکی کلمات تسلی آمیز فرمائی اور حالت
سکینہ کا یہہ تہا کہ بعد شہید ہونی جناب سید الشہدا کی ہر گاہ کہ نعش مبارک پر گوندا
ہوا جسم مبارک حسین سی لپٹ گئین تا اینکہ چند عورتون نے بزور نعش مبارک سی جدا کیا
بالجملہ افراد مصائب جناب سید الشہدا کی کہ اون اشقیائی سی ہو پہونچائی کمال افراد
انواع مصائب تہی چنانچہ ملاحظہ کیا جائی کہ ایک فرد مصیبت رسن باندہنی کا
وہ تہا کہ برادران یوسف نی رسن کو باندہ کر چاہ مین لٹکایا تہا اور جب تہ کو
پہونچی تو رسن کو قطع کیا اور ایک فرد مصیبت رسن باندہنی کا یہہ کہ چند اہلبیت کو
ایک رسن مین ونیز ایک نزدیک باندہ کر سامنی یزید پلید کے لی گئی اور کہنا علی بن الحسین کا
اوسوقت مین کہ ستم دیتا ہرن ساتہہ خدا کے ای یزید کہ اگر اس حالسی ہمکو جناب نبی
دیکھتی تو کیا حال ہوتا اونکا اور ایک فرد مصیبت کا یہہ تہا کہ برادران یوسف نی
دست کاروان حضرت یوسف کو بیچ کیا تہا اور کاروانیان نی اوسکی غلام گری کی
سوال لیا تہا اور ایک فرد ظلم کا یہہ تہا کہ فاطمہ دختر جناب سید الشہدا کو ایک شقی
نی واسطی کنیزی کی یزید سی طلب کیا اور ایک فرد مصیبت کا یہہ تہا کہ حضرت یوسف جبرئیل کو
پدر بزرگوار اپنا سمجہہ کر اظہار مصیبت کری گی آور ایک فرد مصیبت یہہ ہے کہ جسوقت
ساربان نی دست ہای مبارک جناب سید الشہدا کی قطع کی اور روز کیا اوس شقی
نی واسطی لینی ازار بند کی اوسوقت ایک غلغلہ اور شور گریہ و زاری کا بلند ہوا کہ گویی
اوریجین کہتا تہا وا ابتاہ وا مقتولاہ وا ہجیاہ واحسیناہ وا غریباہ و یابنی قتلوک
وما رووک من شربة الماء منعوک وای فرزند میری وای مقتول میری وای بیچ میری

جاری ہی تہا جسم اونکی سی خون اعضا اونکی پارہ ہوئی تہی پڑی ہوی تہی صحرا مین
روز اقتادہ تہی وطن سی دفن کئی گئی بدون کفن کی جدا کئی گئی ہین سر اونکی بدن سی
غسل دئی گئی ہین ساتہہ خون زخمونکی پلائی گئی تہی کاسہائی برچہون سی مقتول ہوئی
تہی دفن اونکی کی مردمان دہ پس اس مصیبت کو دیکہا چاہی کہان کہنا یوسف کا
کہ زندہ کو عورت پوشش چاہئی اور مردہ کو کفن اور کہان فرمانا جناب سید الشہدا
کا ای بہن لباس کہنہ لاؤ کہ بعد شہادت کی بدن میرا عریان نرہی اور اوسوقت
گلی لگانا سکینہ کا اور وہ حضرت جناب سکینہ سی بنہایت محبت رکہتی تہی اور شہزادا
ومحضر تہا اوسوقت ان اشعار کو چہاتی لگانا اونکو اور آنسو پونچہنا اونکا انہین سی
شعر سَیَطُولُ بَعْدِی یَا سُکَیْنَةُ فَاعْلَمِی مِنْکِ الْبُکَاءُ اِذَا الْحِمَامُ دَهَانِی
قریب ہی کہ مفارقت درازہ واقع ہوا چاہتی ہی پس جانتو ای سکینہ کہ تجکو رونا لازم ہی
ہر گاہ مجہی موت گہیرے لَا تُحْرِقِی قَلْبِی بِدَمْعِکِ حَسْرَةً مَا دَامَ مِنِّی الرُّوحُ فِی جُثْمَانِی
نہ جلا تو دل میرا کو ساتہہ جاری کرنی اسکہائی کی از روی حسرت کی جب تک روح
میری بیچ جسم میرا کی ہی فَاِذَا قُتِلْتُ فَاَنْتِ اَوْلٰی بِالَّذِی تَاْتِینَهٗ یَا خِیرَةَ النِّسْوَانِی
پس جسوقت کہ قتل کیا جاؤں مین پس تو سزاوار تری تو روئی وا لوسنی و دہتر زنان
کی ان کلمات سی کمال محبت اور رور دفراق سکینہ سی معلوم ہوتا ہی کہ حالت اضطراب
یہہ مضمون فراق اظہار ہوا والاصبیہ صغیرہ معصومہ سی اظہار اپنی شہادت کا مناسب
نہین ہی چنانچہ اخفای شہادت مسلم دختر مسلم سی بعضی منازل مین کیا تہا اور یہہ
محتمل ہی کہ ہرگاہ جناب سید الشہدا علیہ السلام جانتی تہی کہ بعد میری کوی

وای حسین میری ای غریب الوطن میری ای فرزند میری شہید کیا تجہی اور تشنہ
پہچانا تیری تئین اور منع کیا پانی پینی سی پس ہر گاہ کہ دیکھا ساربان نی اس حالکو
درمیان مقتولونکی جیب ہر ما اور دیکھا مینی تمین شخصونکو اور ایک عورت کو گرد
اونکی بہت سی خلایق کہ تہی سی کہ زمین وہاکی بہر گئی اور پرہای ملائکہ کے آواز
آتی تہی دیکھا مینی ایک ان مین سی کہتا تہا کہ ای فرزند میری ای حسین فدا ہون
تجہپر میری ماں اور باپ اور عیال تیری اور دیکھا مینی کہ جناب امام حسین تن بی
سر پیاسہ بیٹہی اور فرمانی لگی لبیک یا جداہ یا رسول اللہ یا ابتاہ یا امیر المومنین
و یا اماہ یا فاطمۃ الزہرا و یا اخاہ المقتول بالسم علیکم منی السلام بعد اسکی جناب سید الشہداء رو
تی اور فرمایا کہ ای جد میری قتلوا واللہ رجالنا یا جداہ سلبوا واللہ نساءنا یا جداہ
ذبحوا واللہ رجالنا یا جداہ ذبحوا واللہ اطفالنا یا جداہ بغیر الجرم علیہم من عطشانا
بیٹا اور سب یہ حال سنکر حضرت امام حسین کی رو رہی تہی بعد اسکی جناب سی
نی کہا کہ کسنی تیری ہاتہہ کو قطع کیا کہ پہلی دست راست بعد اسکی دست چپ کو
جناب امام حسین نی عرض کی کہ ای جد میری مدینہ سی ہمراہ میری ایک ساربان چلا
تہا اور ہر گاہ کہ مین وضو کرتا تہا تو ازار کو اوتار کر رکہہ دیتا تہا پس وہ آرزو کرتا
تہا کہ یہ ازار بند میری واسطی ہو پس نہ دیا میرا اسواسطی تہا کہ مین جانتا تہا کہ وہ
اس فعل کو کرنی والا ہی پس جب مین مقتول ہوا تو وہ بہی درمیان لاشونکے
ڈہونڈہنی لگا پس پایا اوسنی مجہی تن بی سر بعد اسکی تفحص کیا ازار بند کا اور دیکہا
پس دیکہا اوسنی ازار بند کو کہ مینی اوسمین بہت گرہین دی تہین پس اوس نی ایک گرہ کو

کہولی پس مینی دست راست دراز کی کے ازار بند پکڑ لیا اور جسقدر اوس نی زور
کیا ہاتہہ نہ چہوٹا پس ساربان نی ڈہونڈہ کر ایک ٹکڑا تلوار کا لایا اور دست راست کو
قطع کیا بعد اسکی ایک گرہ اور کہولی بعد اسکی پہر مینی دوسری ہاتہہ سی تہاما
اوسنی دوسرا ہاتہہ قطع کیا بعد اوسکی اوسنی آمد آپ کی دیکہی لاشونمین چہپا پس
ہر گاہ کہ پیغمبر خدا نی سنا بہت روئی اور متوجہ طرف ساربان کی ہوئی اور فرمایا
کہ وای تجہکو ای جمال قطع کیا تو نی دستہای حسین کو از روی ظلم کی کہ وہ ایسی دونو
ہاتہہ تہی کہ جبرئیل بوسہ دیتی تہی اور اہل سماوات اور زمین اسکو مبارک جانتی تہی
جو ذلیل اور ظلم کہ ان اشقیا نی کیا آیا کافی نہ تہا کہ اوسبر مظلوم کی دست قطع کی بیشک کیا
حق تعالی تیری مونہہ کو دنیا اور آخرت مین محشور کری جبکہ اوس گروہ مین کہ جنہونی
نی خون ہماری گرائی ہنوز دعا تمام نہوئی تہی کہ ہاتہہ اوسکی شل ہوئی اور مونہہ
سیاہ ہو گیا انتہی منقول ہی کہ فرزندان یعقوب اوس شب کنعان کو گئی کہ یعقوب
تمام روز انتظار یوسف مین نیچی شجرۃ الوداع کی بیٹہی رہی اور خواہر یوسف کی
ہمکلام تہی آیا کسواسطی اب تک یوسف نہین آئی اور نہایت اضطراب مین تہی
دینا اپنی باپ کو تسلی دیتی تہی اور اقسام کی سب عذر بیان کرتی تہین القصہ
یعقوب نی شب اوداس بسر کی اور [illegible] صبح ایک ٹیلی پر کہ مشرف اوس صحرا
[illegible] آئی اور ہمراہ دختر کی بیٹہی اور راہ فرزندونکی دیکہتی تہی اور فرزندان
[illegible] نی اوس شب صحرا مین سوری مگر یہودا بیدار رہا ہر گاہ دیکہا اوسنی کہ
[illegible] اسکو کچہ فرصت نہ پائی اور سر چاہ پر گیا اور آواز دیکر ای [illegible]

تو زندہ ہی یا مردہ ہی یوسف نی کہا کہ تو کون ہی کہ حال بیچارہ کا تجھی پرسش کرتا ہی
کہا اون نی کہ بھائی تیرا یہودا ہی یوسف رونی لگی اور کہا کہ ای بھائی کیا حال
اوس شخص کا کہ کنار پدر اپنی سی جدا ہو کر کنوئیں مین پڑا ہوا ور نہ کوئی غمگسار
اور نہ مددگار ہو نہ روی زمین پر ہو کہ زندون مین محسوب ہوا اور نہ اندرون زمین
کہ اموات مین محسوب ہو یہودا اوس درد دل یوسف سی خروش مین آیا اور گریہ و زاری
اور پیچہی یوسف کی بہت سا رویا یوسف نے قعر چاہ سی آواز دی کہ ای برادر وصیت کا وقت
سی نہ ہنگام تعزیت یہودا نے کہا کیا وصیت کرتا ہی یوسف نے آواز دی کہ وصیت یہی
ہی ہر گاہ کہ وقت نماز شام ہمراہ برادران گہر مین پہونچو مجھی میری یاد کرنا اور وقت
کہانا کہانی کی گرسنگی میری یاد کرنا اور جس وقت کپڑی پہنا برہنگی میری یاد کرنا اور
وقت شادیگی غمگینی میری تنہائی اور پریشانی میری یاد کرنا یہودا نے سوزش اسکی سی ایک
خروش کیا اور یہودا مرد بلند آواز تہا آواز رونیکی گوش برادران مین پہونچی
اونھی اوس سمت آواز کی چلی ہر گاہ کہ پہونچی دیکہا کہ یہودا چاہ پر بیٹہا روتا ہی کہا اونہون نی
کہ ای یہودا کیون روتا ہی تو کہا اوسنی کہ حال اس غریب بیچاری پر روتا ہون [illegible] اونہون
نی یہودا کو ملامت کی اور چاہا اونہون نی کہ ایک پتہر کنوئیں مین پہینکین یہودا نے منع کیا او
آخر الامر ایک پتہر بسر چاہ پر رکہکر کنعان کو روانہ ہوئی اور پیراہن یوسف کو خون گوسفند سی
آلودہ کیا اور نزدیک غروب آفتاب حوالی اوس پشتہ کی پہونچی کہ یعقوب اوس پر تہی
کہ تمام روز انتظار مین گذرانا ہر گاہ ایک گرد اوس صحرا مین ظاہر ہوئی یعقوب نی اپنی
بیٹی سی کہا کہ یہہ کیا گرد ہی اور لڑکی نی کہا کہ کیا عجب ہی کہ بہائی میری آئی ہون

یعقوب نی کہا کہ خوب طرح سی دیکہہ تو کہ ہی مین بیجر اونکی کہتی کی بینائی خوب طرح سی
دیکہا کہ نا گاہ وہ کانپنی لگی یعقوب نی کہا اپنی دختر کو کس واسطی تجہی لرزہ ہوا کہا کہ ای
پدر بزرگوار بہائی میری آئی ہین لیکن یوسف ہمراہ اونکی نہین ہی یعقوب نی بیخودی سی
بیخبری کی آہ سوزان دل پر درد سی کہینچی اور کہا کہ انکو آواز دی کہ اوس پشتہ پر آوین بینائی
نعرہ مارا کہ ای فرزندان یعقوب پشتہ پر آؤ کہ پدر بزرگوار تمہاری انتظار کرتی ہین
ہر گاہ وہ اونہون نی جانا کہ پدر اس حلہ پر ہی پیشتر اوسی پیشتر کی یعقوب سر برہنہ ہوی اور
اپنی بیٹی سی کہا کہ ای بیٹی یہہ کیا آواز آتی ہی بینائی مضمون اوس آواز کا آگاہ کیا
ہوی بینائی آواز دی کہ ای برادران دوڑو اور اپنی باپ کو دیکہو کہ حال دگرگون
دگرگون ہی بعد اسکی بینائی بیہوش ہوئین اولاد یعقوب دوڑی اور روبل نی پدر
اپنی کو کنار اپنی مین لیا اور ہاتہہ سینہ پر رکہا اور کچہہ اثر نفس معلوم کیا خروش کیا اور
بہو والی کہا کہ ای برادران یہہ کیا حرکت تہی کہ تمنی کی کہ باپ اپنی کو اپنی ہاتہہ
سی ہلاک کیا بعد اسکی روتی ہوی باپ کو گہر مین لائی اور یعقوب تمام شب
بیہوش رہی وقت صبح ہوش مین آئی اور کہا کہ نور چشم میرا کہان ہی سب بہائی اون کی
باتفاق کہا یا ابانا انا ذہبنا نستبق یعنی ای پدر ہماری دوڑنی گئی ہم صحرا کو کہ نا گاہ ہم
سبقت کرتی تہی دوسری برابر اور چہوڑ گئی یوسف کو نزدیک متاع اپنی کی
پس کہایا اوسکو گرگ نی اور نہین ہی تو باور کرنی والا واسطی ہماری اگرچہ ہم
راست گو ہوتی اور لائی وہ پیراہن یوسف کا لی گئی تہی خون گوسفند سی آلودہ کر کی یعقوب نی
ہر گاہ کہ گفتار اونکی سنی اور پیراہن یوسف دیکہا بیہوش ہوی فلما جاؤا علی

قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ یعنی پیرہن یوسف کو خون گوسفند آلودہ کرکے نزدیک
پدر کے لائے ہر گاہ یعقوب نے پیرہن یوسف کو خون آلودہ دیکھا بیہوش ہوئے اور
دنیا میں آنکھوں کی سر بالین آئیں اور رونے لگیں اور اپنے ہاتھ کو اونکے سر پر رکھا اور
ہر کا قطرہ اشک رخسار یعقوب پر آنکھ کھولی اور فرمایا کہ میں کہاں ہوں اونکی
بیٹی نے کہا اپنے گھر میں میان فرزندان اپنی کے حضرت یعقوب نے پوچھا کہ یوسف کہاں ہیں
کہا وہ نہیں لیکن فرزند دیگر میں جو اینجا ہیں فرمایا کہ کیا حاصل جبتک کہ یوسف نہوں اور
بعد اسکے پیرہن یوسف کو طلب کیا اور سونگھا اور آہ کھینچی اور پھر بیہوش ہوگئے ہر گاہ
کہ پھر ہوش میں آئے اوس پیرہن کو اپنے اوپر ڈال لیا اور رونے لگے تا اینکہ مونہہ اونکا
خون پیرہن سے سرخ ہوا اور ہر گاہ کہ بخوبی اوسکو دیکھا کہیں سے دریدہ نپایا
فرمایا کہ عجب گرگ تھا کہ یوسف کو کہا لیا اور پیرہن چاک نکیا اور فرمایا بلکہ
تمہارے نفسوں نے یہ حرکت کی ہے پس میرے واسطے صبر ہے اور خدا سے مدد
چاہتا ہوں میں بنابر اوس چیز کے کہ تم ہلاکت یوسف کو اظہار کرتے ہو مروی ہے
ہر گاہ برادران نے اس سخن کو پدر سے سنا منفعل ہوئے اور روز دیگر چراگاہ
کو گئے اور بایکدیگر کہنے لگے کہ تدبیر کیا چاہیے کہ یہہ اندیشہ دل پدر سے باہر جاے
بعضوں نے کہا صلاح کار کے وہ ہے کہ چلیں ہم سب اور یوسف کو چاہ سے
باہر لاکے اور پارہ پارہ کرکے استخوان لیجاویں تا یہہ تہمت ہم سے دفع ہو وے یہودا
نے کہا کہ تمنے مجسے عہد کیا تھا کہ ہم یوسف کو قتل نکرینگے اور قتل کرنے سے
مانع ہوا اور وقت نماز شام برادران یوسف گھر میں آئے یعقوب نے اونسے کہا

راست کوئی تمہارے وقت معلوم ہو کہ اوس بیچ بکولی اوس نے کہ کوئی
کو کہا پاے روز دیگر فرزند یعقوب کے صحرا کو گئے اور ایک گرگ کو گرفتار کرلیا
لائے اور کہا کہ یہہ گرگ کہ جسنے یوسف کو کہایا یعقوب نے کہا ہاتہہ اور پاؤں
اوسکی کہولدو موجب کہنے کے ہاتہہ اور پاؤں اوسکے کہولے یعقوب نے کہا کہ اے
گرگ نزدیک آ وہ گرگ نزدیک آیا اور کہڑا ہوا یعقوب نے کہا کہ اے گرگ شرم
نکی تونے کہ جگر گوشہ اور نور دیدہ میرے کو کہا لیا تو نے گرگ نے آواز دی کہ قسم ہے
موے سفید تمہارے کی کہ تمہارے فرزند کو نہیں کہایا مدرسے کہ خون اور گوشت تمہارا کہ پیغمبر ہو حرام ہے
ہم پر چرا ہی اور مجکو از راہ ظلم کے اور تہمت کے باندہ لائے ہیں اور میں مسافر ہوں
یعقوب نے کہا کس واسطے اس زمین میں آیا ہے اوسنے عرض کی کہ اے نبی میری بہن یہہ جگہہ
گم ہوئی واسطے زیارت تمہارے کی آیا تہا میں فرزندان تمہارے نے مجکو پکڑا اور
باندہا اور نزدیک آپ کے لائے اور یہہ دروغ اوپر میرے باندہا یعقوب نے
اس جانور سے یہہ کلام گرگ سے کہا بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ
أَمْرًا فَصَبْرٌ جَمِيلٌ القصہ یعقوب فراق یوسف میں اسقدر روئے کہ فرشتے فریاد
میں آئے اور جناب قدس الٰہی میں عرض کی کہ الٰہی یوسف کو پھر یعقوب سے ملا
یا یعقوب کو خاموش کر یا ہمکو اجازت دے کہ ہم دنیا کو جاویں ہمراہ یعقوب کے
آہ و نالہ کیں ہوں مروی ہے کہ ہر روز صحرا کو جاتے تھے اور اطراف کنعان کے
پھرتے تھے اور کہتے تھے کہ اے فرزند دلبند میرے اور اے ثمرہ دل میرے
اور اے جگر گوشہ میرے تجکو کس کنوئیں میں ڈالا ہے اور کس تیغ سے ہلاک

کیا ہی تجھکو اور کس دریا میں ڈبو دیا تجھکو اور کس زمین میں دفن کیا تجھکو بس اسیطرح
سرگشتہ و حیران اوس واویلا میں پھرتی تھی اور آب حسرت آنکھوں سے برساتی تھی اور آہ
سوزناک بیدردی تھی کہ آسمان میں آگ لگ جاتی کہ اس حال میں جبرئیل پہونچے
اور کہنے لگے کہ ای یعقوب فرشتونکو گریہ میں لائے تم ای یعقوب مقدسان ملاء
اعلا کو یہ تمہاری نالہ میں آئی میں جواب دیا کہ بسبب فراق جگر گوشہ کی دلمیں حسرت
درد اور رنجہا بیحد ہی منقول ہی کہ جبرئیل چاہ میں تین دن رفیق یوسف رہے اور انکو
تسلی دیتی تھی ہر گاہ جبرئیل نے چاہا کہ مفارقت کریں یوسف نے کہا کہ اس بیکسی اور
چھوڑے جاتے ہو جبرئیل نے کہا کہ اس دعا کو پڑھ کہ زندانسے خلاصی پائے تو وہ کلمات
یہہ ہیں یَا صَرِیخَ الْمُسْتَصْرِخِینَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیثِینَ یَا مُفَرِّجَ
کَرْبِ الْمَکْرُوبِینَ قَدْ تَرٰی مَکَانِی وَتَعْرِفُ حَالِی
وَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْءٌ مِنْ اَمْرِی حق تعالی سبب ان کلمات شریف کی یوسف کو
پستی چاہ سے سامنے بلندی چاہ کی پہونچایا اور حضرت صادق سے مروی ہی کہ
جسوقت یوسف کو چاہ میں ڈالا جبرئیل نازل ہوئے اور کہا ای پسر کسنے تیری تئیں
چاہ میں ڈالا کہا بھائیون نے واسطے حسد کے کہا جبرئیل نے اگر خلاصی چاہتی ہو اس
بلا سی ان کلمات کو پڑھو اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ بَدِیعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَنْ
تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ لِی مِنْ اَمْرِی فَرَجًا وَمَخْرَجًا
وَاَنْ تَرْزُقَنِی مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ

حق سبحانہ تعالی نی برکت ان کلمات کی اونکو بند چاہ سے خلاص کیا اور باد شاہ
مصر کیا القصہ روز چہارم نسیم بوئے نجات چلی اور کاروان نزدیک اوس چاہ کی
مدین سے وارد ہوئی کہ ارادہ مصر رکھتی تھی پس بھیجا اونہونے پانی لانی والی
اپنی کو پس ڈالا اوسنے ڈول اپنی کو کنوئین میں اوسوقت یوسف کو وحی پہونچی کہ تم
ڈول میں بیٹھو تو یوسف ڈول میں بیٹھے وہ شخص بسبب ثقل ڈول کی حیران ہوا اور کاہ
کنوئین میں دیکھا اوسنے حضرت یوسف کو ملاحظہ کیا کہ مثل شب چہار دہ کی تھی وہ شخص
دیکھکر بہت خوش ہوا اور چھپایا اونکو واسطے خوف اس بات کے کہ کوئی شریک ہو
پس کہا اونہین لوگون نے کہ یہہ بضاعت ہی واسطے پانی لانے والے کی اس عرصہ میں
برادران یوسف کہ جو مشغول ہی گلہ کے چرانے میں اونکو عادت تھی کہ ہر روز ایک بار سر چاہ پر
آتا تھا اور یوسف کو پکارتا تھا اور کھانا دیتا تھا اور اوس روز بہی بنابر معمول کے آئے
اور یوسف کو آواز دی اور کچھہ جواب نپایا واسطے تلاش یوسف کے کاروان میں آیا
اور نزدیک مالک کے پایا اور اپنے بھائیونکو خبر دی وے سب آئے اور مالک سے کہا
کہ یہہ غلام ہمارا ہی بہاگ کی آیا ہی مالک نے کہا کہ [illegible] تمکو بیچ او پہر لیجیو میں کہا
اونہون نے کہ ہم بیع کرتی ہیں کہا مالک نے کہ باوجود اس عیب کی قیمت اسکی کیا چاہتی
ہو تم کہا اونہون نے جس قیمت سی کہ ہو تجھے پسند ہم لیکن اس شرط سی کہ اسکو
اس ولایت سی باہر لیجاو اور غل اور زنجیر کر کے رکھنا اور تشنہ رکھیو تا یہہ غلام [illegible]
برادران یوسف مونہہ بھائیونکا دیکھتی تھی اور سخن غضب آلود سنتی تھی اور زیادہ
[illegible] کرتی تھی بعد اسکی کہ عزیمت یوسف سی بھائیون نے کہا اگر خلاف ہمارے

تو اظہار کریگا تو شمشیر سی سر تیرا جدا کرینگی یوسف خاموش رہی القصہ اونکو
معرض بیع میں لائی مالک نی کہا جو درم میری پاس تہی بضاعت اوسکی
خریدکی میں اور عادت اوس وقت کی یہ تہی کہ کمتر چہل سی کمتی تہی اور زیادہ
جو اوس سی ہوا وسی وزن کرلی تہی ہر گاہ مالک نی اون درہم کو شمار کیا تو
تہی اور بعضی کہتی ہیں کہ بیس تہی کہ سربہائی نی ودلی ئی حضرت ابو جعفر
باقر سی مروی ہی کہ اٹہارہ درہم تہی سابر تفسیر وسیطکی مرقوم ہی کہ یہودانی
کچھہ نہ لیا القصہ مالک نے یوسف کو مول لیا اور برادران یعنی درہم سی لی رغبتی
اور کاروانیان بجہت بہا کمی اوسکی بی رغبت تہی خبر میں آیا ہی کہ ایک روز یوسف
نی آئینہ میں نگاہ کی جمال اپنا دیکہا اور متعجب ہوی اور خیال کیا اگر میں بندہ ہوتا
تو قیمت میری حد سی بہتی اور رکہتی لہذا حق تعالی نی ذکو قیمت ناقص کیا ابو حمزہ ثمالی
سی روایت ہی ہر گاہ کہ مالک نی یوسف کو مول لیا انقطاع کیا اوسکو راہ میں
ہم ہوچی تا اینکہ اونکو مصر میں بیچا اور وہ خیر و برکت اوسی مفقود ہوی جاتا اور
کہ یہ برکت بسبب یوسف کی تہی بعد اسکی نزدیک یوسف کی آیا اور کہا کہ تم
کون شخص ہو کہا اونہون نی کہ میں پسر یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہون
مالک نی گلی سی لگایا اور بہت سا رویا اور مالک کا بیٹا نہ ہوتا تہا یوسف سی کہا
کہ دعا کرین کہ حق تعالی اوسکو فرزند عطا کری چنانچہ مطابق دعای حضرت یوسف
کی حق تعالی نی بارہ بیٹا اوسکو دی ہر بطن میں دو لڑکی القصہ اول حالیں کہ مالک
نی یوسف کو مول لیا تہا مطابق کہنی برادران یوسف کے ڈالا کہ غل و زنجیر حاضر کرو

سے

وسو

ہ گاہ کہ چشم یوسف غل و زنجیر پر پڑی گریان ہوی مالک نی کہا کہ ای غلام ترا
نگر کہ غلام گریزپا کو سوای غل و زنجیر کی چارہ نہیں ہی یوسف نی کہا کہ میں غل
او زنجیر تہا رسی فغان میں نہیں آیا ہون بلکہ وہ وقت مجہکو یاد آیا ہی کہ جس وقت
پادشاہ قہار عادل زمانہ و زنجیر کو فرمایو کیا کرلی اس بندہ عاصی کو اور غل
اسکی گردن میں پہنا و اور زنجیر پاؤں اسکی میں ڈالو کہ فرمان عزیز سی باہر ہوا ہی مالک اس
گفتار سی متحیر ہوا اور آہستہ یوسف سی کہا کہ ای غلام میں تجہی اعلی کہا اپنے
خواجگان تیری کی تقید کرتا ہون لوکش یکہ کہ جب اس منزل سی آگی بڑہیں کی غل
و زنجیر سی تجہی خلاصی دینگی بعد اسکی مالک نی سامنی خواجگان کی پلاس کہنہ پہنایا اور
کلیچہ یوسف کو سنائی بعد اسکی فرزندان یعقوب خاطر جمع کرکی متوجہ کنعان ہوی
یوسف ہر رتبہ دیگر رونی لگی مالک نی کہا کہ ای غلام تو کیون روتا ہی اور صبر
کیون نہیں اختیار کرتا کہا ای مالک تحمل فراق نہیں رکہتا ہون اجازت دی کہ تا جاؤ
اور اپنی بیچنی والونکو دیکہہ لوئین اور اونکو وداع کروئین مالک نی کہا ای غلام
میں دشمنی اثر مہر و محبت طرف تیری نہیں دیکہتا ہوئین اور سوای تفرقہ اور وحشت
کی اور کچہہ نہیں دیکہتا میں یوسف نی کہا کہ اگر یہ مجہسی نفرت رکہتی ہیں نا بہی اونسی ارادہ
اگر وہ دوست نہیں رکہتی ہیں میں اونہیں دوست رکہتا ہون تو اونکو وداع کرتا ہون
اون مالک نے آواز دی کہ اپنی نوکری رہو کہ یہ غلام مجہسی کچہہ کہا چاہتا ہی یوسف
نزدیک بیچنی والون اپنی کی آئی درحالتیکہ غل و زنجیر پہنی تہی اور کہا یوسف نی
ای عزیزان جو کچہہ کہ تمنی کیا صبر کیا میں نی لیکن امید وار اسکا ہون میں کہ آپ میری

سیری تسلی دیتا تھی لا امکان رعایت اوس پیر مبتلا بہجران کے کرتا یہودا روتی لگا اور
یوسف کو گلے لگایا اور کہا کہ ای جان برادر مردانہ رہ اور کار اپنا خدا پر
رکھہ بعد اسکی ایک شتر لائی اور یوسف کو سوار کیا اور ایک غلام زشت رو
اور بدخو کو اوپر اوسکی موکل کیا اور کاروان جانب مصر کی روانہ ہوا
یوسف مولی طرف عقب دیکھا اور کہا ای پدر بزرگوار میری مصیبت کو تمین
دیکھتی ہو کہ مین غریبی اور ذلت بندگی مین گرفتار ہون لیکن ہر خاطر اپنی سی
مجھی فراموش نکرو کہ مین شفقت اور دلسوزی تیری کو یاد رکھتا ہون اور کاروان
تمام شب راہ جاتا تہا ایک صحرا کو منعابر آل اسحاق پر گذر ہوا یوسف نے دیکھا
قبر مادر کی اور بالائی شتر سی سر قبر مادر پر گرا دیا اپنی تئین اور تربیت عہد کودکی
کو یاد مین لائی اور مہر او شفقت یاد آئی رونی لگی اور آواز دی کہ ای مادر
مہربان سر اپنا اوٹہاو اور حال بعد فرزند اپنی کی نگاہ کر مین بیٹا تیرا ہون
کہ غل میری گردن مین پہنایا ہی اور رثاث بدن مین پہنایا ہی اور زنجیر پاؤن مین ڈالی ہی اور
بہ تہمت بندگی مجھی بیچا ہی اور دل پدر میر کو آتش ہجر اوسکی جلایا ہی قبر جلیل
سی آواز آئی کہ ای فرزند پسندیدہ اور ای نور دیدہ برگزیدہ غم میرا تجھہ پر زیادہ
کیا تو نی اور الم میری کو دو چند کیا پس صبر کر تو بدرستی خدا ساتہہ صبر کرنی والون کی
ہی جس وقت کہ روز روشن ہوا وہ غلام کہ یوسف پر موکل تہا دیکہا اوسنی کہ
یوسف اونٹ پہ نہین ہین بعد اوسکی دیکہا کہ سر قبر پر بیٹہی ہین اور زار زار روتی ہین
اوس بی رحم نابکار نی قہر سی طمانچہ اوپر روی یوسف کی مارا کہ روی نازک کو نگار

صدمہ اوس طمانچی سی شگافتہ ہوا اور روی مبارک کا رنگ خونسی آلودہ ہوا اور کہا کہ
ای غلام خواجگان تیری ایسا ہست کہتی تہی کہ تو غلام گریز پا ہی کہ یہہ یوسف بولی لیکن اس
درد سی روئی کہ ملایکہ ملکوت مین پردہ پوشیدہ نہ رہی کہ جامی سرت اور افسوس کا
کہ حضرت یوسف باوجود امیدواری رکہنی زیارت کی بار دیگر اسقدر اضطراب و اعلی مفارقت
قبر مادری کرتی تہی لیکن احوال وداع ہوئی جناب سید الشہدا علیہ السلام کا قبر جد بزرگوار
اور قبر مادر عالیمقدار سی ملاحظہ کیا چاہی کہ باوجود رجائی مراجعت کی کہ پہر زیارت
نصیب ہوگی کس ناامیدی اور حسرتی جدا ہوئی ہونگی چنانچہ منقول ہی کہ جس شب ولید نی بنا بر
حکم یزید پلید اوس اعلی بیعت کی طلب کیا چاہتا تہا جناب سید الشہدا علیہ السلام و اعلی زیارت
قبر جد بزرگوار کی آئی اور فرمایا السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُولَ اللهِ اَنَا الْحُسَیْنُ
ابْنُ فَاطِمَةَ فَرْخُكَ وَابْنُ فَرْخَتِكَ سلام خدا تجہپر ہوا ای جد
مین حسین بیٹا فاطمہ کا ہون فرزند تیرا اور فرزند بیٹی تیری کا ہون وَسِبْطُكَ الَّذِی
خَلَّفْتَنِی فِی اُمَّتِكَ اور مین فرزند زادہ تیرا ہون کہ مجہکو بامانت ساتہہ امت کی چہوڑ گئی
تہی تم فَاشْهَدْ عَلَیْهِمْ یَا نَبِیَّ اللهِ اَنَّهُمْ قَدْ خَذَلُونِی وَضَیَّعُونِی وَلَمْ
یَحْفَظُونِی گواہ رہو اوپر اعدا میرا کی کہ مجہی ترک کیا اونہون نی اور رعایت میری
کیا اونہون نی حفاظت میری کی اونہون نی وَهٰذِهِ شَکْوَایَ اِلَیْكَ حَتّٰی اَلْقَاكَ
اور یہہ شکایت اپنی طرف تیری تا وقت ملاقات تمہاری لی پس مشغول نماز اور عبادات
ہوئی تا اینکہ صبح ہوئی جبکہ شب دوسری ہوئی پہر حضرت روضہ جد بزرگوار مین آئی
اور بعد فراغ چند رکعت کی کہا اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَبْرُ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ

نبيك خداوندا يه قبر پيغمبر تيري كي هي اور مين فرزند پيغمبر تيري كا هون قد حضرني
من الامر ما قد علمت تحقيق ميري تئين امر ايک وارد هوا هي كه جانتا هي
تو اللهم اني احب المعروف وانكر المنكر خداوندا مين نيكيون كي
تئين دوست ركهتا هون اور برائيون كي تئين دشمن ركهتا هون اور برائيون سي لوگون كو
منع كرتا هون وانا اسئلك يا ذا الجلال والاكرام بحق
القبر ومن فيه الا اخترت لي الا ما هو لك رضا ولرسولك
رضا يعني تجهسي سوال كرتا هون اي صاحب جلال اور بزرگي بحق اس
قبر كي اختيار كر واسطي ميري اوس چيز كو كه جسمين تيري اور رسول تيري كي خوشنودي هو
بعد اسكي حضرت نزديک صبح تک تضرع و زاري مين رهي هر گاه طلوع صبح نزديک
هوئي سر مبارک اپنا ضريح مقدس پر ركهه كر سو گئي پس خواب ديكها كه حضرت رسالت
پناه مع ساتهه گروه ملائكه مقربان كي نزديک جناب سيد الشهدا كي آئي اور اونكو اپني
سينه سي لگايا اور پيشاني پر بوسه ديا اور فرمايا يا حبيبي يا حسين
كاني اراك عنقريب مرملا بدمائك ومذبوحا
بارض كربلا من عصابة من امتي اي حبيب ميري حسين گويا كه مين
ديكهه رها هون كه عنقريب صحرائي كربلا مين هاتهه ورباول حجن اپني مين مارتا هي تو اور
سر تن سي جدا كيا گيا هي ميان ايک گروه امت ميري وانت مع ذلك
عطشان لا تسقى وظمآن لا تروى يعني اس حالت مين تو تشنه هو گا
اور تجهكو كوئي پاني نديگا وهم مع ذلك يرجون شفاعتي يوم القيمة لا

انالهم الله شفاعتي يوم القيمة اور وه باوجود اس امر كي اميد شفاعت كي مجهسي ركهين گي
روز قيامت مين اور خدا اونكو شفاعت ميري سي محروم ركهي گا يا حبيبي
يا حسين ان اباك وامك واخاك قدموا علي وهم مشتاقون
اليك اي نور ديده ميري حسين تحقيق باپ اور مان اور بهائي تيري آئي هين پاس ميري مشتاق ملاقات
تيري كي هين وان لك في الجنان اور تيري واسطي رياض جنت مين درجي هين
كه بغير از شهادت تو نهين پهونچتا هي پس حضرت امام حسين ني عرض كي يا جداه لا حاجة
لي في الرجوع الى الدنيا فخذني اليك وادخلني معك في
قبرك اي جد بزرگوار نهين حاجت واسطي ميري بيچ بازگشت كي طرف دنيا كي پس لي
لي تو مجهكو طرف اپني اور داخل كر مجهكو ساتهه اپني بيچ قبر اپني كي جناب نبوي ني
فرمايا كه اي نور ديده ميري سوائي شهيد هوني كي كچهه چاره نهين هي تا وقتيكه شهادت
سي فائز هو گا تو درجه بلند شهادت كي پر پهونچي گا پس جناب سيد الشهدا بكمال ترس و
خوف خواب سي بيدار هوئي اور گهر كو مراجعت فرمائي اور اسطرح سي قرار اپني روايت كي حسب
هوئي انتهي بعد اسكي ايک مرد اپني قوم الهي آئي اور رضا عقبي لي اور هوا من بيدا هوا اهل كاذ
ني كها كه اس چند روز مين كوئي گناه تازه مجهسي نهين هوا كه لائق اس غضب الهي هون هم روز
غلام سنگدل آيا اور كها كه يه شومي عمل ميري كي هي كه اس ساعت ميني ايک طمانچه
غلام حبشي كو مارا تها اور اوسني پر درد دل سي نعره مارا اور ناگهه بصورت
واقع سو گئي هي مالک ني كها اپني عقل سب طمانچه مارني كا كيا تها كها اوسني كه اپني
اپني تئين اوس سگ كي زاد ديا تها اور اراده بهاگني كا ركها تها مالک ني كها كه اپني عقل

کسطرحسے کوئی شخص ساتھ غل و زنجیر کے بہاگ سکے کا مالک نزدیک یوسف کے آیا
اور کہا اوجسنے کہ ایجوان مقصد بہاگنے کا رکہتا ہے کہا اے مالک اسوقت قہر مادری
پہونچا میں صبر و تحمل نکرسکا اور خیال یہ درپیش تہا کہ بیچ غل و زنجیر میں کرآونگا
ہرگاہ قہر اوسکے کو دیکہا مینے اپنی اختیار سے تعین مشتری کر دیا مینے اور قصد ہرگز
اپنا اوسنے کہتا تہا میں اور مینے نفرین نہیں کی فقط ایک قول یہ وردے کا جو کہتے ہیں اہل
کاروان رونے لگے شکر اور عرض کی اونہوں نے کہ ایجوان عالیشان و خاکرو کہ یہ بلا
دفع ہو جسے یہ سبب نے ہواکی طرف دیکہا اور کچھ ہونٹ ہلائے اوسوقت ہوا صاف
ہوئی اور رعد و صاعقہ برطرف ہوا ہرگاہ و مالک نے اس حالکو مشاہدہ کیا بمجرد اوسکے
حکم کیا کہ غل و زنجیر اونسے دور کرو اور ملبوس نیک پہناؤ اور راحلہ تیز رو پر سوار کرو
الغرض مالک اونکو مصر میں لایا اور پادشاہ مصر اوسوقت میں ریان ابن ولید ابن عملیق
تہا اولاد عملاق ابن لاود ابن سام ابن نوح تہا اور بعضونے کہا ہے کہ یہہ پادشاہ
قبل از موت اپنی کے ایمان لایا اوپر دین یوسف کے اور بعد ایک زمانہ کے اونے
انتقال کیا اور بعد اوسکے پادشاہت قابوس ابن مصعب کو پہونچی اور یوسف نے
اوسکو طرف دین کی دعوت کی اور اوسنے قبول نکیا اور زیادہ اختیار امور مملکت
اپنی دست قطفیر کے دیا تہا اور بہت زیادہ مرتبہ اور شان اوسکے کی نزدیک پادشاہ
مصر کے اوسکو عزیز لوگ کہتے تہے ہرگاہ کاروان مصر میں آیا کماشتہ ہاے عزیز سراہ
کاروان کے کہڑے ہوئے تہے حسن یوسف کو دیکہکر عزیز کو خبر کی مالک کو پیغام دیا کہ غلام
کو تخاص میں لاؤ روز دیگر مالک نے حکم کیا کہ یوسف کو حمام میں لیجاؤ اور [illegible]

اوسکا دہو کر جامہ قیمتی پہناؤ اور بآراستگی تمام اوسکو بازار میں لاے اہل مصر
خریداری اونکی میں زیادہ قیمت کرتے جاتے تہے تا نوبت بیان تک پہونچی کہ برابر
اونکی سونا اور چاندی اور مشک وغیرہ دیتے تہے عزیز نے قیمت دیا اور یوسف کو اپنے
گہر میں لایا اور بسبب ہیبت اوسکے کے کوئی جرات نکرسکا اور کہا عزیز مصر نے واسطے
زن اپنی زلیخا کے کہ توقیر کر اسکی اور نیک عہد اوپر ویرے واخت کر شاید یہہ فایدہ دے
ہمکو مثل اسکے کہ سر انجام کار ہمارا کرے یا و ارشیر اور ہمین [illegible] ہوا سو اسطے کہ علامات رشد
سیما اوسکے سے ظاہر ہے یا ہم فرزند میں اوسکو لینگا اور کہتے ہیں کہ عزیز مصر عقیم تہا اور
نزدیک بعضونکے یہ ہے کہ وہ نامرد تہا اور قول حق تعالی کا وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ
فِي الْأَرْضِ یعنی اسکے یہ ہے جسطرحسے کہ بادشاہ کو اوپر یوسف کے مہربان کیا ہمنے بعد
بند چاہ اور تعب راہ سے نجات دی تہی ہمنے اسیطرحسے پادشاہ کیا ہمنے یوسف کو
بیچ زمین مصر کے قوله تعالی آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا بعضونے اسکے معنی اسطرحسے
کہے ہیں کہ مراد حکمت سے حکمت عملی ہے اور علم سے حکمت نظری ہے اور وجہ تقدیم حکم عملی کی
نظری سے یہ ہے کہ اصحاب ریاضات بسبب عمل کے علم کو پہونچتے ہیں چنانچہ صبر کرنا اوپر
کا بلا اور محن پر باعث اسکا ہوا کہ حق تعالی نے ابواب مکاشفات اوپر کہولے

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِنْ مِصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ

اور کہا اوس شخص نے کہ مول لیا تہا اوسکو اہل مصر سے یعنی عزیز واسطے زلیخا کے کہ بزرگ کر تو منزلت اسکی کو

عَسَى أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي

شاید کہ نفع دیوے ہمکو یا لیوین کیا ہم اوسکو فرزند اپنا اور اسیطرحسے جگہ دیتے یوسف کو بیچ

الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى

زمین کی اور تاکہ سکھلاویں ہم اوسکو تعبیر خوابوں کی اور خدا غالب ہی اوپر

اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ اٰتَيْنَاهُ

کام اپنے کے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے ہیں اور جب کہ پہونچے یوسف جوانی کو دی ہمنے اوسکو

حُكْمًا وَعِلْمًا وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَرَاوَدَتْهُ

حکم اور علم اور اسطرح جزا دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو اور طلب مراد کی یوسف سے

الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ

زلیخا نے کہ وہ تہا اوسکی گھر بیچ نفس یوسف سے اور بند کیا دروازوں کو اور کہا زلیخا نے

هَيْتَ لَكَ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ اِنَّهٗ

آؤ میرے پاس کہا یوسف نے پناہ مانگتا ہوں ساتھ خدا کے تحقیق پروردگار میرے نے نیک کیا منزل میرے کو تحقیق کہ

لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ

نہیں بہتری پاتے ستمگار اور تحقیق قصد کیا زلیخا نے یوسف کا اور یوسف نے اوسکا اگر نہ دیکھتا

بُرْهَانَ رَبِّهٖ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ

برہان رب اپنی کو اسطرح ہوا تا پہیرا ہمنے اوسکو بدی اور عمل زشت کو

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ

تحقیق کہ وہ بندوں مخلص ہمارے سے ہے اور دوڑے دونوں طرف دروازے کی اور پہاڑا

قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۝ قَالَتْ مَا

کرتے اوسکی کو پیچھے سے اور پایا دونو نے سردار زلیخا کے نزدیک دروازے کے کہا زلیخا نے

جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ

کیا بدلا ہے اوس شخص کا کہ ارادہ کرے ساتھ اہل تیرے کی برائی مگر یہ کہ قید کیا جاوے یا عذاب دیا جاوے

اَلِيْمٌ ۝ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ

دردناک کہا یوسف نے زلیخا نے خواہش کی مجھ سے نفس میرے سے اور گواہی دی ایک شاہد نے

اَهْلِهَا اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ

اہل زلیخا سے کہ اگر ہے کرتا اوسکا چاک کیا آگے سے پس سچی ہی زلیخا اور یوسف

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

کاذبوں میں سے ہے اور اگر ہے کرتا اوسکا چاک کیا پیچھے کو پس زلیخا جھوٹی ہے اور یوسف

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ

راست گویوں میں سے ہے پس جب کہ دیکھا کرتہ اوسکا چاک کیا پیچھے سے کہا عزیز مصر نے تحقیق

كَيْدِكُنَّ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۝ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا

یہ کام مکر تمہارا ہے تحقیق مکر تمہارا بڑا ہے اے یوسف منہ پہیر اس سے کہ یہ بات پوشیدہ رکھ

وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ۝

اور اے زلیخا طلب مغفرت کر واسطے گناہ اپنے کی تحقیق تھی تو خطا کرنے والوں سے

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ

اور کہا ایک گروہ عورتوں نے بیچ شہر مصر کے کہ زن عزیز مصر کے خواہش کی غلام اپنے کی

نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَلَمَّا

نفس سے درستی کہ شیفتہ کیا یوسف نے زلیخا کو از روے دوستی کی ہم تحقیق دیکھتے ہیں اوسکو بیچ گمراہی ظاہر کے

سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَّاٰتَتْ

سنا زلیخانی غیبت زنانکو بہیجا طرف اونکی یعنی بلا یا اونکو اور آمادہ کیا واسطی اونکی مسند اور دیئے

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ

ہر ایک کو اونمین سی ایک چہری اور کہا زلیخانی یوسف کو نکل تو اوپر اونکی پس ہرگاہ دیکہا اونہوں نی

اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ

بزرگ پایا اسکو جمال مین اور کاٹا اونہوں نی ہاتہوں اپنی کو اور کہا پاکی یاد کرتی ہیں ہم خدا کو نہیں یہہ انسان سی نہین

هٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ○ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ وَلَقَدْ

یہہ مگر فرشتہ بزرگ کہا زلیخانی پس یہہ وہ شخص ہی کہ ملامت کرتی تہین تم مجہکو بیچ اوسکی اور تحقیق

رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ

طلب خواہش کی زلیخانی نفس یوسف سی پس نگہ رکہا اپنی تئین اور اگر نکریگا جو کچہ حکم کرتی ہون میں ہر آئینہ قید کیا جائیگا وہ

وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ○ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ

اور ہووے گا وہ ذلیلوں سی کہا یوسف نی ای پروردگار میری زندان دوست تر طرف میری اوس چیز سی کہ بلاتی ہین مجہکو

اِلَيْهِ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ

طرف اوسکی اور اگر نہ پہیریگا تو مجہسی مکر اونکی کو خواہش کرونگا میں طرف اونکی اور ہوونگا مین نادانوں سی

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

پس قبول کیا واسطی اوسکی رب اوسکی نی پس پہیرا خدانی اوسی مکر اونکی تحقیق کہ سننہاری دانا ہے

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ○

پس ظاہر ہوا واسطی اونکی بعد اوسکی کہ دیکہا اونہوں نی آیات کو قید کرینگی اوسکو ایک وقت تک

اور عطف والنعلمہ کا اوپر مقدر کی ہی اور تقدیر کلام کی اسطرحسی ہی وکذلک مکنا لیوسف

فی الارض لیتصرف فیہا بالعدل ولنعلمہ تعبیر المنامات ومعنا نسب الله تعالی فعلہ و

راودتہ التی ہو فی بیتہا ابن عباس سی نقل کی ہی کہ جملۂ فعل زلیخاسی یہہ تہا کہ جب وقت

طلب خواہش اپنی کی تہی یوسف کہتی کہ ای یوسف کیا اچہی بال ہین تیری جواب مین کہا اونہون نی

اول وہ چیز ہونگی کہ خاک مین پراگندہ ہونگی بال بہین بعد اسکی کہا زلیخانی کہ ای یوسف کیا روئی

نیک رکہتا ہی تو کہا یوسف نی کہ حسن الخالقین نی رحم مادر مین تصویر کیا ہی کہا زلیخانی کہ ای

یوسف خوب صورت تیری لاغر کیا مجہی تو آب دیا کہ شیطان نی تجہی اس امر پر برانگیختہ کیا ہی

کہا زلیخانی کہ ای یوسف عشق تیری نی آتش دل میرے مین مشتعل کی ہی آب لطف سی بجہا دی حضرت یوسف

نی کہا کہ اگر ایسا کیا اور آگ تیری ڈالون میں آتش دوزخ کی سوختہ ہونگا میں اور جب کہا زلیخانی

مداوشہ تو اور اندرون خانہ سی پانی لا کہ بہایت تشنگی سی بیقرار ہوں اور غرض اوسکی یہہ تہی

ہر گاہ کہ یوسف داخل خانہ ہون مجہی سی ایک جائی در مراد اپنی دلستی حاصل کری یوسف نی

جواب میں کہا کہ کہیں وہ شخص جاتا ہی کہ صاحب خانہ اور میں مملوک ہوں وہ مالک کسی چیز کا نہیں

ہون کہا زلیخانی کہ اس کہر مین فرش حریر اور دیبا بچہا ہی اس کہر مین داخل ہو اور مراد میری

بر لا یوسف نی کہا کہ کیونکر اپنی تئین لائق دوزخ کرون اور مرتبہ بہشت اپنی کو ہاتہ سی دیکر مین

کہا زلیخانی کہ ای یوسف بہانہ مکر اور مہر او میری پاس کہر مین آگ کسیکو اوس کہر مین راہ نہین ہی

کہا یوسف نی کہ خدا میرا جمیع خفیات سی مطلع ہی کسطرح اوسی پوشیدہ کرون کہا زلیخانی کہ ہاتہ

میری دلبر رکہہ تا اطمینان مجہی حاصل ہو کہا حضرت یوسف نی کہ عزیز سی شرم کرتا ہون کہ

اور لی ترسی کہا زلیخانی کہ عزیز کو شربت زہر پلا دونگی میں کہ مر جاوے اور تو

ہون کہا یوسف نے کسطرح سے عذاب الٰہی سے رہائی پاوینگے تو سدی سے مروی ہے کہ مراد
اوسکی یوسف سے ملاجہ تھی کہ اپنی تئین آراستہ کرتی تھی اور یوسف کو دکھلا کر اپنی طرف
مائل کرتی تھی اور کبھی ترغیب اور کبھی ترہیب کرتی تھی اور کہتی تھی کہ اے یوسف حسن و
جمال میرا نہین دیکھتا تو کہا حضرت یوسف نے کیونکر دیکھون اوس چیز کو کہ عنقریب خاک مین نا
پوشیدہ ہوگی بعد اسکے کہا زلیخا نے کہ کیونکر بالی بال میری نہین دیکھتا ہے کہا یوسف نے کہ کیا
فائدہ کہ خاک مین آمیختہ ہونگے ہر گاہ نزدیک حضرت یوسف کی بیٹھتی تھی کہا حضرت یوسف منہ پھیر
لیتی تھی اور ہر گاہ تدبیرات مراد وہ سے عاجز ہوئی اور حیلہ کیا اسوجہ سے کہ ایک گھر بنایا کہ
بیچ اوسکے دیوار اور دیوار مین آئینہ بندی کی تھی کہ صورت اپنی اور صورت یوسف کی اوسمین نقش کیا
تہا کہ دونو یکدیگر تنگ بغل مین لیے ہین اور ہر گاہ کہ وہ مکان تیار ہوا یوسف سے کہا کہ اندر
آؤ اور دیکھو تو شکل اس گھر کی کبھی نہ دیکھا ہوگا یوسف بالتماس اوسکے گھر مین داخل ہوئی اور
زلیخا عقب اوسکی سے آئی اور دروازہ بند کرتی جاتی تھی اور لکھا ہے کہ وہ سات گھر تھے اور ہر گھر مین
ایک دروازہ تھا زلیخا نے سب کو بند کیا اور کہا کہ هَيْتَ لَكَ اور کہا کہ آؤ کہ
مین واسطے تیرے مہیا ہون توضیح اہل مدینہ و ابن عامر نے بکسر ہا اور فتح تا ہے مثنات فوقانی
پڑھا ہے اور ابن کثیر نے بفتح ہا اور ضم تا پڑھا ہے اور باقیون نے بفتح ہا اور تا پڑھے ہے
اور جناب امیر المومنین سے مروی ہے کہ حضرت نے ساتھ ہمزہ کی اور ضم تا پڑھا ہے معنی تہیأت کے اور
اسیطرح سے ابی رجا نے اور ابی وائل اور یحیی بن وثاب سے مروی ہے اور معنی بدون
ہمزہ کے بفتح تا کی یہی ہے اور ہیت اسم ہی واسطے تعال کی اور معنی تعال کے اقبل کے ہین اور لام
واسطے بیان کی ہے گویا کہ کہا گیا ہے لَكَ اَقُولُ هٰذَا اور تحقیق مراد وقتل یہ ہے کہ

یہہ باب مفاعلت سے ہے اور مشتق راود یرود سے ہے اور یہہ اوسوقت بولتے ہین جبکہ
کوئی آوے یا جاوے بمعنی جا را اور ذہب کو یا کہ معنی یہہ ہین کہ مخادعہ کیا زلیخا نے
یوسف سے تا اوسکے کام اور خود سے باہر نکالدے اور مراودت طالب کو کہتے ہین ساتھ نرمی کے اور
ملاطفت کی انتہی بعد اسکے یوسف نے اوسکے جواب مین کہا کہ پناہ مانگتا ہون مین خدا سے
بدرستیکہ وہ جو در کار میرا ہے کہ نیک کیا ہے منزلت میری کو نزدیک صاحب میرے کی اور
اوسنے مجھپر رحیم کیا ہے پس خوب نہین کہ مین عصیان کرون اوس تمام پر مراد رب سے مجازا
عام پرورش کرنے والا ہے یوسف کا کہ وہ عزیز مصری ہے کہ یوسف کو مول لیا تہا اور تربیت
بوجہ احسن کی تھی اور محصل معنی یہہ ہے شان یہہ ہے کہ مربی میرے عزیز مصر نے نیک تعہد
کیا ہے پس جزا اوسکی یہہ نہین کہ مین اوسکی عیال مین خیانت کرون بدرستیکہ شان یہہ ہے
کہ نہین رستگار ہوتے ستم کرنے والے قولہ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا الآیۃ معنی ہم کے
لغت مین چند وجہ سے آئے ہین ایک یہہ ہے کہ قصد فعل کو کہتے ہین اور دوسری وجہ یہہ ہے
منظور کرنا ایک شی کا دلمین بدون قصد کرنے کی اور تیسری وجہ یہہ ہے کہ معنی نزدیک ہونے
کے اور چوتھی وجہ یہہ ہے کہ معنی شہوت کی اور میل طبیعت کے ہے ہر گاہ کہ معنی اوسکے لغت مین مختلف
ہین پس لابد ہے کہ نفی کی جاوین وہ معنی کہ سزاوار حضرت یوسف کے نہو اور وہ معنی ہین کہ
شہوت اور میل طبیعت بد کی نہی اور جمیع مفسرین ابرار متفق ہین کہ یوسف نے میل طرف بد کی
نہین کیا وجہ تبری کرنے اہل سنت وجماعت کی یوسف کو اس امر قبیح سے یا یہہ ہے کہ علم
کے قائل نہین ہین واسطے منشاعت ظاہر کی ہے ہر چند کہ بنا بر قائل ہونے کی کہ فاعل
خیر و شر افعال بندگان خدا ہے نہ قول عدالت راست آتا ہے نہ ابرار کی شناعت ظاہر

چنانچہ خاص پر پوشیدہ نہیں ہے اور وجہ بری کرنے اثنا عشریہ کی یہہ ہے کہ عصمت انبیا کے
قائل ہیں اور بندہ کو فاعل مختار اپنے فعل کا جانتے ہیں پس لابد ہے کہ حضرت یوسف کو بری
اس امر قبیح سے کریں پس تاویل اس آیہ کی یہہ ہے کہ قصد کیا زلیخا نے زنا کا ساتھہ یوسف کے اور
قصد کیا یوسف نے ساتھہ دفع کرنے اوسکے اگر نہ دیکھا ہوتا یوسف نے برہان رب اپنے کو
یعنی نور عصمت کو کہ حق تعالی نے ساتھہ اوسکے عطا کیا تھا بنا براسکے لولا شرطیہ کی جزا اسکی
مقدم ہوئی کہ وہ ہم بہا ہے اور اگر کوئی کہے کہ بہ وہم بہا سیاق اسکا مقتضی ہے کہ دونو
ہم متعلق قبیح سے ہوں پس کردانتے ہو تم ہم زلیخا کو ساتھہ قبیح کے اور ہم یوسف کو ساتھہ
دفع اوسی قبیح کے پس جواب اسکا یہہ ہے سلمنا کہ سیاق اور ظاہر اس آیہ کا یہی ہے لیکن
سیاق اور آیات کا خلاف اسکے پر دال ہے مثل اس قول حق تعالی کے هِيَ رَاوَدَتْنِي
عَنْ نَفْسِي یعنی کہا یوسف نے اوسی کہ زلیخا ہی نے مراودت کی تھی نفس میری سے اور یہہ
یوسف نے اوسوقت کہا تھا کہ جسوقت زلیخا نے کہا کہ کیا جزا ہے اوس شخص کی کہ ارادہ کرے
ساتھہ اہل تیرے کے بدی کا مگر یہہ کہ قید کیا جاوے یا عذاب دیا جاوے عذاب دردناک اور
اگر خود بہی ہوتی نیت مراودت کیا ہوتا تو کیون بری کرتے نفس اپنے کو اور پہی کہنا زنان کا حاشا للہ ما
عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدْتُهُ عَنْ نَفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ
یعنی کہا اون زنان نے کہ نہیں جانتی ہم کوئی بدی اسے سرزد ہوئی ہو اور کہنا زلیخا کا کہ
اب ظاہر ہوا حق ہے اور کہنا یوسف کا ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ یعنی رہنا میرا
قید خانہ میں اسواسطے تہا تاکہ جانے وہ یعنی عزیز مصر کہ نہیں خیانت کی میں نے اوسکی بیچ حالت
غیبت کے اور کہنا عزیز مصر کا وقتیکہ دیکھا اوس نے کہ پیراہن دریدہ ہوا ہے پشت سے

إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ بیشک یہہ کام مکر تمہارا سے ہے تحقیق کہ مکر تم عورتوں کا
بڑا ہے اور کہنا اوسی عزیز مصر کا يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا اے یوسف موڑ منہ پہیر اس امر
یعنی اس شاہد کو پنہان رکہہ اور کہنا اوسی عزیز مصر کا بعد اسکے کلام کے واسطے زلیخا کے
وَاسْتَغْفِرِي لِذَنْبِكِ إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ اور طلب آمرزش کر اے زلیخا واسطے گناہ
اپنے کے بدرستیکہ تو ہے جملہ گناہگاروں سے اور بعد ازین قبیل آیات بہت ہیں کہ ذکر کرنا اونکا باعث
طول کا ہوتا ہے پس ظواہر اور سیاق ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ دامن عصمت حضرت یوسف
نجاست خطا اور گناہ سے بری ہے لیکن مقتضائے عقل یہی ہے کہ واسطے ظواہر اور سیاق آیات قبیح
کی تاویل کرنا ایک آیہ کو کہ جو خلاف اونکے ہو نہایت بجا اور مستحسن ہے نہ اسکے واسطے ایک آیہ
کی آیات کثیرہ تاویل ہوں خصوصًا اوسوقت میں کہ ادلہ قاطعہ سے عصمت انبیا کی ثابت ہوئی ہے
چنانچہ اکثر ادلہ ماسبق میں اپنے مواضع میں مذکور ہوئی ہیں اور بہی تفصیل اسکی تفسیر اسی کی
میں مذکور ہوئی ہے اور چند دلیل دیگر اس مقام میں بہی مذکور ہوتی ہیں تا فائدہ اسکا تمام ہو اور
نفع اسکا عام اور ہر گاہ کہ ادلہ قاطعہ سے عصمت انبیا کی ثابت ہوئی ہے لہذا جو آیہ اور جو
روایت کہ مخالف اسکے ہے سب تاویل پذیر ہیں یا مطروح چنانچہ بعضی روایات کہ
اس مقام میں ذکر کیئے جاتے ہیں کہ متدین مصنف مطابق اور عقل تاویل کریگا یا طرح
اون روایاتکو کہ جو مخالف ہوں الا التسلیم کریگا اور وہ روایات یہہ ہیں کہ روایت کی ہے
حضرت امام ثامن ضامن علیہ السلام سے کہ جواب مامون رشید میں فرمایا تہا کہ اگر حضرت
یوسف معصوم نہ ہوتے تو وہ بہی قصد مجامعت کرتے اور یہی ہے حضرت نے پہر اس آیہ کو فرمایا
فَلَقَدْ هَمَّتْ بِالْمَعْصِيَةِ وَهَمَّ يُوسُفُ بِقَتْلِهَا إِنْ أَجْبَرَتْهُ لِعِظَمِ مَا تَدَاخَلَهُ فَصَرَفَ اللَّهُ عَنْهُ قَتْلَهَا وَالْفَاحِشَةَ

یہی تحقیق کہ قصد کیا زن عزیز نی معصیت کا اور یوسف نی قصد قتل اوسکی کا کیا اگر
جبر کرتی وہ یوسف کو واسطی زنا کی اور یہہ قتل اسواسطی تہا کہ وہ چاہتی تہی کہ یوسف کو
کار عظیم نظر مین آئی کہ وہ زنا ہی اور یہی روایت کی ہی اوسکو حضرت نی باپ اپنی سی اور
اونہون نی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی کہ اونہون نی تفسیر وَلَقَدْ هَمَّتْ
بِهِ بِأَنْ تَفْعَلَ وَهَمَّ بِهَا بِأَنْ لَا يَفْعَلَ، و بعضی اسکی یہہ مین کہ زلیخا نی قصد زنا کیا اور جب
نی قصد ترک کیا تفسیر عیاشی مین حضرت صادق سی مروی ہی ہر گاہ زلیخا نی قصد مجامعت کا
یوسف سی کیا یوسف نی بہی قصد مجامعت کا کیا بعد اسکی زلیخا نی یوسف سی کہا کہ ایسی حال
صبر کر تو یوسف نی کہا کس سبب سی صبر کرون زلیخا نی کہا کہ اس گہر مین ایک صنم ہی اسکا صبر کر
کہ اوسکی منہ کو چہپا دون کہ تا ہماری اعمال قبیح سی مطلع نہو یوسف نی اوسوقت نہین خدا کو
یاد کیا ابو زادہ بن عالم سرو الخبیثات سی ڈری اور بہاگی اور محمد بن قیس سی مروی ہی کہ
سنا مینی حضرت صادق علیہ السلام سی کہ ہر گاہ یوسف نی بند زیر جامہ اپنی کو کہولا صورت حضرت
یعقوب کی دیکہی کہ اوسکی دانتون تلی انگلی دابی ہی اور کہتی ہین کہ ای یوسف اس کار بد سی احتراز
کر تو پس یوسف اوٹہہ کہڑی ہوئی اور آب منی انگوٹہی پاؤن اونکی سی باہر آئی اور اس
بد سی فرار ہوئی اب اوسکا مضمون بیان ہوتی ہین ایک یہہ ہی کہ اگر نبی صلی اللہ علیہ و آلہ
سی کوئی گناہ سرزد ہو اجتماع ضدین لازم آتا ہی وہ اجتماع یہہ ہی وجوب متابعت
اوسکی اور مخالفت اوسکی وجوب متابعت اسواسطی کہ حق تعالی فرماتا ہی قُلْ
إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ یعنی کہہ تو ای محمد اگر ہو تم کہ دوست
رکہتی ہو خدا کو پس پیروی کرو تم میری تا دوست رکہی تمکو خدا اس آیہ سی وجوب

متابعت بہی ثابت ہوئی اور یہہ ساموزمین ہر چند کہ یہہ آیہ حق بہی ہماری ہی مین ہی لیکن کوئی
اسکا قائل نہین ہوا ہی کہ نبی ہماری معصوم مین اور نبی معصوم نہین مین آور مخالفت اسواسطی
ہی کہ متابعت مذہب کی حرام ہی گناہ مین اور دوسری یہہ اگر نبی سی گناہ صادر ہو تو
واجب ہی کہ ہم اوسکو زجر و توبیخ کرین اسواسطی کہ امر معروف اور نہی منکر سب پر واجب
ہی حال آنکہ زجر کرنا نبی کا حرام ہی اسواسطی کہ ایذا دینا اوسکی حرام ہی باتفاق امت اسواسطی
کہ حق تعالی فرماتا ہی إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ یعنی تحقیق
بدرستیکہ وہ لوگ کہ ایذا دیتی ہین خدا اور رسول اوسکی کو لعنت کرتا ہی خدا اونکو بیچ دنیا و آخرت
کی اور وجہ تیسری یہہ ہی کہ اگر انبیا سی گناہ سرزد ہو تو چاہیئی کہ اقل درجہ ہون گنہگاران
امت سی اسواسطی کہ درجات انبیا کی نہایت رفعت اور جلال مین ہین اور نعم الہی بسیار ہین
اوپر انکی جمیع ناس سی امین اور خلیفہ کرنا انبیا بیچ بندون کی نہایت مرتبہ مین ہی پس اگر وہ
مین مرتکب ہون اونکا معاصی کا اور اعراض کرنا احکام الہی سی واسطی لذت دنیا کی خاتمہ
کی کمال قبیح اور شنیع ہی عصیان کرنی اور عبادتی اور وجہ چوتہی یہہ ہی کہ حق تعالی
حکایۃ عن قول ابلیس فرماتا ہی فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ یعنی پس قسم ہی عزت کی
تیری کی ہر آینہ اغوا کرونگا مین سب بندون کو مگر بندگان تیری کو وہ مخلص مین پس اگر نبی گناہ کرتی
ہون تو چاہیئی محبوب ہون اون لوگون سی کہ معاصی سرزد ہوتی ہین اور مخلص سی خارج ہین باوجود
حال آنکہ باتفاق ثابت ہی کہ جمیع انبیا مخلصین مین آور پانچوین یہہ ہی کہ رسول صلی اللہ
علیہ و آلہ افضل ملائکہ سی اسواسطی کہ حق تعالی فرماتا ہی إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا
وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ تحقیق کہ حق تعالی نی برگزیدہ کیا آدم اور نوح اور

آل ابراہیم و آل عمران کو اوپر تمام عالم کے اور فضیلت بعض کی وال ہے فضیلت کل پر واسطے اجماع
مرکب کے اور اگر معصیت صادر ہوئی ہی تو جائز ہی کہ محال ہو ہونا افضل نبی کا ملائکہ سی اسواسطے کہ حق تعالیٰ
فرماتا ہی اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ قوله تعالی وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا منقول ہی ہر گاہ کہ یوسف علیہ السلام
اون دونوں نے جانے مین طرف دروازے کی اور چاک کیا زلیخا نے کرتہ اوسکے کو جانب پشت سے اور
پایا عزیز مصر نے اون دونوں کو نزدیک دروازے کی زلیخا مدعی ہوئی کہ اس شخص نے مجھسے فعل ناشائستہ
کا ارادہ کیا تھا سزا اسکی حبس ہی یا مارنا زیادہ سے اور یوسف نے کہا کہ اسنے مجھسے ارادہ بد کا کیا تھا اور
مین گواہی دی ایک شاہد نے اہل اوسکی سے اور وہ طفل چہار ماہہ پسر خالہ زلیخا تھا اور حضرت صادق سے
ہی کہ ہر گاہ یوسف نے عزیز سے اظہار طہارت اپنا لوث خیانت سے کیا یوسف جانب خدا سے الہام ہوا
کہ حقیقت میری اس کم و ک سی کہ گہوارہ مین ہی دریافت کر اسواسطے کہ وہ گواہی دیگا کہ زوجہ تیری نے
خود مجھسے ارادہ کیا تھا اس حرکت کا پس عزیز مصر متوجہ ہوا اوس طفل کا ہوا حق تعالیٰ نے اوسکو
گہوارہ مین گویا کیا تا اینکہ اون نے گواہی دی اوپر پاک دامنی یوسف کی اور کہا اوسنے کہ
اِنْ كَانَ قَمِيْصُهُ آہ بعضوں نے کہا ہی کہ وجہ عظمت کید زنان کی یہہ ہی کہ مردوں کو طرف اپنی
خواہش قلبی ہی اور باوجود اسکی ساتھہ آئین شائستہ کے اور ساتھہ شیرین زبانی کی مائل
جس چیز کو چاہتی ہیں ساتھہ مردوں کی کر سکتی ہیں بخلاف شیطان کی کہ خواہش قلبی ساتھہ اوسکے
ہی اور نہ بالمشافہہ گفتگو کرتا ہی لہذا کید زنان کو عظیم ... کیا ہی اور بعضوں نے کہا ہی کہ خوف مکر
عورات سی زیادہ ہی بہ نسبت خوف شیطان کی اسواسطے کہ حق تعالیٰ نے حق شیاطین مین فرمایا ہی
اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا اور حق عورتون مین فرمایا ہی اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ای الکافر
ان دو وجہ مین تامل ہی اولاً اس جہت سی کہ کون سی ضرورت

ضرورت داعی ہی کہ وجہ عظمت کید زنان بیان کیجاوے اسواسطے کہ یہہ حکایت محل عزیز مصر
ہی کہ اوسکی نزدیک عظمت کید زنان ثابت ہی ہوا ہی کہ حق تعالیٰ کی نزدیک عظمت کید زنان ثابت
ہوئی البتہ ضرورت داعی ہوتی کہ بیان وجہ عظمت کا کیا جاتا اور ثانیاً تائید مین لانا اس
قول حق تعالیٰ کو اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا خالی از تکلف و رتبت نہین ہی اسواسطے
کہ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ حکایت محل عزیز مصر ہی اور کید شیطان کان ضعیفا نسبت اپنی
حق تعالیٰ فرماتا ہی پس یہہ محل مؤید قول اول نہو گا اور ثالثاً اسواسطے کہ فرمانا حق تعالیٰ کا وَشَارِكْهُمْ
فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ یعنی قدرت شرکت ... نطفہ وغیرہ مین اور فرمانا حق تعالیٰ کا و
اِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ دلیل تام عظمت کید
شیطان کی ہی پس اگر کوئی کہی کہ اس تحقیق سے منافات قول حق تعالیٰ کا ان کید الشیطان کان ضعیفا
کی لازم آتی ہی جواب اسکا یہہ ہی کہ ... کہی ہیں جمیع مکاید و راسو جغیرا و ضعیف
ہیں کہ کید شیطان ہماری اسطے ... ہی اور رابعاً اسواسطے کہ کہنا کید شیطان کا ضعیف
مستلزم عظمت کید زنان نہین ہی بلکہ ہر گاہ کہ کید شیطان کہ نہایت جمیع مکاید سے ... ہی
حق تعالیٰ نے ضعیف فرمایا ہو پس بطریق اولیٰ کید زنان ضعیف ہو گا قوله تعالی مِنَ الْخَاطِئِيْنَ
خاطئین مشتق خطا سی ہی اور ہر گاہ کہ کوئی دانستہ گناہ کری عرب کہتے ہیں خطا فلان اور بکسر
خاطئین کی باعتبار تغلیب مردوں کی ہی اوپر عورتوں کی قوله تعالی وَقَالَ نِسْوَةٌ کاہ مقدمہ البی کا مشہور ہوا
جماعت زنان نے کہا کہ جو شہر مین تہین کہ امرأۃ العزیز تراود فتیها الخ اور وہ پانچ عورتین
تہین اور مصر باد شاہ کی تہین چنانچہ ایک اون مین سی ایک دربان اور دوسری ...
اور تیسری ... اور وغیرہ ... اور جو تہی ساقی اور پانچوین دارو غہ قید خانہ تہی و اطفاله

کی اسم جمع ہی جمع اور تانیث اسکی غیر حقیقی ہی اسواسطی قال مین فی تانیث کی لانا لازم نہوا
فی المدینہ مین دو احتمال ہین ایک یہ کہ متعلق قال کی ہین یعنی کہ بیچ شہر مصر کی عورتون نی اور دوسرا یہہ کہ متعلق نسوہ
یعنی وہ عورتین کہ ساکن شہر مصر ہین قولہ قد شغفہا حبا الخ یعنی چاک کیا حب یوسف نی شغاف
قلب زلیخا کو اور شغاف حجاب قلب کو کہتی ہین یا جلد باریک کہ جسکو لسان القلب کہتی ہین اور
مجمع البیان مین لکھا ہی کہ جناب امیر المومنین اور امام زین العابدین اور امام محمد باقر اور امام جعفر
صادق علیہم السلام نی قرات اسکی بعین مہملہ کی ہی یعنی جلایا یوسف نی زلیخا کو از روی عشق
کی قولہ فلما سمعت بمکرہن الخ اور غیبت کا نام مکر رکھا ہی اسواسطی کہ غیبت خفیہ مین
ہوتی ہی اور مکر بھی اکثر خفیہ مین کرتا ہی اور بعضون نی کہا ہی کہ مطلب انکا اس غیبت اور سرزنش
سی یہہ تہا کہ واسطی دیکھنی حضرت یوسف کی مکر اور حیلہ برانگیختہ کرین لہذا تعبیر غیبت کی ساتھہ مکر کی کی
قولہ متکا واتت کل واحدۃ الخ حاصل اسکا یہہ ہی ہر گاہ کہ مردمان نازپرور وقت طعام
کہانی کی تکیہ کرتی ہین لہذا اسکا کہا گیا اور بعضون نی کہا ہی کہ متکا طعام ہی اور مشتق ہی قول عرب
سی اتکانا عند فلان یعنی کہایا ہمنی نزدیک اسکی اور اصل اسکی یہہ ہی جو شخص کہ
بلاتا ہی واسطی کہانا کہلانی کی تو مہیا کرتا ہی اسکی واسطی مسند و تکیہ پس نام کہا طعام کا متکا بنا بر
استعارہ کی اور عکرمہ نی کہا ہی کہ وہ چیز کہ کاٹی جاتی ساتھہ چہری کی اسواسطی کہ اسی غذا اکثر تکیہ لگا کی
کہائی جاتی ہی اور بعضون نی کہا ہی کہ مطلق طعام کو کہتی ہین اور علی ابن ابراہیم نی تفسیر اپنی مین
متکا بسکون تا اور حذف ہمزہ روایت کی ہی اور تفسیر ترنج کی ہی یعنی شہبا اور
حاضر کی اونکی اسکی ترنج قولہ الا ملک کریم اور اثبات ملکیت کا واسطی یوسف کی اس
جہت سی [illegible] شان [illegible] مین مرکز یعنی مستقر ہی کہ فرشتہ سی کوئی احسن نہین ہی جسطرح کی

کہ شیطان سی کوئی قبیح نہین ہی اور نفی بشریت کی یوسف سی اس جہت سی ہی کہ
جمال انکا نہایت عجیب و غریب تہا حدیث معراج مین لکھا ہی کہ جناب نبوی صلعم
نی فرمایا کہ دیکھا مینی دوسری آسمان مین ایک شخص کو کہ صورت اوسکی مثل ماہ چہار دہ
تہی کہا مینی جبرئیل کی یہہ کون ہی کہا کہ یہہ بہائی تمہارا یوسف ہی اور تفسیر خلاصۃ المنہج
مین لکھا ہی کہ صاحب وسیط نی باسناد خود جابر انصاری رحمۃ اللہ علیہ سی نقل کی
ہی کہ حضرت رسالت صلی اللہ علیہ و آلہ نی فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئی اور کہا کہ
خدا نی تمہین سلام کہا ہی کہا ہی کہ اے حبیب میری تیری حسن رو کو نور عرش سی مقرر کیا
مینی اور حسن یوسف نور کرسی سی اور کوئی مخلوق تجکو حسن نہین پیدا کیا مینی آنحضرت کو
کمال تہا اور یوسف کو جمال تہو جمال یوسفی مین دستہا بریدہ ہوئی اور ظہور کمال محمدی
مین زنارین قطع ہوئین اور اسی معنی مین کہتی ہین شعر از حسن وی یوسف دستی
بریدہ سہل است در پای دلبر من سرہا بریدہ بینی قولہ ولیکونا من
الصاغرین اور نون ولیکونا مین خفیفہ ہی اور جس وقت کہ وقف کیا جاوی تو
الف سی لکہتی ہین اور یہہ بمنزلہ اوس تنوین کی ہی کہ حالت وقف مین الف
ہو جاتی ہی قولہ قال رب السجن احب الی ابو حمزہ ثمالی نی روایت کی امام
زین العابدین سی کہ ہر گاہ وہ عورتین خانہ مصر سی باہر گئین ہر ایک نی باخفای دیگر
حضرت یوسف پاس پیغام بہیجا کہ ہمارے پاس آؤ اور اپنی ملاقات سی بہرور کرو
یوسف نی قبول نکیا اور کہا کہ رب السجن احب الی اور بعضی تفسیر مین یون منقول ہی کہ
جب یوسف نی یہہ بات سنی اوس مجلس سی [illegible] وہان ہوئی عورتون نی انکا تعاقب

کیا اور زلیخا سی اظہار کیا کہ ہم اوسکو ملامت کرتی جاتی ہیں حال آنکہ ہر ایک نی وہان
جا کی اپنی اپنی طرف بلایا یوسف نی اونکی باتون سی تنگ ہوکر دعا کی کہ ای پروردگار میری مجھکو
زندان دوست تر ہی بلانی ان عورتونکی سی اور اگر تو انکی مکر حیلہ سی نہ بچاویگا تو خواہش
کرونگا مین طرف اونکی بسبب بشریت کی اور ہوجاونگا مین نادانون مین سی پس
قبول کی اللہ نی دعا اوسکی منقول ہی کہ بعد اوسکی پس ہو نا امید ہوئی ان عورتین
نی زلیخا سی کہا کہ صلاح کار اور مشورہ یہہ ہی کہ یوسف کو چند روز زندان مین قید کیجیے
شاید بسبب رنج اور محنت زندان کی فرمانبردار تیرا ہوا اور قدر راحت اور نعمت کی معلوم کری
پس سلیم خاطر ہووین تیری [illegible] زلیخا کو یہہ مشورہ پسند آیا اور خود نزدیک عزیز کی آکر اظہار کیا
کہ اس غلام کنعانی سی بسبب بدنامی کی میری طبیعت کو نفرت ہوگئی ہی تو صلاح یہی ہی
کہ اسکو بہ طوق و زنجیر زندان مین قید کیا جاوی تاکہ لوگ جانین کہ یوسف ہی گنہگار ہی اور
مین طعنہ اور ملامت سی خلق کی بچ جاؤن عزیز کو یہہ بات پسند آئی اور یوسف کو
زندان مین بہیجا اور اسی طرف اشارہ ہی اس قول حق تعالی کا ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ
مَا رَأَوُا الْآيَاتِ یعنی بعد ازو دیکھنی دلایل عصمت کی مثل گواہی دینی لڑکی کی اور چاک
ہونی پیراہن کی جانب پشت سی اور قطع کرنی ہاتہہ عورتونکی اور منع کرنی یوسف کی تدبیر
اور مصلحت اونکی اسباب پر ٹہری کہ انکو قید کیا چاہیے چنانچہ زلیخا نی آہنگر کو بلاکر
کہا کہ ایک بیڑی اور زنجیر محکم تیار کر تا اس غلام عبری کو قید کرون اور گوشمالی دون
جب کہ حداد نی ہاتھ اور پانو یوسف کی دیکھی تو لاکر ای ملکہ جہان یوسف ایسا کاہی اور طاقت
زنجیر اور قید زندان کی نہین رکھتا ہی زلیخا نی خفا ہوکر کہا کہ تو قیدیون پر رحم کرتا ہی آخر حداد

نی بند و زنجیر موافق مرضی زلیخا کی تیار کیا اور یوسف کو طوق و سلاسل گراں حکم کیا کہ اسکو
گھوڑی پر سوار کرکی بازار مصر مین پہراؤ اور منادی کرو کہ جو شخص کہ حرم عزیز سی ارادہ
خیانت رکھتا ہو اوسکی سزا یہہ ہی اور زلیخا جامہ کثیف اور کہنہ پہنکر سر راہ یوسف
پر کھڑی ہوئی کہ تاکوئی نہ پہچانی اور گفتگو یوسف کی سنی پس جب یوسف کو مرکب پر سوار کیا
تو اوسوقت یوسف نی روکر مناجات کی کہ الہی تو میری امید گاہ ہی اب کہ ایک غم و الم
ہجوم لا [illegible] افغان مین [illegible] اور جفامی اوران سی رنج غربت مین سرگردان آوارہ وطن کی
گرفتار بند و زندان کا ہوا ہون سوای استعانت تیری کی ملجا اور ماوا نہین رکھتا
ہون پس اوسیوقت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئی اور کہا کہ ای یوسف بند و زنجیر سی
غم نکہا کہ سلسلہ گردن شیرون مین زیور ہی تمہار [illegible] حبس سی تنگ اور جفای قید
سی [illegible] بیٹہنا [illegible] زندان کا موجب خرابی [illegible] ہر کا لیکن ای یوسف
زلیخا آئی ہی [illegible] تیری [illegible] مین بیٹھی ہی تا دیکھی کہ کس طرح جزع فزع اور بیتابی کرتا ہی اور اسکو تشنیع
اپنا لاتا ہی ای یوسف تمہار [illegible] اور صبر حسین ہمت والا اور خندان رہنا
اسطرح سی کہ گویا تمہین زندان سی طرف گلستان کی لیے جاتی ہین [illegible] اعلی
تیری گلستان کرون جس وقت کہ یوسف کو سرای عزیز سی باہر لیگئی تو قریب لاکہہ مرد اور
عورت کی [illegible] تماشی کی باہر آئی اور مرد تیرا پنی چہاتیون پر مارتی تھی اور عورتین منہہ اپنا
ناخن سی خراشیدہ کرتی تہین اور یہہ خروش اہل مصر سی بلند تہا کہ افسوس [illegible] کو
کہ ہاتہہ حوریان بہشتی کی [illegible] حمایل کرتی اوسکی حسن تن مین طوق گلوگیر کیا اور [illegible]
ہاتہہ کہ گردن [illegible] اور اسکی آرزو مین مقید قید حسرت کی ہی زنجیر سی کیا علاقہ

جو شخص کہ حال یوسف کا جیسا تھا [illegible] جب یوسف زلیخا کی [illegible] اگر هذا غلام

امر کنعان [illegible] غلام مرد کنعانی ہی و العزیز علیہ غضبان اور عزیز اوپر یوسف کی خشمناک ہی

جبرئیل آئی اور کہا کہ بولو [illegible] هذا خیر من غضب الحمار و من غضب الدیان [illegible]

غضب [illegible] و من دخول النیران و سرابیل القطران اور [illegible] آتش [illegible]

[illegible] قدرت آواز تیری [illegible] یوسف نی [illegible] زلیخا [illegible]

اور [illegible] حکم کیا [illegible] یوسف کو زندان میں [illegible]

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّیٓ اَرٰىنِیٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَ

اور داخل ہوئی ساتھ یوسف کی بیچ قید کی دو جوان کہا ایک نی ان دونوں میں سی تحقیق میں دیکھتا ہوں کہ نچوڑتا ہوں شراب کو اور

قَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیٓ اَرٰىنِیٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْهُ ؕ

کہا دوسرے نی تحقیق میں دیکھتا ہوں کہ اٹھائی ہوں اوپر سر اپنی کی روٹی کو کہ کھاتی ہیں پرندے اس میں سی

نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ قَالَ لَا یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ

آگاہ کر ہمکو تعبیر اسکی سی تحقیق ہم دیکھتی ہیں تجکو نیکوں سی کہا یوسف نی نہ آویگا تمکو طعام

تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِیْلِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّاْتِیَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیْ

کہ روزی دیے جاتے ہو تم ساتھ اسکی مگر یہ کہ آگاہ کر دونگا میں تمکو ساتھ تعبیر اسکی کی پہلی اس سے کہ آوی تمکو یہ اس میں سی ہی کہ سکھایا ہی مجکو

رَبِّیْ ؕ اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

رب میری نی تحقیق ترک کیا میں نی دین اس قوم کا کہ وہ ایمان نہیں لاتی ساتھ خدا کی اور آخرت کی وہ

كٰفِرُوْنَ ۝ وَ اتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ ؕ

کافر ہیں اور پیروی کی میں نی دین باپ دادوں اپنی ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کی

مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا

نہیں ہی درستی ہماری یہہ کہ شریک کریں ساتھ خدا کی کسی چیز کو یہہ ہی فضل خدا کا اوپر ہماری

وَ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ۝

اور اوپر لوگوں کی اور لیکن بہت لوگ نہیں شکر کرتے ہیں

یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

اے رفیقو میری زندان کی آیا خداوند متفرق بہتر ہیں یا خدا اکیلا

الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّیْتُمُوْهَآ

قہار نہیں عبادت کرتی تم بیچ [illegible] سوا خدا کی مگر ناموں کو کہ نام رکھ لیا ہی ان کا

اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ

تمنی اور باپ دادوں تمہاری نی کہ نہیں نازل کیا خدا نی ساتھ عبادت ان کی کوئی حجت نہیں

الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ

حکم کرنا واسطی خدا کی کہ حکم کیا ہی خدا نی یہہ کہ نہ عبادت کرو تم مگر اسی خدا کی یہہ ہی دین

الْقَیِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ یٰصَاحِبَیِ

درست ہی اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتی اے دو رفیقو میری

السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَیَسْقِیْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَیُصْلَبُ

زندان کی لیکن ایک تم میں سی پس پلاویگا بادشاہ اپنی کو شراب اور لیکن دوسرا پس سولی دیا جاویگا

فَتَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِیَ الْاَمْرُ الَّذِیْ فِیْهِ تَسْتَفْتِیٰنِ ۝

پس کھاویں گی پرندے سر اوسکی سی جاری کیا گیا ہی حکم کہ وہ بیچ اوسکی تعبیر پوچھتی تھی تم

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ

اور کہا یوسف نی اوس شخص کو کہ جانتا تھا نجات پاویگا اون دو میں سی کہ ذکر کر میرا تو نزدیک اپنی مالک کی

فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ع

پس بھلا دیا اوسکو شیطان نی یاد کرنی یوسف کو نزدیک خداوند اپنی کی پس رہی یوسف بیچ قید خانہ کی چند برس

قوله وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ الخ اور داخل ہوئی ہمراہ اوسکی دو
جوان بندیکان ریان سی کہ ایک اونمین سی ساقی بادشاہ تھا اور نام اوسکا
بونان تھا اور دوسرا باورچی کہ نام اوسکا مخلب تھا اس واسطی کہ
بادشاہ اونسی بدگمان تھا کہ یہ زہر دینگی چنانچہ مروی ہی کہ باورچی نی کھانا لاکر
آگی بادشاہ کی رکھا تب ساقی نی عرض کیا کہ ای بادشاہ اسمین زہر ملا ہی اسکو نہ کھا
باورچی نی کہا کہ ای بادشاہ اس شراب میں زہر ملا ہی پس اوس کھانیکو ایک جانور کو کھلایا اور وہ
جانور مرگیا تو اس جہت سی بادشاہ نی دونوکو زندانمین بھیجا اور حال یوسف کا زندانمین یہ تھا
کہ جستجوی حال قیدیونمین مصروف رہتی تھی اور اونکی بیماریمین عیادت اونکی جاتی تھی اور معالجہ اونکا
کرتی تھی اور کپڑی پھٹی اونکی سیتی تھی اور تسلی اونکی کرتی تھی خبرمین وارد ہی کہ جب یوسف
زندانمین داخل ہوئی تو قیدیونکو دلشکستہ پایا کہا اونسی کہ خوشدل ہو اور صبر کرو کہ خدا اسکو فرو دیگا
دیکا ساتھ خوشی اور ثواب عقبی کی اونہون نی سنکی اس بات کی خوش ہوکر کہا کہ حسن تیری خلق کی
ہوا بہتری کیا زیبا ہی اور بتکو ہی تو کون ہی اور کس قبیلی سی ہی حضرت نی کہا کہ میں یوسف
بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم خلیل اللہ ہوں داروغہ زندان نی کہا کہ ای پیغمبرزادہ اگر
ہوسکتا تو میں چھوڑ دیتا مگر اب بھی تیری خدمت گذاری میں تقصیر نکرونگا اور تمام زندانی اوسکی نزدیک یوسف

کی اگر اظہار محبت و الفت کیا کرتی تھی یوسف نی فرمایا کہ ای یارو میری محبت میں غور کرو کہ جسنی
مجھسی محبت کی اوسی محنت کھینچی چنانچہ پہلی پھوپی میری مجھی دوست رکھتی تھی اور چاہتی تھی کہ
مجھکو اپنی پاس رکھی لہذا ایک کمربند کہ میراث ابراہیم سی اونکو پہنچا تھا کمر میں میری باندھا اور
جب میں سو گیا تو کھول لیا اور مجھی تہمت چوری کیا تاکہ مدت ایک سال مجھی اپنی پاس رکھی میں
اور دوسری ہنگام مرنی اوسکی جد میری بھی مقرر رہتی تھی بسبب دوستی اوسکی جدائی سالوں میں گرفتار
ہوکر بینائی تک پہنچا اور دوستی زلیخا سی بند زندانمین گرفتار ہوا قیدیون نی کہا کہ ہم تیری
الفت سی دست بردار نہونگی القصہ وہ قیدی بانواع فوائد مستفید ہوتی تھی اور تعبیر خواب
پوچھتی تھی اور وہ تعبیر موافق ہوتی تھی اسواسطی تمام زندانی نزدیک یوسف کی حاضر رہتی تھی اور تعبیر
خواب کی پوچھا کرتی تھی ایک شب دونون شخصون نی کہ ساتھ یوسف کی قید ہوئی تھی
خواب دیکھا اور حضرت یوسف سی بیان کیا اور بعضون نی کہا کہ خواب نہ دیکھا تھا مگر براہ
امتحان پوچھا تھا اور تفسیر عیاشی میں جناب صادق علیہ السلام سی مروی ہی کہ جب کہ عزیز مصر نی
یوسف کو قید کیا تو حقتعالی نی یوسف کو قید ہی میں علم تعبیر خواب عطا کیا اور دونوں ولد
جوان نی زندانمین یوسف سی پوچھا کہ تم کیا کمال رکھتی ہو یوسف نی کہا کہ کمال میرا بیان کرنا
تعبیر خواب کا ہی انتہی کلامہ اور تفصیل اوس خواب کی یہ ہی کہ ساقی نی دیکھا کہ نچوڑتا ہوں میں
تین خوشہ انگور کی واسطی شراب عزیز کی اور اطلاق خمر کا اوپر انگور کی مجاز ہی اور کہا باورچی
نی کہ دیکھتا ہوں میں اپنی تئین باورچی خانہ میں بادشاہ کی کہ میں اوٹھائی ہوں اوپر سر اپنی کی روٹی کو
کہ کھاتی ہیں اوسکو پرندی پس آگاہ کر ہمکو ساتھ تعبیر اس خواب کی اور محمد بن مسعود عیاشی نی اپنی تفسیر میں
لکھا ہی کہ جناب صادق علیہ السلام سی منقول ہی کہ یہ آیت اسطرح ہی إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ

فَوقَ رَاسِی خُبزاً تَأکُلُ الطَّیرُ مِنهُ یعنی بدرستیکہ دیکھا مینی کہ اوٹھائی ہوئی مین اوپر
سر اپنی کی ایک کاسہ کہ اوسمین روٹی ہی قوله یا صاحبی السجن اس کی دو معنی ہین
ایک کہ ای دو یار میری زندان کی بنا بر محذوف ہونی یای متکلم کی اور دوسری معنی یہ کہ ای
دو ساکن زندان کی کہ صاحب بمعنی ساکن کی ہی قوله قضی الامر علی بن ابراہیم نی اپنی تفسیر
مین کہا ہی کہ جوان اول نی خواب دیکھا تھا اور حضرت یوسف سی تعبیر اوسکی پوچھی تھی اور
جوان ثانی نی خواب نہ دیکھا تھا لیکن بنا بر امتحان کی پوچھا تھا بعد اوسکی اوسنی کہا کہ
جھوٹ کہا تھا حضرت یوسف نی کہا کہ قُضِیَ الأمرُ قوله وقال الذی ظن انه
منقول ہی کہ بادشاہ نی فرمایا کہ باورچی کو دار پر کھینچو اور ساقی کو کہ صفت امانت اوسکی
ثابت ہوئی تھی منصب اول عطا کیا اور ہر گاہ کہ یوسف متوسل بمخلوق ہوئی واسطی نجات
اپنی کی اور ترک اولی عمل مین لائی جبرئیل نازل ہوئی اور یوسف کو گوشہ زندان مین لیکی اور
پر اپنا زمین پر مارا کہ طبقہ اول شگافتہ ہو گیا یوسف سی کہا کہ دیکھ تو کیا ہی یوسف نی کہا کہ
دوسرا طبقہ دیکھتا ہون پس اسیطرح بتدریج ساتون طبقو کو شگافتہ کیا اور حضرت یوسف
کو دکھلایا بعد اسکی ایک سنگ بزرگ دکھلایا اور اوسپر بھی پر مارا کہ وہ شگافتہ ہو گیا
اور ایک کیڑا اوسمین سی باہر آیا کہ اوسکی موہنہ مین برگ سبز تھا تب جبرئیل علیہ السلام نی
کہا کہ پروردگار عالمیان نی بعد سلام کی فرمایا ہی کہ شرم نہین کرتا ہی تو مجھسی کہ مخلوق گنہگار سی
اعانت چاہی اسکی عوض مین سات برس اور قید رکھونگا حضرت یوسف اسبات سی نہایت غمگین
ہوئی اور پوچھا کہ ای جبرئیل اسوقت خدا مجھسی راضی ہی کہ جبرئیل نی کہا کہ ہاں یوسف نی کہا کہ جب
اللہ مجھسی راضی ہی تو اگر ستر برس بھی قید مین رہون تو خوف نہین ہی اور ابو عبد اللہ سی روی

ہی کہ جبرئیل یوسف پاس آئی اور کہا کہ ای یوسف یہ حسن و جمال تجھکو کسنی دیا ہی کہ کوئی
دنیا مین مانند تیری نہین ہی یوسف نی کہا کہ میری پروردگار نی پھر کہا کہ محبت تیری تیری
باپ کی قلب مین کسنی ڈالی اور کاروان کو سر چاہ پر کسنی پہنچایا اور کنوئین سی کسنی بچایا کہ
بھائیون نی تجھین پھینکا تھا اور کید زنان کسنی تم پر غالب نہ کی دیا یوسف نی کہا کہ میری خالق
اکبر نی پھر کہا جبرئیل نی کہ حق تعالی فرماتا ہی کہ کیا باعث ہوا کہ اب تو نی حاجت اپنی مخلوق سی
طلب کی اس سبب سی سات برس اور قید رکھونگا جب یوسف نی جبرئیل سی یہ سنا تو اسقدر
روئی کہ در و دیوار رونی لگی اور اہل زندان گریہ اونکی سی تنگ ہوئی اور مصالحہ پر قرار پایا کہ
ایک روز رویا کرو اور ایکدن چپ رہا کرو کوئی یہ نہ سمجھی کہ استعانت مخلوق سی واسطی دفع ضرر
کی درست نہین اور باجماع جواز اسکا ثابت ہی بلکہ بعضی اوقات واجب ہی پس روایت مذکورہ دلالت
حرمت استعانت پر نہین کرتی بلکہ عتاب یوسف پر سبب ترک عادت جمیلہ اوسکی کی تھا
کہ ہر بلا مین صبر اور تحمل اور توکل بخدا کرتی تھی اور ترجیح استعانت اوسکی جمیع رتبون کی اعتماد
کلی مخلوق پر ہوا اور توکل بخدا اکثر ہی اور اگر باوجود توکل بخدا مخلوق کو واسطہ کری دفع بلا کی
لیے تو گنہگار نہین ہوتا ہی کذا فی الخلاصہ مولف کہتا ہی کہ جواب اسکا نرم کا وجوہ دیگر سی
بھی ممکن ہی اول یہ کہ در صورت تاویل ترک اولی پیغمبر کی نسبت یہ توجیہ دور ہوجاتا ہی اگر کوئی کہی
کہ تکالیف انبیا کی مختلف ہوتی ہی ممکن ہی کہ واسطی ہماری استعانت مخلوق سی درست ہو
اور اونکی واسطی ممنوع چنانچہ ذبح کرنا اپنی فرزند کا حضرت ابراہیم کو بھی اسیطرح سی اور
ثالث اسواسطی کہ اونکا فرمانا اپنی مقرب اور مخصوص کی نہایت قبیح اور بد معلوم ہوتی ہی لہذا
حق تعالی نی اونکو تہدید کی ہو انتہی کلامہ سرکار ساقی مرتبہ تقرب کو پہنچا پس بہلا دیا اوسکو

شیطان نی یوسف کو اور رہی یوسف زندان میں چند سال مراد وضع ہی ۃ و بعضی کہتی ہیں کہ تین سال پر
اور لوسی ہی ہوا و بعضوں نی کہا ہی کہ سات برس قید میں رہی اور بعضوں نی کہا ہی کہ اٹھارہ برس
چنانچہ حضرت صادق علیہ السلام سی مروی ہی کہ حضرت یوسف وقت قید ہونیکی بارہ برس
کی تھی کہ اٹھارہ برس قید رہی اور بعد نکلنی قید کی ائی سن جیسی لقب سبب عمر اونکی کی تیس برس کی
ہوتی ہی و بعضوں نی ضمیر فانسٰہ الشیطان کی طرف یوسف کی پھیری ہی کہ سوائی
رو بکی حضرت یوسف کو کچھ کام نہ تھا تا اینکہ یہ خبر زلیخا کو پہنچی زلیخا نی حکم کیا کہ زندانیوں ایک دریچہ
بطرف شارع عام کہولیں تاکہ وہیں یوسف کو ٹہلاویں کہ وہ دیکھتی رہیں رہگذر کی مشغول رہیں پر
اتفاقا وہ دریچہ طرف کنعان کی واقع ہوا تھا ہر گاہ کہ شب ہوتی تھی تو یوسف اوس دریچہ
میں بیٹھتی تھی اور جو ہوا کہ کنعان کی طرف سی آتی تھی بزبان حال پرسان احوال کنعان ہوتی تھی اور جو ہوا
کہ اودہر سی کنعان کو جاتی تھی پیغام اپنی حال کا بھیجتی تھی ایک شب بیٹھی تھی کہ ایک اعرابی کو دیکھا کہ شتر
پر سوار جنگل کو جاتا ہی شتر اوس کا سرکشی کی اور متوجہ زندان کا ہوا ہر چند اعرابی نی پھیر کیا مگر آخر
اعرابی تنگ ہو کر پیادہ ہوا اور شتر کی مہار اپنی ہاتھ سی چھوڑ اکر نزدیک دریچہ کی آ کر کھڑا ہوا
اور بزبان فصیح یوسف سی کہا کہ ای یمن جوی اور ای گلبن گلشن یعقوبی کنعان سی مصر کو آیا
تھا اور اب مصر سی کنعان کو جاتا ہوں اوس پر محنت زدہ کو کوئی پیغام بھیجتا ہی تو یوسف نی
جب نام پدر اور کنعان کا سنا خروش اور فریاد کرنی لگی تا گاہ اعرابی نی چاہا کہ اوسکو عصا
مارے کہ زمین میں تا نصف ساق در آیا یوسف نی آواز دی کہ یا اخا العرب کچھ دیر توقف کر کہ کچھ بھی
کلمات کہوں تمہیں اعرابی نی کہا کہ زمین مجکو پکڑی ہی کہیں جا نہیں سکتا ہوں جو کچھ کہنا چاہتی ہو کہو
یوسف نی کہا کہاں سی آتا ہی تو کہا کنعان سی حضرت یوسف نی کہا کہ شتر اس کا کہ میں تھا

کہا اوسنی کہ چراگاہ آل یعقوب میں اوس چشمہ پاس کنعان سی ہی یوسف نی کہا کہ بر کنعان میں ایک
درخت کو تو جانتا ہی کہ اوسکی شاخیں بہت اور ایک دن شاخوں سی جا لیتی ہی کہ سال گذرتی ہی میں کی
بیخ اوسکی اور شاخ میں لگ کرتی ہی اعرابی نی کہا کہ یہ جگہ کم کہتی ہو احوال یعقوب سی کہ ہر روز تھی کہتی
ایک نہ تھی تھی غائب کیا ہی مدت گذری کہ فراق میں اوسکی روتی ہی اور جو راہ سی کہ خبر پایا ہی کہ
نام اوسکا بیت الحزن کہا ہی جو کوئی دور سی گذرتا ہی وہ تی احوال از و کم شدہ پوچھتی ہی اور
کوئی نام و نشان سی اوسکی خبر نہیں دیتا یوسف یہ بات سنکر نہایت محزون ہوئی اور رونی
لگی اور کہا کہ ای اعرابی یہاں سی کہاں جاویگا تو کہا اوسنی کہ بادیہ کو جاتا ہوں کہ متاع و اسباب
بیچوں اور بعد اوسکی کنعان جاؤں یوسف نی کہا کہ اس بیع میں کسقدر نفع کی طمع ہی تجھی کہا
اوسنی کہ سو درہم کی یوسف نی کہا کہ میں ایک بات تجھی بتاتا ہوں کہ ہزار درہم کو بیچ کا چاہتی تو
کنعان کو جا جس وقت کہ کنعان میں پہنچی تو بیت الحزن میں جائیو اور کہیو کہ پیغمبر خدا میں قاصد
غریبان ہوں کہ زندان میں گرفتار ہیں دست تضرع درگاہ خدا میں اوٹھاؤ اور ہماری واسطی دعا
کرو اور جسطرح کہ میں نی تجھی فراموش نہیں کیا ہی تو بھی مجھی فراموش کر اعرابی نی کہا کہ نام تمہارا
تقدیر یہ ہی ارادہ خوف اور طمع یعنی دکھلاتا ہی خدا انکو برق واسطی ارادہ کرنی خدا کی ... ڈرانی
ایک جماعت کو اور طمع میں ڈالنا جماعت دیگر کا اور عیون اخبار الرضا میں وہی ... مراد ہو

خوف مسافر ہی باران سی اور طمع سی طمع مقیم کی کہ وہ بارانسی سے کہی نمو زراعت اور اشجار کی قولہ
ویسبح الرعد بحمدہ اور تسبیح کرتا رعد سی سبحان اللہ والحمد للہ ہی اور علی بن ابراہیم
نی لکہا ہی کہ رعد ایک فرشتے کا ہی کہ ابر کو لیجاتا ہی اور روایت ابن عباس سے معلوم ہوتا ہی کہ ہم
رعد تازیانہ ہی آتشین کہ جسوقت وہ کہ لیجاتا ہی ابر کو بنابر فرشتہ ہونی رعد کی معنی تسبیح از
آنکی بی تکلف ہوتی ہین اور درصورتیکہ معنی عدمی آواز فرشتہ ہو تکلف اور تاویل لازم آتی ہی
تاویل اسکی یہہ ہی یسبح سامعو الرعد یعنی تسبیح کرتی ہین سننی والی رعد کی درحالیکہ تکبیر
تحمید مین اور ایک روایت مین آیا ہی جسوقت کہ پیغمبر خدا آواز رعد سنتی تہی تو فرماتی تہی سبحان
اللہ من یسبح الرعد بحمدہ قولہ ویرسل الصواعق احادیث اہل بیت علیہم السلام
مین منکثر الورود ہی جو شخص کہ ذاکر ہو صاعقہ اوسکو نہین پہونچتا ہی برید عجلی کہتا ہی کہ مین نی
حضرت صادق علیہ السلام سی سوال کیا مین کہ ذاکر کون ہی فرمایا کہ جو شخص سو آیت
قرآن تلاوت کری اور دوسری حدیث مین وارد ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام نی فرمایا
جو کوئی کہ نوافل مین سورہ اذا زلزلت الارض تلاوت کری نہین پہونچتا اوسکو زلزلہ اور صاعقہ
اور نہین مرتا ہی بسبب آفتی آفات دنیوی سی قولہ شدید المحال مروی ہی کہ حضرت
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نی ایک جماعت کو نزدیک ایک شخص کی کہ معاندان مشرکان عرب سے تہا
بہیجا تا با اسلام اوسکو دعوت کرین ہر گاہ کہ اوسکو دعوت کیا کہا اوسنی کہو تم کہ خدای محمد مصطفی
صلی اللہ علیہ وآلہ کس جنس سی ہی مرواریدی ہی یا یاقوت سی طلائی ہی یا نقرئی کہا اونہون نی کہ خدا کسی شی
کی مانند ہی کسی کو سزاوار نہین ہی کہ اللہ کو تشبیہ کسی چیز سی کری پہر ... جماعت نزدیک رسول کی
آئی اور آگاہ کیا گفتار اوسکی سی جناب نبی نی فرمایا کہ بار دیگر اوسکا دعوت کرو اس مرتبہ

بہی اوسنی کہا تا وقتیکہ خدای محمد کو جنس کی حقیقت بیان نکرین ما قبول دعوت نکرین گی اس گفتار کو بھی
سو قف عرض میں پہونچایا حضرت نے فرمایا کہ بار سوم پہر اوسکی دعوت کرو تا جماعت آئے اوسنے تمام
اس مرتبہ بہی وہی گفتگو کی فی الحال سحاب قہر الہی سی صاعقہ ظاہر ہوا اور اوسکو جلایا اور یہ آیہ
نازل ہوئی اور معنی محال کی مجمع البحرین میں شدید العقوبات و نکال کی لکہی ہین اور بعضون نی لکہا ہی
محال مشتق مماحلہ سی ہی بمعنی مکر و عداوت کی ... ہین لیکن کل یعلمان جسوقت ... مکر اور
کید مین اوسکو لاوی قولہ لہ دعوۃ الحق مراد دعوت حق سی دعوت مجابہ ہی ... یعنی کہ جو
اوسکو دعا کرین اجابت کرتا ہی اگر مصلحت جانتا ہی اور ... اسکی مابعد ہی والذین یدعون من دونہ
اہ یا مراد دعا حق سی وہ دعا ہی سزاوار ہی کہ اوس طرح سی دعوت کیا جائی اور بعضون نی لکہا ہی کہ
حق سی مراد حق تعالی ہی اور دعا کہ طرف اوسکی ہی وہ دعای حق ہی قولہ والذین یدعون
اہ ممکن ہی کہ مراد الذین سی اصنام ہون تقدیر الاصنام الذین یدعوہم المشرکون من دونہ
یعنی اسی اصنام کہ بلاتی ہین اونکو مشرک اسیطرح بس حذف کیا گیا راجع کہ وہ ضمیر ہم کی ہی اور باقی
اسکے اسطرح سی ہی المشرکون الذین یدعون الاصنام ... کیا گیا مفعول بسبب
اصنام واسطی دلالت کرنی من دونہ کی اوپر اسی مفعول کی قولہ اصال جمع اصیل کی ہی
اور وہ مابین عصر اور مغرب کے اور تخصیص ان دونو وقتونسی اس جہت سی ہی کہ ظلال انہی دو
وقتون مین بزرگ ہوتا ہی علی بن ابراہیم نی امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ اہل
سموات وہ لوگ کہ جو بغیر سجدہ کرتی ہین ملائکہ ہین اور وہ لوگ کہ جو زمین پر ہین اور سجدہ
کرتی ہین وہ مین کہ جو اسلام مین پیدا ہوئی اور اہل عرب وہ لوگ کہ بسبب کراہت کی سجدہ
وہ جماعت ہین کہ بجبر اونکو با احاطہ اسلام لائی ہون اور وہ لوگ کہ سجدہ نہین کرتی ہین مانند کفار

اور مشرکین کی ہین کہ سایہ انکی خدای تعالی کو سجدہ کرتی ہین صبح کو اور عشا کو اور محل
ہی کہ مراد اس عبارت سے یہہ ہو کہ کافر کہ بدل سجدہ حق تعالی کو نہین کرتی ہین ظلال انکی
سجدہ کرتی ہین اور مراد ظلال سی ابدان انکی ہین کہ وقت نزول مصائب اور حوادث
کی سجدہ خدای تعالی کرتی ہین اور ہرگاہ کہ ابدان تابع ارواح ہین جس طرح سی ظل
تابع ذی ظل ہی ممکن ہی کہ ظل سی مراد ابدان ہون اور ابن انباری نی کہا ہی اور
یقین کہ حق تعالی ظلال کو اس قدر عقل اور ادراک عطا کری سجدہ رب اپنے کا کری اور
محتمل ہی کہ مراد سجود سی انقیاد ہو مجازا یا یہ معنی اگرچہ کفار فرمان بردار اوامر الہی
نہین ہین لیکن ظلال انکی منقاد امر الہی ہین کہ طول اور قصر انکی اطاعت سے ظاہر ہی

قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قُلِ اللَّهُ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُمْ
کہہ تو ای محمد کون ہی پیدا کرنیوالا آسمانون اور زمین کا کہہ اسی محمد خدا ہی حق پیدا کرنیوالا ہی کہہ تو ای محمد آیا پس لیتی ہو تم
مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا
ورای خدا کے دوستان کہ نہین مالک ہین واسطی نفسون اپنی کی نفع اور نہ ضرر کے
قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي
کہہ تو ای محمد کہ آیا برابر ہو سکتی ہین اندہے اور بینا آیا برابر ہو سکتی ہے
الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ
تاریکی اور روشنی بلکہ نہین کر دیا انہون نی واسطی خدا کی شریکان کہ پیدا کیا انہون نی مثل خلق اوس کی پس مشتبہ ہو
الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ
خلق اوپر اونکی. کہہ تو ای محمد کہ خدا خالق تمام شی کا ہی کہ وہ یگانہ غالب ہے

رعد

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ
نازل کرتا ہی آسمان سی پانی کو پس ان ہوی نالی اون کی ساتھ اندازہ اپنی کی پس اوٹھایا
السَّيْلُ زَبَدًا رَابِيًا وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ
سیل نی کف بلند کو اور پیدا ہوتا ہی اوس چیز سی کہ جلاتی ہین لوگ اوسکو واسطی طلب کی بیچ آتش کی واسطی
حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِثْلُهُ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ
زیور کی یا واسطی اوزار و آلات ظروف حرب وغیرہ کی کف اسکی کف آب کی اسی طرح بیان کرتا ہی خدا حق کو
وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ
اور باطل کو پس لیکن کف پس جاتا رہتا ہی درحالیکہ جدا ہوی اور لیکن وہ چیز کہ نفع دیتی
النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ
لوگون کو پس رہ جاتا ہی بیچ زمین کے اسی طرح بیان کرتا ہی خدا
الْأَمْثَالَ ۝ لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَى وَالَّذِينَ لَمْ
مثل کو واسطی اون لوگون کی کہ قبول کیا اونہون نی حکم رب اپنی کا ہی [illegible] اور وہ لوگ کہ نہین
يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ
قبول کیا اونہون نی حکم رب کو اگر ہو واسطی اونکی وہ چیز کہ بیچ زمین کی ہی سب اور مانند اوسکی ساتھ اوسکی ہو
لَافْتَدَوْا بِهِ أُولَئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ
البتہ فدیہ دی وی ساتھ اوسکی وی لوگ واسطی انکی ہی بدی حساب کی اور جای بازگشت انکی جہنم ہی اور برا جگہ ہی جہنم

قولہ تعالی ام جعلوا الخ ام منقطعہ ہی بمعنی بل جعلوا اور ہمزہ انکار ہی یعنی بلکہ نہین
کر دیا ان مشرکون نی واسطی خدا تعالی کی شرکا کہ یہہ صفت رکھتی ہون قولہ تعالی قل اللہ خالق

نصع

مخفی نرہی کہ مجیب وغیرہ ہم اللہ عموم اس آیہ سی استدلال کرتی ہین کہ افعال عباد مخلوق خدا تعالیٰ ہین جواب
اسکا یہ ہی کہ ہر گاہ ابتداء آیہ یعبو ہر باقی ہے یعنی یہ ہی کہ وہ عبادت کہ مشرکین اصنام کی کرتی ہین یہی مخلوق خدا
ہو پس یہ آیہ حجت مشرکین ہو گی حق تعالیٰ پر اسواسطی کہ اس کلام معکوس ہو تو کیونکر کہتی ہین خدا یا تو نی عبادت
اصنام ہم مین خلق کی پس کس طرح ہم سی توبیخ اور سرزنش ہوگی کہا ہی بنا بر اسکی کلام اس آیہ کا کہ توبیخ مشرکین
ہی باطل ہی پس مراد کل شی سی مخصوص آسمان زمین حیوانات و نباتات و جمادات و اصناف خلق جواہر
اور اعراض سی ہو گا سوای حرکات و افعال عباد کی اور معتزلہ نی اس آیہ کریمہ سی استدلال عدم صفات
الہی پر کرتی ہین اسطرح سی کہ اگر صفات خدای تعالیٰ زائد بر ذات ہوں محتاج خالق اور موجد ہونے
کی ہونگی اور خالق اونکا سوای حق تعالیٰ کی اور کوئی نہین ہو سکتا ہی بسبب عموم اس آیہ کی سو اسطی کہ
صفات خدا بھی داخل شی مین ہی اور اگر خدا تعالیٰ خالق اونکا ہو تسلسل لازم آتا ہی اس واسطی کہ بموجب
وجود اور حیات اور علم اور قدرت اور ارادہ کی ایجاد کسی چیز کا احاطہ امکان سی باہر ہی تتمہ
مذہب ائمہ کا یہ ہی کہ صفات الٰہیہ عین ذات ہین اور ممکن ہی کہ مراد عموم خالق کل شی سی یہ ہو کہ
خالق کل شی کا ہی بواسطہ یا بیواسطہ پس صورت مین اعتراض خلق افعال بندہ کا نکی اور لزوم ہونا حقیقی
لازم نہ آویگا قولہ اودیۃ آہ اودیہ جمع وادی ہی اور وادی اصل لغت مین جا ہی پست کو
کہتی ہین کہ جس مین کثرت سے پانی بہے اس آیہ مین مضاف محذوف ہی یعنی فسالت میاہ الاودیۃ
یعنی جاری ہوئی پانی نہرونکی بمقدار اپنی کمی اور زیادتی مین اوس قدر کہ حق جانتا ہی کہ نافع ہی
قولہ زبد مثلہ آہ یعنی طلا اور نقرہ اور مس اور فولاد سے کہ آگ و سے جلاتی ہین
بواسطہ بنانے زیور و آلات حرب وغیرہ کی ایک کف اور ایک میل مانند کف آب کی پیدا ہوتی بنا بر
اسکی کلمہ من کہ ما یوقدون مین ہی واسطی ابتدای غایت کی ہی کہ اس صورت مین معنی مثل ہی جو کہ

ہوتا ہی چنانچہ جمع الجوامع مین تصریح اسکی واقع ہوئی ہی اور ممکن ہی کہ من اسکی تبعیض کے
ہو یعنی پارہ اوس [illegible] کہ آگ و سے جلاتی ہین بواسطہ زیور یا ظروف یا آلات جنگ وغیرہ کے
ایک کف ہی مانند کف سیل کی قولہ الحق والباطل آیہ یعنی اسطرح بیان کرتا ہی حق تعالیٰ مثل
گروہ اہل حق اور باطل کی محصل اسکا یہ ہی کہ حق کو نفع پہنچانی مین اور ثابت رہنی مین تشبیہ دی آب
صاف اور طلا اور نقرہ خالص سی کہ لوگ اوس سی منتفع ہوتی ہین اور مدت دراز باقی رہتا ہے
[illegible] اور شہادت لاطائل کو تشبیہ دیا ہی ساتھ کف آب کی اور مثل فلزات سی کہ لوگ اوس سی
منتفع نہین ہوتی ہین اور نہ مدت کثیر تک رہتی ہی قولہ وبلغہ کم خیر الارض آہ علی بن
ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نی پہچانی ان امثال کی تحقیق مین ایکی کہا ہی یعنی خدا تعالیٰ نی حق کو ساتھ
جبرئیل بھیجا پس لیا اوس حق کو قلوب مومنین نی ساتھ خواہشون اپنی کی صاحبان تقوی زیادتی
یقین اپنی کی اور صاحبان شک نی بمقدار شک اپنی کی پس اوٹھایا ہی اور خواہش مومنان نے
بطلان کثیر کو اور زوائد کو کہ وہ زبد ہی مراد آب صافی سی حق ہی اور مراد اودیہ سی قلوب مومنین کی
محل رہتی اور اعتقاد ہی اور مراد سیل سی ہوا اور خواہش ہی کہ لوگو کو [illegible] خبر دیتی ہین آگ
مراد زبد اور خبث سی خلافت باطل ہی اور متاع حلیہ سی مراد حق ہی اس شخص نی کہ دار دنیا مین حق
اور خبث کو لیا نفع اوس سی نہین پایا ہی اسی طرح سی صاحب باطل روز قیامت نہین نفع پاتا ہی جو حق
قولہ للذین استجابوا معنی اس آیہ مین دو احتمال مین ایک یہ ہی کہ للذین متعلق یضرب اللہ
الامثال کا ہو اس صورت مین الحسنی صفت مفعول مطلق محذوف کی ہی یعنی استجابوا الاستجابۃ الحسنی
و [illegible] کیا اونہون نی ساتھ قبول کرنی نیک کی اور دوسرا یہ ہی کہ للذین استجابوا
کلام مستانف ہو بنا بر اسکی ممکن ہی للذین استجابوا مبتدا ہو اور الحسنی کہ معنی مثوبت حسنی کے

تھی اوسکی موافق عمل کی مجتنب ہے ... اون لوگوں کی ہی قولہ تعالیٰ سوء

الحساب مجمع البیان میں لکھا ہی کہ جناب صادق نے فرمایا ہی کہ سوء الحساب وہی ہی ...

أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ إِنَّمَا

آیا پس وہ شخص کہ جانتا ہی بیشک وہ چیز کہ نازل کی گئی طرف تیری تیرے پروردگار کی ... مانند اوس شخص کی ہی کہ وہ نابینا ہی سوا اسکے نہیں

يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ

پند پکڑتے ہیں مگر صاحبان عقل — وہ لوگ کہ وفا کرتے ہیں ساتھ عہد خدا کی اور نہیں توڑتے

الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ

پیمان کو — اور وہ لوگ کہ وصل کرتے ہیں ساتھ اوس چیز کے کہ حکم کیا خدا نے اسکا ... کہ ملائی جاوے اور ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ

رب اپنے کا اور خوف رکھتے ہیں بدی — حساب سے — اور وہ لوگ کہ صبر کیا اونہوں نے واسطے طلب رضامندی

رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَ

رب اپنے کے اور قایم رکھتے ہیں نماز کو — اور خرچ کرتے ہیں وہ اوس چیز سے کہ روزی دی ہم نے اونکو چھپکے میں اور

عَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى

آشکارا — اور دفع کیا — ساتھ نیکی کے — بدی کو — انکی واسطے ہی انجام نیک

الدَّارِ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ

آخرت کا — باغات میں ہمیشہ رہنے کی کہ داخل ہونگے اوسمیں وہ لوگ اور جو لوگ کہ نیک ہیں باپوں اونکے سے

وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ

اور بیبیاں اونکی سے — اور فرزندان اونکی سے اور فرشتے آویں گے اوپر اونکے

عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ

ہر ایک دروازے سے کہ سلام ہو اوپر تمہارے بسبب صبر کی ... پس کیا اچھا ہی

عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ

سرانجام آخرت کا — اور وہ لوگ کہ توڑتے ہیں — پیمان خدا کو بعد محکم کرنے اوسکی کے

وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ

اور قطع کرتے ہیں اوس چیز کو کہ حکم کیا ہی خدا نے ساتھ اوسکی کہ پیوند کیا جاوے اور فساد کرتے ہیں — بیچ زمین کے

أُولَٰئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ ۝ اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

اونکی واسطے ہی لعنت اور واسطے اونکی ہی بدی آخرت کی — خدا کھولتا ہی روزی کو

لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَاةُ

واسطے اوس شخص کی کہ چاہتا ہی اور تنگ کرتا ہی اور خوش ہوئے وہ ساتھ زندگانی دنیا کی اور نہیں ہی زندگانی

الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ ۝ ع

دنیا بیچ آخرت کے — مگر مایہ قلیل

قولہ تعالیٰ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ تفسیر علی بن ابراہیم میں لکھا ہی کہ ابو الحسن نے فرمایا کہ یہ آیت نازل ہوئی ہی حق آل محمد میں بابت ولایت امیر المومنین علیہ السلام اور ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی قولہ تعالیٰ يَصِلُونَ اصول کافی میں حضرت صادق سے مروی ہی کہ یہ آیہ صلہ رحم آل محمد اور صلہ رحم کل مومنین میں نازل ہوئی ہی اور مجمع البیان میں لکھا ہی کہ ولید بن ابان نے ابی الحسن الرضا سے نقل کی ہی عرض کی ... کہ حق تعالیٰ اس آیہ میں فرماتا ہی قولہ تعالیٰ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ علی بن ابراہیم نے حضرت صادق

علیہ السلام روایت کی ہی کہ حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ نی حضرت علی مرتضی سی فرمایا کہ ای علی
ہر گاہ کہ تو کار بد کرے بعد اوسکی کار نیک بجا لا تا وہ کار نیک محو کرے اوس بد کو لازم ہی
اوپر تیرے کار ہای خوب اسواسطے کہ کار نیک دفع کرتا ہی تمام بدیکو اور یہہ فرمانا حضرت رسالت
واسطے مرتضی کی اس جہت سی نہ تہا کہ اوسی کار بد ہوتا تہا یہہ قول بواسطہ تادیب غیرونکی تہا بلکہ
موید اسکی وہ حدیث ہی کہ علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ ایکروز امیر المومنین
علیہ السلام متوجہ طرف حضرت رسالت پناہ کی ہوئی اوس ہنگام میں کہ وہ حضرت رسالت
دوش عباس پر تکیہ کئی تہی ہر گاہ امیر المومنین نزدیک پہونچی حضرت رسالت پناہ نی دلکو خوب
لی لیا اور پیشانی پر بوسہ دیا بعد اسکی عباس نی امیر المومنین کو سلام کیا اور آنحضرت نی جواب سلام
اسطرح پر دیا کہ جس سی تعظیم و تکریم نہ نکلتی تہی عباس غضبناک ہوئی اور کہا کہ ای رسول خدا علی
اکبر کو نہیں ترک کرتی حضرت نی فرمایا کہ ای عباس حق علی میں ایسی گفتگو نکر اسواسطے قبل اسکی جبرئیل سی
ملاقات ہوئی جبرئیل نی کہا کہ مجھسی اور اون دونو فرشتوں سی ملاقات ہوئی کہ معین مرتضی علی
پر ہیں اونہوں نی ... جسد تیسری علی متولد ہوئی ہیں اوسوقت تک صحیفہ اعمال ذکی میں عمل
نہیں لکہا ہی قولہ تعالی جنات عدن الخ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں ... بیت بلال کی
جنت میں حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ سی روی ہی کہ جنت عدن وسط جنات میں ہی کہ حصار اوسکا یاقوت
سرخ سی ہی اور سنگریزی اوسکی مروارید ہیں اور کتاب خصال میں حضرت صادق سی روی ہی کہ جنات عدن ...
کہ بید قدرت حق تعالی نی اوسکو پیدا کیا ہی اور اصول کافی میں حضرت صادق علیہ السلام سی مروی ہی کہ جناب رسالت
پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا ہی جو شخص کہ چاہی زندگی مثل زندگانی میری اور مری مثل مرنی میری
جنت عدن میں کہ بنایا ہی اسکو حق تعالی نی بدست قدرت اپنی پس چاہئی کہ تولی کری علی ابن ابیطالب کی اور ...

سی ثابت ہوتا ہی کہ جنت عدن ایک حصہ ہی بہشت میں نہ باغ اسکا نام رکہنا بطریق مجاز ہوگا مگر
کہ ہر گاہ محل اوسی ... کا جنت عدن بطریق تسمیہ حال باسم محل ہوگا اور کتاب ثواب الاعمال میں
جناب صادق علیہ السلام سی مروی ہی کہ طوبی ایک درخت ہی جنت عدن میں کہ بویا ہی اوسکو
پیغمبر نی بید قدرت خود نیا ... اسکی نام ... قولہ تعالی سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار
جناب صادق علیہ السلام سی مروی ہی نحن صبر وشیعتنا اصبر منا لانا
نعلم وصبروا علی ما لا یعلمون یعنی ہم صبر کرنیوالی ہیں اور شیعہ ہماری ...
... ہم سب سی اسواسطی کہ ہم صبر کرتی ہیں اوپر علم اور ... ہماری صبر کرتی ہیں
بغیر ... قولہ تعالی والذین ینقضون عہد اللہ تفسیر علی بن ابراہیم میں لکہا ہی والذین
ینقضون من بعد میثاقہ سی اعدای آل محمد مراد ہیں اور میثاق سی ...
لی اوسکو لیا تہا حق امیر المومنین علیہ السلام میں ... عالم ... ملائکہ ...
ویقول الذین کفروا لولا انزل علیہ آیۃ من ربہ قل ان اللہ
اور کہتی ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئی کیوں نہیں نازل کی جاتی اوپر ... آیہ جانب رب کی ... خدا
یضل من یشاء ویہدی الیہ من اناب ۝ الذین آمنوا
... جسکو کہ چاہتا ہی اور راہ دکہلاتا ہی ... شخص نی کہ رجوع کی ... وہ کہ ایمان لائی ...
وتطمئن قلوبہم بذکر اللہ الا بذکر اللہ تطمئن
اور مطمئن ہیں قلوب اونکی ... ساتہہ ذکر خدا کی آگاہ ہو ... کہ ساتہہ ذکر خدا کی مطمئن ہوتی ہیں
القلوب ۝ الذین آمنوا وعملوا الصالحات طوبی
لہم ... اون لوگوں کی کہ ایمان لائی ہیں اور عملہای نیک کئی اونہوں نی خوشی ... ہی

لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ○ كَذٰلِكَ أَرْسَلْنٰكَ فِي أُمَّةٍ

واسطے انکی [illegible] ہے آخر کے اسیطرحسے بھیجا ہمنے تجکو اے محمد بیچ ایک گروہ کے

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا أُمَمٌ لِتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِي أَوْحَيْنَا

تحقیق گذری ہیں آگے اوسکے بہت سی امتیں تاکہ پڑھے تو اوپر اونکے اوس چیز کو کہ وحی کی ہمنے

إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمٰنِ قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

طرف تیری اور حالیکہ وہ انکار کرتے ہیں ساتھ خداے رحمن کے کہہ اے محمد وہی پروردگار میرا ہے نہیں کوئی معبود مگر وہ

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ ○ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ

اوپر اوسکے توکل کیا ہے میں نے اور طرف اوسکی بازگشت ہے میری اور اگر بیشک ہوتا قرآن حرکت دی جاتی

بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِلّٰهِ

بسبب اوسکے پہاڑ یا قطع کی جاتی بسبب اوسکے زمین یا سخن میں لائے جاتے بسبب اوسکے مردے تو بھی قرآن نہ ہوتا بلکہ

الْأَمْرُ جَمِيعًا أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنْ لَوْ يَشَاءُ

حکم سب کیا پس نہیں ناامید ہوئے وہ لوگ کہ ایمان لائے یہ کہ اگر چاہے

اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا

خدا ہر آئنہ ہدایت کرتا سب لوگونکو اور ہمیشہ ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے

تُصِيبُهُمْ بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِنْ دَارِهِمْ

پہنچتی ہے اونکو بسبب اوس چیز کی کہ کرتے ہیں مصیبت سخت یا نزول کرتی ہے بلا نزدیک گھرون اونکی کی

حَتّٰى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ○ وَلَقَدِ

یہانتک کہ آوے وعدہ خدا کا موت یا قیامت یا فتح تحقیق خدا نہیں خلف وعدہ کرتا ہے اور البتہ تحقیق

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ

اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیے گئے رسول آگے تجھسے پس ڈھیل دی میں نے واسطے اون لوگون کے کہ

كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ○ أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ

کافر ہوئے پھر پکڑ لیا میں نے اونکو عذاب میں پس کیونکر ہوا عذاب میرا آیا پس وہ شخص کہ نگہبان ہو

عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ قُلْ سَمُّوهُمْ

اوپر ہر جی کے ساتھ اوس چیز کے کہ عمل کرتا ہے برابر بتون کے ہے اور گردانا اونہون نے واسطے خدا کے شریک کہہ اے محمد نام لو اونکا

أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ مِنَ الْقَوْلِ

آیا خبر دیتے ہو تم خدا کو ساتھ اوس چیز کے کہ نہیں جانتا ہے وہ بیچ زمین کے ہے یا ساتھ ظاہر بات کے

بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ

بلکہ آراستہ کیا واسطے اون لوگونکے کہ کافر ہوئے مکر اونکا اور روکے گئے راہ خدا سے

وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ○ لَهُمْ عَذَابٌ فِي

اور جس شخص کو گمراہ کرے خدا پس نہیں ہے واسطے اوسکے ہدایت کرنے والا واسطے اونکے عذاب ہے بیچ

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَقُّ وَمَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ

زندگانی دنیا کی اور البتہ عذاب آخرت سخت تر ہے اور نہیں ہے واسطے اونکے عذاب خدا سے

مِنْ وَاقٍ ○ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي

کوئی بچانے والا صفت بہشت کی کہ وعدہ دیے گئے ہیں پرہیزگار [illegible] بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا تِلْكَ عُقْبَى

نیچے درختون کی اوسکے نہرین میوہ اوسکا ہمیشہ ہے اور سایہ اوسکا [illegible] عاقبت

الَّذِينَ اتَّقَوا وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ
اون لوگوں کی کہ پرہیزگاری کرتے ہیں اور عاقبت کافروں کی آتش ہے اور ان لوگوں کو کہ دی ہمنے اونکو
الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَنْ
کتاب خوش ہوتے ہیں ساتھ اوس چیز کے کہ نازل کی گئی طرف تیری اور گروہوں سے وہ شخص ہے کہ
يُنْكِرُ بَعْضَهُ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهِ
کہ انکار کرتا ہے بعض اوس قرآن کو کہہ تو اے محمد نہیں امر کیا گیا میں مگر یہ کہ عبادت کروں میں اللہ کی اور نہ شرک لاؤں میں ساتھ اوسکے
إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا
طرف اوسکی بلاتا ہوں میں اور طرف اوسکی بازگشت ہے میری اور اسیطرح سے نازل کیا ہمنے اوسکو کتاب محکم عربی
وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ
اور ہر آئینہ اگر پیروی کرے تو اونکی خواہشوں کی پس بعد اسکے کہ آئی ساتھ تیرے دانائی سے نہوگا واسطے تیرے
مِنَ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ○
عذاب خدا سے کوئی یار مدد کرنیوالا اور نہ بچانے والا

قوله تعالى أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ الَّذِينَ آمَنُوا الخ تفسیر علی بن ابراہیم میں لکھا ہے کہ
الذین آمنوا سے مراد شیعہ ہیں اور ذکر اللہ سے امیر المومنین اور ائمہ علیہم السلام ہیں بنابر اسکی معنی
اس آیت کے یہہ ہیں کہ آرام پاتی ہیں دل ہے شیعیان ساتھ ولایت امیر المومنین اور ائمہ علیہم السلام
اور ممکن ہے ہرگاہ کہ قبول ولایت ائمہ معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین موجب قرب الٰہی اور باعث
ذکر الٰہی ہے بنابر اسکی مذکر اسد تعالى یا قوله تعالى طُوبَىٰ لَهُمْ احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتا ہے کہ طوبی
درخت ہے بہشت میں کہ اصل اوسکی خانہ حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ میں ہے اور [illegible]

اور کوئی خانہ نہیں ہے کہ شاخ اوسکی وہاں نہو اور چشمہ سلسبیل اور کافور بھی اوسی درخت کی
جڑ سے جاری ہیں اور جمیع میوہ جات اور شگوفہ اوسمیں ہیں آور ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ ایک شخص
نے جناب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سے پوچھا کہ طوبی کیا ہے فرمایا کہ نام درخت کا ہے
کہ سایہ اوسکا سو برس کی راہ تک ہے کپڑے اہل بہشت اوسکی شگوفوں سے نکلتی ہیں اور دوسری حدیث
میں منقول ہے کہ ہر برگ اوسکا سایہ ہر ایک خلائق پر ڈالتا ہے اور ایک فرشتہ اوس برگ پر [illegible]
[illegible] کرتا ہے آور وہب بن منبہ سے منقول ہے کہ بہشت میں ایک درخت ہے کہ اوسکو طوبی کہتے ہیں اگر
سوار تیز رفتار سو برس سایہ اوسکی میں چلا جائی اوس سے باہر نکل نہیں سکتا ہے اور [illegible]
سے ہی اور گل اوسکی مشک ہی اور پتا اوسکی [illegible] شہد و عبیر [illegible] اور [illegible]
ہی کہ وہ بیچ مجلس کے بیٹھی ہوتی [illegible] ساتھ [illegible] اور
الواح اونکی یاقوت سے [illegible] طلا [illegible] اور ان
ناقوں پر سوار ہونگی اور [illegible]
کہ وہ ہم اور [illegible] تفسیر [illegible] میں کلینی سے نقل کی ہے کہ ابو صالح [illegible]
[illegible] عباس سے نقل کی ہے کہ جناب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ درخت طوبی خانہ علی بن ابیطالب علیہ السلام
میں ہے کہ سرای ہر مومن میں ایک شاخ اوسکی [illegible] اور حضرات ائمہ معصومین علیہم السلام
سے مروی ہے کہ جناب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سے استفسار کیا گیا کہ [illegible] آپنے ارشاد فرمایا کہ اصل درخت
گھر میں ہے اور شاخ اوسکی خانہائے اہل جنت میں ہیں آور ثانی فرمایا کہ [illegible] اصل اوسکی خانہ
علی بن ابی طالب میں ہے [illegible] فرمایا کہ گھر میرا اور علی کا بہشت میں
ایک ہے بنابر اسکے حدیث [illegible] ہیں کہ سایہ درخت طوبی اور میوہ اوسکا [illegible]

بی قوله تعالی بالرحمن اور یہ کاہ کہ مشرکو نسی کہتی تہی کہ سجدہ کرو رحمن کا کہا اونہوں نی کہ نہیں جانتے
ہم مگر رحمن یمامہ کے مسیلمہ کذاب ہی اور سوای اوسکی رحمان کون ہی اللہ [illegible] نی اونکی جواب میں کہا
قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلٰهَ [illegible] قوله تعالی وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ ہر گاہ کہ جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ کفار
مکہ کو دعوت باسلام کرتی تہی کہتی تہی کہ ہم اوس وقت ایمان لاوینگی کہ بسبب برکت اس قرآن کی پہاڑ
مکہ سی دور جاویں تا ہم تنگی ارض مکہ سی خلاصی پاویں اور زراعت کریں ہم اور بعضی اموات ہمارے
بی برکت اس قرآن کی زندہ ہوں تا حقیقت [illegible] بی دریافت کریں ہم لہذا حق تعالی [illegible]
یہہ آیت نازل کی وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ یعنی اگر ہوتا عالم میں ایسا قرآن کہ برکت اور
تلاوت اوسکی سی حرکت دیجاتی پہاڑ یا قطع کیجاتی بسبب اوسکی زمین یا بولتی بسبب اوسکی مردے تو
یہہ قرآن مقبول اونکی ہوتا بنابر اسکی جواب محذوف ہی اور ممکن ہی کہ جواب کا یہہ ہو کہ [illegible]
وہ کفار ایمان اوس ہنگام میں بہی لاتی قوله تعالی أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ قرارت ائمہ علیہم السلام میں أَفَلَمْ
يَتَبَيَّنِ ہی ابن عباس سی مروی ہی کہ أَفَلَمْ يَيْأَسْ فَلَمْ يَتَبَيَّنْ تہا کاتب نے بسبب شتابی
کی أَفَلَمْ يَيْأَسْ لکہا ہی اور بعضوں نی کہا ہی کہ أَفَلَمْ يَيْأَسِ معنی فَلَمْ يَعْلَمْ کی ہی ایک قوم
قبیلہ نخع [illegible] فَلَمْ يَعْلَمْ کی أَفَلَمْ يَيْأَسِ بولتی ہیں اور کہتی ہیں کہ اطلاق [illegible] علم پر ہو سکتا ہی
اس جہت سی کہ یاس علم کو لازم ہی اس واسطی کہ مایوس کسی چیز سی عالم ہو کا فقدان اوس چیز سی اور بنا پر تفسیر
کی معنی اسطرحسی ہیں کہ آیا ظاہر نہیں ہوا اور بیان نہیں ہوا اور نہ جانا اون لوگوں نی کہ ایمان لائی ہیں اسباتکو
کہ اگر خدا چاہتا ہر آئینہ ہدایت کرتا جمیع مردمان کو لیکن مکلف کیا ہی بقدر عقل و استحقاق اونکی
ثواب یا عقاب پاویں اور اگر [illegible] بہی خود ہو معنی آیہ کی اسطرحسی ہونگی کہ آیا ناامید نہیں ہوی
مومنین ایمان معاندین کفر [illegible] ہای کہ نا امید ہوں یہاں تک کہ وہ جاہلیت [illegible]

حقیقتاً چاہتا سب کو [illegible] مسلمان [illegible] توفیق ایمان کی عطا کرتا لیکن ہر گاہ جبر منافی تکلیف
اس جہت سی حق تعالی نی جبر نہیں کیا اور وہ معاندین حالت کفر میں باقی رہیں کی قوله تعالی أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ
الخ یعنی وہ خدا نگاہ رکہنی والا ہی اور مدبر عالمیان ہی [illegible] اونکی کا برابر نہیں ہی اون
شرکاسی کہ جن میں یہہ اوصاف نہیں ہیں بنابر اسکی خبر أَفَمَنْ ہو کی كَمَنْ لَيْسَ كَذٰلِكَ
ہی کہ وہ محذوف ہی اور محتمل ہی کہ خبر لَمْ يُوَحِّدُوهُ محذوف ہو اس صورت میں وَجَعَلُوا لِلّٰهِ
عطف اسپر ہوگا اور تقدیر اوسکی اسطرحسی ہی أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ
لَمْ يُوَحِّدُوهُ وَجَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ قوله تعالی أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ اور حاصل اس آیت کا
یہہ ہی کہ کہو ای محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کہ ہم او رو وصف ان کرو تم ان شریکوں کا ساتہ ایسی صفات
اور اوصاف کہ لائق اونکی ہوا اور دیکہو تم کہ یہہ لیاقت شرکت اور عبادت کی رکہتی ہیں یا نہیں
بلکہ آیا تم خبر دیتی ہو ساتہ ایسی چیز کی کہ نہیں جانتا ہی خدا اوسکو کہ وہ چیز بیچ زمین کی ہی اسواسطی
کہ تم خبر شریک ہونے کی دیتی ہو حال آنکہ شریک حق تعالی موجود نہیں ہی اور [illegible] اوسکی جملہ محالات سی ہی یا
شریک کرنا بتونکا ظاہر گفتگو میں کرتی ہو اور باطن میں جانتی ہو کہ محال ہی [illegible] تم کہتی ہو [illegible]

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ
اور تحقیق کہ بہیجا ہمنی رسولوں کو آگی تجہسی اور کردانا ہمنی واسطی اونکی
أَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ
زنان اور فرزندان کو اور نہیں چاہیے واسطی رسول کی یہہ کہ لاوے کوئی معجزہ
إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ
مگر ساتہ اذن خدا کی واسطی ہر وقت کی ایک نوشتہ ہی [illegible] کرتا ہی خدا جس چیز کو چاہتا ہی اور [illegible]

وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ

اور نزدیک اسکی اصل کتاب ہے اور اگر دکھلاوین ہم تجکو بعض اوس چیز کو

نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا

کہ وعدہ کیا ہے ہم نے اونکا یا وفات دیوین ہم تجکو پس تحقیق اوپر تیرے مگر پہونچانا احکام کا اور اوپر ہمارے

الْحِسَابُ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ

حساب ہے کیا نہین دیکھتے ہین کافران کہ تحقیق کہ ہم آتی ہین یعنی حکم ہمارا آتا ہے زمین پر کم کرتی ہین ہم

اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ

اوسکے اطراف زمین کا اور خدا حکم کرتا ہی نہیں ہے رد کرنے والا کوئی حکم اوسکی کو اور وہ جلد کرنیوالا

الْحِسَابِ ۝ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ

حساب کا ہی اور تحقیق کہ مکر کیا اون لوگون نے کہ اگلے اون سے تھے پس واسطے خدا کے جزاے مکر کی ہی

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ

جانتا ہے اوس چیز کو کہ کسب کرتا ہی ہر نفس اور قریب ہے کہ جانینگے کفار واسطے کس شخص کے

عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ

نیکی آخرت کی ہی اور کہتے ہین وہ لوگ کہ کافر ہوے نہین ہی تو رسول

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

کہہ تو اے محمد کافی ہی خدا از روے گواہی کی درمیان میرے اور درمیان تمہارے اور وہ شخص کہ نزدیک اوسکے ہے علم قرآن

قولہ وفی ذریۃ الخ جناب صادق علیہ السلام سے مروی ہی کہ بعد قرائت اس آیہ کی فرمایا نحن

ذریۃ رسول اللہ یعنی پس ہم ہین ذریہ رسول اللہ کی مین اور بھی مروی ہی کہ نہی رسول اللہ

رسول اللہ صلعم تھے مانند انبیاء سابق کی حق سبحانہ تعالیٰ نے کردیا تھا واسطے رسول اللہ کی مساوات

انبیاء سابق کی کردیا تھا ازواج اور فرزندان وغیرہ سے پس طبیعت ہوئی کسی کسی سے کہ رسول اللہ کی کہ مسلمان

مسلمان ہوئے ساتھ پیغمبر خدا کی مجالس تفسیر مین حضرت صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے

فی جملہ جیسے کہ انبیاء سابق کو ازواج اور ذریات دی تھی اسی طرح کی حضرت رسالت کو ازواج

اور ذریت عطا کی پس ہم ذریت اونکی مین آخر اسد لاحزنا شمل ما اجری محمد صلعم لاولنا جاری کیا اول

وسطی آخر ہمارے کی مثل اوس چیز کی کہ جاری کیا اسنے واسطے اول ہمارے کی تفسیر عیاشی مین امام حسین سے

مروی ہی کہ ہم ذریت رسول خدا ہین اور لوگ عداوت ہمین کرتی ہی مگر یہ ہی باطل ہیں وہ سب

کی کہ ہمکو ساتھ پیغمبر کے ہی قولہ ام الکتاب الخ مراد ام الکتاب سے لوح محفوظ ہی کہ محو

اثبات سے بری ہی تفسیر علی ابن ابراہیم مین حضرت صادق علیہ السلام سے مروی ہی کہ ہر سال شب قدر

ہوتی ہی ملائکہ اور جبرئیل اور کاتبان اعمال نازل ہوتے ہین آسمان دنیا پر نزول کرتی ہین

پس لکھتی ہین جو کچھ کہ اوس سال مین بقضاے الٰہی ظاہر ہوگا اور جس وقت کہ حق تعالیٰ چاہتا ہے

کسی چیز کو مقدم کرے یا موخر کرے یا نقص کی علم کرتا ہے فرشتی کو محو کا جس چیز کو کہ چاہتا ہے اور ثابت کرتا ہے جسکو

چاہتا ہی اور کہتا ہی کہ بعد اس حدیث کی حضرت سے پوچھا کہ آیا جمیع اشیا کا علم حق تعالیٰ مین ثابت

نہین ہی حضرت نے فرمایا آری ثابت ہی پس کہا کہ کیا چیز بعد اسکی خدا ثابت کرتا ہی حضرت نے

جواب مین فرمایا کہ سبحان اللہ بعد اسکی بھی حادث کرتا ہی خدا جس چیز کو کہ چاہتا ہی تفسیر عیاشی

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے جس وقت مخلوقات کو

مقصود تھی ذریت حضرت آدم کو دکھلائی اسماء انبیاء اور عمر انکی آدم پر عرض کی اور ہر ایک کی عمر داود

پیغمبر کی بس کی معلوم ہوئی عرض کی کہ بار خدایا عمر پیغمبر کی اسقدر دراز او عمر داود کی اسقدر کم

آیا اگر مین کچھ ابھی عمر سے اوسکو دون پس قبض کر کیا تو رجوع کی کہ [illegible] آدم کی عمر سے ساٹھ
برس دیکی ہین حق تعالی نے ثابت رکھی وہ محو ہوا اود کی عمر ستر برس [illegible] حق تعالی کی ہیبت
نہ تھی اور محو کی عمر آدم [illegible] برس کہ وہ نزدیک حقتعالی کی ثابت تھی یہہ ہی معنی قول
حق تعالی یَمْحُو اللّٰهُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْکِتَابِ امام نے فرمایا کہ ایک
مرتبہ آدم کی ملک الموت نے چاہا کہ قبض روح انکی کرے آدم نے کہا کہ ابھی تیس برس میری عمر کے باقی
ہین ملک الموت نے کہا کہ وہ تمنے اپنی فرزند کو بخشی ہین اور اس بخشش کو حق تعالی نے [illegible]
ہی اوسی روز بندونکو حکم کیا ہی کہ معاملون مین کاغذ لکہو کہ عند الحاجت سند ہو اور انکار اوسکا
نکر سکین مروی ہے کہ دو کتابین ہین سوای ام الکتاب کی کہ اونمین محو اور اثبات ہوتا ہی اور
لیکن جو کچھ ام الکتاب مین ہے محو نہین ہوتی اور کتاب قرب الاسناد مین ابو الحسن الرضا سے مروی
ہی کہ حضرت صادق اور امام محمد باقر اور امام زین العابدین اور حسنین علیہم السلام نے فرمایا ہی کہ اگر
یہ یَمْحُو اللّٰهُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ نہوتا ہر آینہ ہم خبر دیتے تمکو جو کچھ کہ قیامت تک ہونا ہے تنبیہ
معلوم ہو کہ ہم نہو در صورتیکہ کل ما یکون الی القیمة علم الہی مین ہی پس معنی محو و اثبات بجا ہونے مین
اسواسطے [illegible] اثبات بنا بر اعلم خدا کی ہین کہ بمقتضائی مصلحت [illegible] ایک حکم
کرتا ہی اور وقت دیگر مین محو اسکا مثل اسکی کہ حق تعالی ایک اجل کو واسطے ایک بندی کی لکھتا ہے
ہر گاہ کہ وہ بندہ دعا کرتا ہی یا صدقہ دیتا ہی یا کوئی طاعت بجا لاتا ہے اور مصلحت مقتضائی زیادہ عمر
اوسکی کی ہوتی ہی پس اوس اجل مکتوب کو حق تعالی محو کرتا ہی اور بجای اوسکی زیادہ کو ثبت کرتا ہے
اور یا بعضی احکام شرایع کو [illegible] نی کی نسخ کرتا ہی اور حکم دیگر کو ثابت کرتا ہی حق تعالی [illegible]
حفظ سی اوپر [illegible] کو کہ خبر اوس [illegible] نہین ہوتی اور یہی محو اور اثبات بنا بر اسکی ہی [illegible]

ابراہیم

کہ علم مین جمیع امور [illegible] ہی پس مجبوریت حق تعالی کی لازم آتی ہی لیکن حق تعالی نے یہہ نازل
کی کہ ہمکو اب بھی طاقت محو و اثبات کی ہی وجود اس امر کی کہ علم تابع معلوم کے اور یہ معلوم تابع علم
ہین در حقیقت علم اشیا باعث مجبوری کا نہین ہوتا ہی قوله تعالی وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْکِتَابِ مجمع البیان
مین حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ اونحضرت نے دست مبارک اپنی سینہ پر رکھکر
فرمایا کہ عِنْدَنَا وَاللّٰهِ عِلْمُ الْکِتَابِ کلا اور کتاب احتجاج مین حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے مروی ہی
[illegible] جو عِنْدَهٗ عِلْمُ الْکِتَابِ یعنی مراد ہم ہین علم الکتاب سے اور مجمع البیان مین لکہا کہ ذات [illegible]
[illegible] علیہم السلام اور [illegible] علی علیہ السلام علم الکتاب [illegible]
[illegible] اور درمیان [illegible] نزدیک حق تعالی [illegible] قرآن [illegible]
میم اور وال ہی [illegible] کتاب کا اور تفسیر مین لکہا ہی کہ حضرت رسالتمآب
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مراد من عندہ علم الکتاب سی علی بن ابی طالب علیہ السلام ہین

سورۃ ابراہیم مکیہ [illegible] آیاتہا [illegible] کلماتہا [illegible] حروفہا [illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

مین خدا ہی ہون [illegible] یہ کتاب ہی [illegible] تاکہ نکالی تو لوگونکو تاریکی کفر سے

اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ اللّٰهِ

[illegible] روشنی ایمان کی بحکم توفیق پروردگار اونکی کی طرف راہ غالب ستودہ خدا کی

الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَوَیْلٌ

[illegible] خدا کہ واسطے اوسکی ہی [illegible] آسمانونکی ہی اور [illegible] زمین کی [illegible]

لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۞ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ

واسطی کافرونکی عذاب سخت سی جیسی وہ کافر کہ دوست رکہتی ہین

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

زندگانی دنیا کو اوپر آخرت کے اور باز رکہتی ہین لوگونکو راہ خدا سے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۞ وَمَآ

اور طلب کرتی ہین زندگی دنیا کو از راہ کجی کی یہہ گروہ بیچ گمراہی دور و دراز کے ہین اور نہین

اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ

بہیجا ہمنے کسی پیغمبر کو مگر ساتہ زبان قوم اوسکی کی تاکہ بیان کرے واسطے اونکی

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

پس ترک کرتا ہی خدا جس شخص کو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہی جسکو کہ چاہتا ہے اور وہ خدا غالب ہے

الْحَكِيْمُ ۞ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ

حکیم ہی اور ہر آئینہ تحقیق کہ بہیجا ہمنے موسی کو ساتہ معجزات اپنے کے کہ یہہ کہ نکال تو

قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ

قوم اپنی کو تاریکی کفر سی طرف روشنی نور کی اور پند دی اونکو ساتہ روزہاء خدا کی

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۞ وَاِذْ قَالَ

در ستیکہ بیچ اس پند کی ہر آئینہ دلالتین ہین واسطی ہر صبر کنندہ شکر کرنیوالی کی اور یاد کر جسوقت کہ کہا

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ

موسی نے واسطی قوم اپنی کی یاد کرو تم نعمت خدا کو کہ اوپر تمہارے ہی ہر گاہ کہ نجات دی تمکو

ع

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ

قوم فرعون سے کہ پہنچاتی تہی تمکو بدی عذاب کی اور ذبح کرتی تہی

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۞

فرزندان تمہارے کو اور زندہ رکہتی تہی عورات تمہاری کو اور بیچ اسکی آزمایش تہی جانب پروردگار تمہاری کی بزرگ

ابی عبد اللہ علیہ السلام سی روایت ہی کہ جو شخص سورہ ابراہیم علیہ السلام اور سورہ

حجر کو ہر نماز جمعہ مین پڑہی درویشی اور دیوانگی اور بلا اوسکو نہین ہوگی باذن

ربہم مراد اذن سی حکم پروردگار ہی اور حاصل اس کا یہہ ہے کہ ناچار کرے

تو لوگون کو تاریکیہای کفر ہی اور نفاق سی بسبب روشنی ایمان کی ساتہ حکم پروردگار

اون کی کی طرف راہ خداوند غالب کی کہ تعریف اوسکی مشہور ہے اور مراد

صراط عزیز سی راہ اسلام ہے

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ

اور یاد کرو تم ای بنی اسرائیل جسوقت کہ آگاہ کیا پروردگار تمہارے نے ہر آئینہ اگر شکر کرو تم نعمت زیادہ کرونگا مین در سبیل نعمت اپنی کو اور اگر کفران کرو تم

اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۞ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ

در ستیکہ عذاب میرا ہر آئینہ سخت ہی اور کہا موسی نے اگر کفران نعمت کرو تم تم

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۞ اَلَمْ يَاْتِكُمْ

اور وہ شخص کہ بیچ زمین کے ہین سب پس در ستیکہ خدا ہر آئینہ بی نیاز اور ستودہ ہے آیا نہین آئی تمکو

نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۞ وَالَّذِيْنَ

خبر اون لوگونکی کہ آگی تمہارے تہی قوم نوح اور عاد اور ثمود کی اور وہ لوگ

مِنْ بَعْدِهِمْ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللّٰهُ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
کو بعد اونکی ہی نہیں جانتا اونکو مگر خدا آئی اونکو پیغمبران اونکی

بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا
ساتھ معجزات کی پس پھیرا اونہوں نے ہاتھوں اپنی کو بیچ منہ اپنی کی اور کہا اونہوں نے ہمنے انکار کیا

بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ
ساتھ اوس چیز کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اوسکی اور تحقیق ہم البتہ بیچ شک کے ہیں اوس چیز سے کہ بلاتے ہو ہمکو طرف اوسکی شک میں ڈالنے والا

قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ
کہا پیغمبران اونکی نی آیا بیچ خدا کی شک ہی ایسا خدا کہ پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ
بلاتا ہی خدا تمکو واسطے تاکہ بخشے واسطے تمہارے گناہان تمہارے کو اور تاخیر میں ڈالے تمکو اجل

مُسَمًّى قَالُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا تُرِيدُونَ أَنْ
مقرر تک کہا اونہوں نے نہیں ہو تم مگر آدمی مانند ہمارے چاہتے ہو تم یہ کہ

تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ
باز رکھو ہمکو اوس چیز سے کہ تھی عبادت کرتے پدران ہمارے پس لاؤ واسطے ہمارے ساتھ حجت روشن کے

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِنْ نَحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللّٰهَ
کہا واسطے اونکی پیغمبران اونکی نی نہیں ہیں ہم مگر آدمی مانند تمہارے اور لیکن خدا

يَمُنُّ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَمَا كَانَ لَنَا أَنْ نَأْتِيَكُمْ
منت رکھتا ہے اوپر جس شخص کے چاہتا ہے بندوں اپنے سی اور نہیں ہے واسطے ہمارے یہ کہ لاویں تمہارے پاس

بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ
معجزہ مگر ساتھ حکم خدا اور اوپر خدا کی پس چاہیے کہ توکل کریں ایمان والے

وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ
اور کیا واسطے ہمارے یہ کہ نہ توکل کریں اوپر خدا کے حال آنکہ دکھلائی ہمکو راہ ہماری اور البتہ صبر کرینگے ہم

ع عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ
اوپر اوس چیز کے کہ ایذا دیتی ہو ہمکو اور اوپر خدا کے پس چاہیے کہ توکل کریں توکل کرنیوالے قولہ

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ آیا نہیں آئی تمکو یہ سرگذشت یعنی
بجا لانا شتابی کی ہی یعنی البتہ خبر آئی اونکی جو لوگ پہلی تمہارے تھے گروہ نوح اور قبیلہ عاد اور
قبائل ثمود کی اور خبر اونکی جو بعد اونکی تھے کہ نہیں جانتا شمار اونکا بسبب کثرت کے مگر خدا تعالی ابن
عباس سے نقل کی ہی کہ درمیان عدنان کہ نام ہی جد او رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کا اور ابراہیم
علیہ السلام کی تیس قرن گذری کوئی خبر نہیں کہتا ہی مگر خدا تعالی آئی پیغمبران اونکی ساتھ
دلیلیں ظاہر ... کہ وہ کتاب خدا کی تھے یا معجزات اونکی پس پھیر لیتی تھی اپنی ہاتوں کو طرف اپنی منہ
میں یعنی غصہ سی اپنی ہاتوں کو بیچ دانت کے لیتی تھی اور کاٹتی تھی یہاں تک کہ تحقیق ہوتی غالب
ہوتا تھا اونکو یہی کہ تحقیق ہم منکر ہیں اونکے ساتھ اوس چیز کی کہ تم بھیجے گئے ہو ساتھ اوسکی اور تحقیق ہم
بیچ ... شبہ ... اوس چیز کے جسکی دعوت کرتی ہو تم طرف اوسکی توحید اور ایمان
شک ... اضطراب ... ہیں ... پیغمبران

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِنْ أَرْضِنَا
اور کہا اون لوگوں نے کہ کافر ہوئے واسطے پیغمبران اپنی کے البتہ نکالینگے ہم تمکو زمین اپنی سے

أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

یا پھر آؤ تم بیچ دین ہمارے کی پس وحی کی طرف اونکی رب اونکی نے البتہ ہلاک کرینگے ہم

الظَّالِمِينَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ذَٰلِكَ

کافروں کو اور البتہ ساکن کرینگے ہم تمکو بیچ زمین کی بعد ہلاک اون کافروں کی یہ

لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ۝ وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ

واسطے اوس شخص کی ہی کہ خوف کری مقام کھڑے ہونے میرے سے اور خوف کری وعدہ عذاب میری سے اور فتح چاہی اونہوں نے اور نامراد ہوا

كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مِنْ وَرَائِهِ جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ مِنْ مَاءٍ

ہر سرکش خلاف کرنیوالا پیچھے اوسکے جہنم ہے اور پلایا جاتا ہے پانی سے پیپ کا

صَدِيدٍ ۝ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ

نگلتا ہی اور حال یہ کہ تکلیف دیتا اوسکو تھوڑا تھوڑا اور نہیں قریب ہے کہ پی سکے اوسکو اور آتی ہے اوسکو موت ۝

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۖ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ

ہر جانب سے اور نہیں ہے وہ مردہ کہ آسائش ہو اور آگے اوسکی عذاب سخت ہی

مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ

مثل اون لوگوں کی کہ کافر ہوے ساتھ رب اپنے کی اعمال اونکی مانند خاکستر کی ہیں کہ شدت چلی

بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا

اوس پر ہوا بیچ دن ہوا تند کے کہ نہیں قادر ہیں وہ کفار اوس چیز سے کہ کسب کیا اونہوں نے

عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ

اوپر کسی چیز کے یہ وہی گمراہی دور ہے کیا نہیں جانتا تو اے محمد کہ بیشک خدا نے

خلق

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ

پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو ساتھ حق کے اگر چاہے جانی ہلاک کرے تمکو اور لاوے

بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ۝ وَبَرَزُوا لِلَّهِ

خلق نو کو اور نہیں ہی یہہ اوپر خدا کی دشوار اور ظاہر ہونگی واسطی حکم خدا کے

جَمِيعًا فَقَالَ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

سب پس کہا ضعیفوں نے واسطی اون لوگوں کی کہ سرکشی کی بیشک تھی ہم واسطی تمہارے تابع پس آیا

أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ قَالُوا لَوْ هَدَانَا اللَّهُ

تم ہو دفع کرنیوالے ہمسی کچھ عذاب خدا سے کسی چیز کو کہا متکبروں نے اگر ہدایت دیتا ہمکو خدا

ع لَهَدَيْنَاكُمْ ۖ سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَحِيصٍ ۝ وَقَالَ

البتہ ہم ہدایت کرتے تمکو برابر ہی اوپر ہمارے خواہ جزع کریں ہم یا صبر کریں نہیں ہی ہمارے واسطے کوئی جگہ بھاگنے کی

لا یہدی یعنی قادر ہونگے کفار اوس چیز پر کہ کسب کیا تھا اونہوں نے دار دنیا میں عطا اور صلہ کفار

ثواب بنیاد دین کی سو جلی گئے اعمال اونکی بنا بر نیت قرب نہیں ہی کچھ ثواب و اجر عمل

وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ

اور کہا شیطان نے جب کہ جاری کیا گیا حکم دخول بہشت کا بیشک خدا نے وعدہ دیا تھا تمکو وعدہ

الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ ۖ وَمَا كَانَ لِيَ

سچ اور وعدہ دیا میں نے تمکو پس وعدہ خلافی کی میں نے تمکو اور نہیں ہی واسطی میرے

عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ إِلَّا أَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِي

اوپر تمہارے کوئی تسلط اور غلبہ مگر یہہ کہ بلایا تمکو پس قبول کیا تمنے بات میری

فلا تلوموني ولوموا انفسكم ما انا بمصرخكم وما انتم

پس مت ملامت کرو تم مجھکو اور ملامت کرو تم نفسوں اپنی کو نہین ہون مین فریادرس تمہارا اور نہین ہو تم

بمصرخي اني كفرت بما اشركتمون من قبل ان الظالمين

فریادرس میرے در حقیقت مین بیزار ہوا بسبب اوس چیز کی کہ شریک کیا تمنی مجھکو آگے اس سے تحقیق ظالمونکی

لهم عذاب اليم ۝ وادخل الذين امنوا وعملوا الصالحات

واسطے انکے عذاب دردناک اور داخل کئی جاوینگے وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کرتی ہین عملہائے نیک

جنات تجري من تحتها الانهار خالدين فيها

بیچ بہشتونکی کہ جاری ہوتی ہین نیچی درختونکی نہرین کہ ہمیشہ رہین گی بیچ اوسکی

باذن ربهم تحيتهم فيها سلام ۝ الم تر كيف

ساتھ حکم رب انکی کی تحیت ملائکہ کی اونکی بیچ جنات کی سلام ہوا کیا نہین دیکھا تونے کیسے

ضرب الله مثلا كلمة طيبة كشجرة طيبة اصلها

بیان کیا خدا نے مثل کو یعنی کردانا کلمہ طیب کو مانند درخت پاکیزہ کے کہ بیچ اوسکی

ثابت وفرعها في السماء ۝ تؤتي اكلها كل حين باذن

ثابت ہے اور شاخین اوسکی بیچ آسمان کی دیتا ہے میوہ اپنا ہر وقت مین ساتھ فرمان

ربها ويضرب الله الامثال للناس لعلهم يتذكرون ۝

رب کی اور بیان کرتا ہی خدا مثل کو واسطے لوگونکی شاید کہ وہ پند لین

ومثل كلمة خبيثة كشجرة خبيثة اجتثت من

اور مثل سخن زشت کی مانند درخت ناپاک کی ہی اوکھاڑا گیا ہو

فوق

ابراهيم

فوق الارض ما لها من قرار ۝ يثبت الله الذين

اوپر زمین کی کہ نہین ہے واسطے اوسکی ثبات ثابت کرتا ہی خدا اون لوگونکو

امنوا بالقول الثابت في الحيوة الدنيا وفي الاخرة

کہ ایمان لائے ساتھ سخن ثابت کے بیچ زندگانی دنیا کی اور بیچ قبر کی

ع ويضل الله الظالمين ويفعل الله ما يشاء ۝

اور گمراہ کرتا ہی خدا کافرونکو اور کرتا ہے خدا جس چیز کو چاہتا ہے

فوائد کلمة طیبة مراد کلمہ طیب سی کلمہ پاکیزہ لا اله الا الله ہی جو علامت اقرار کرنا باسلام ہی اس کلمہ طیبہ کو تشبیہ دی ہی ساتھ درخت خرما کی اسلئے کہ بیچ اوسکی زمین مین محکم اور استوار ہی اور شاخ اوسکی جانب آسمان کی ہی اور ریشہ سا لغہ ہی نہایت بلند مین اصل ہوتی ہین اور میوے اوسکی ہر وقت اور بعضون نے لکھا ہی کہ درخت سے مراد حبہ ہی مینہ وقت سنی اور وقت پکنی ایسے تمر خرما اوس سے حاصل ہوتا ہی اور حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ سی منقول ہے کہ مثل اسلام مانند اوس درخت کی ہی کہ اول موسن مین اصل ایمان محکم ہی اور جسم اوس درخت کا نماز ہی اور ثمرہ اوسکا روزہ ماہ رمضان ہے اور پوست اوسکا خوشخوئی ہی اور برگ اوسکی گو ہم ہیں حضرت امام محمد باقر سے مروی ہی کہ مراد شجرہ سی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ہین اور فرع اسکی علی بن ابیطالب علیہ السلام ہین اور شاخ گوہرک جناب فاطمہ ہین اور ثمر اوسکا اولاد اونکی ہین اور اوراق اوسکی شیعہ ہین بعد اسکی فرمایا کہ اگر کوئی شیعہ ہمارے مرتا ہی تو ایک برگ جھڑ جاتا ہے اور ہر گاہ پیدا ہوتا ہے تو ایک برگ نیا پیدا ہوتا ہے

الم تر الى الذين بدلوا نعمت الله كفرا واحلوا قومهم

آیا نہین دیکھا تونے طرف اون لوگونکی کہ تبدیل کیا اونہون نے نعمت خدا کو بکفران اور داخل کیا قوم اپنی کو

دار البوار ○ جهنم يصلونها وبئس القرار ○ وجعلوا

یعنی ہلاکت کا گھر کہ وہ جہنم ہی داخل ہونگے اوسمین اور برا ہی جای قرار اور کردانا اونہون نے

لله اندادا ليضلوا عن سبيله قل تمتعوا فان مصيركم

واسطی خدا کی شریک تاکہ گمراہ کرین لوگونکو راہ خدا سے کہہ تو اے محمد فایدہ مند ہوؤ پس بیشک بازگشت تمہاری

الى النار ○ قل لعبادي الذين امنوا يقيموا الصلوة

طرف دوزخ کی ہی کہہ تو اے محمد واسطے بندگان میری کی ایسی وہ بندے کہ ایمان لائے قائم رکہین نماز کو

وينفقوا مما رزقناهم سرا وعلانية من قبل ان ياتي

اور خرچ کرین اوس چیز کو کہ روزی دیا ہے ہم نے اونکو پوشیدہ اور آشکارا قبل اسکی کہ آوے وہ

يوم لا بيع فيه ولا خلال ○ الله الذي خلق السموات

دن کہ نہ خرید و فروخت ہے بیچ اوسکی اور نہ دوستی خدا ایسا ہے کہ پیدا کیا آسمانون

والارض وانزل من السماء ماء فاخرج به من الثمرات

اور زمین کو اور نازل کیا آسمان سے پانی کو پس نکالا اوسی پانی سے انواع میوون کو

رزقا لكم وسخر لكم الفلك لتجري في البحر بامره وسخر لكم

در حالیکہ وہ میوے روزی ہی واسطے تمہارے اور تابع کیا واسطے تمہارے کشتیونکو تاکہ جاری ہون بیچ دریا ساتھ فرمان خدا کے اور تابع کیا

الانهار ○ وسخر لكم الشمس والقمر دائبين وسخر لكم

نہرونکو اور تابع کیا واسطے تمہارے آفتاب اور ماہتاب در حالیکہ ہمیشہ حرکت کرنے والے ہیں

الليل والنهار ○ واتكم من كل ما سالتموه وان تعدوا

حاجات اپنی مین اور دیا تمکو موافق مصلحت کے بعضی ہر چیز سے کہ سوال کیا تمنے اوسکا اور اگر جانچو

نعمت الله لا تحصوها ان الانسان لظلوم كفار ○

نعمت خدا کو بیشمار کر سکوگی تم اوسکا بیشک آدمی ہر آئینہ کثیر الظلم ہی اور شدید الکفر ہی

قوله تعالى قل لعبادي الذين امنوا يقيموا الصلوة وينفقوا الآية واسطی محمد ہی حکم کرتا ہے

بندونکو کہ جو ایمان لائی ہین نماز کو ادا کرین اور زکوۃ دین یا تیری حکم کرنی سی غرض دا کرین

اور نفقہ دینی ادا سے زکوۃ فرض ہی اور تمام نفقہ واجبی مثل کہانا دینا باپ و ماں و جورو وغیرہ

انکو کا اوس چیز سی کہ ہمنے اونکو روزی دی ہی اور تحت ہی نفقہ دنیا حال پوشیدہ اور ظاہر مین مراد ہی

کہ ہر حال نفقہ دینی کا شغل رکہین اور نزدیک اکثر علما کی مراد پوشیدہ سے مراد دنیا کہ نفل ہو اور ظاہر سے

مراد دنیا واجب ہی مثل زکوۃ واجبی وغیرہ کی اور دینی نفلی مین پوشیدہ کرنا اسواسطی بہتر ہی

کہ ریا سی دور ہی اور دینی واجبی مین ظاہر اسواسطی ہی کہ رفع تہمت کا ہو جاتا ہی حاصل یہہ ہی

کہ حق تعالی فرماتا ہی کہ کہہ دے تو کہ نماز پڑہین اور زکوۃ دین پہلی اوس دن کی کہ جسمین خرید

اور فروخت نہو تاکہ جسکی کچہہ نہین ہی وہ کچہہ خرید کی تدارک اوس سی اپنی کمی کا کی کرنا

مراد اوس سے روز قیامت ہے یعنی قبل قیامت کے اعمال نیک کرو اور نہین وہ روز ہی کہ دوستی

کری ساتہہ کسی کی کہ موجب شفاعت اوسکی کا ہو قوله تعالى ان وسخر لكم الليل و

